حاضرات مطلوب خاص

روحوں کے ساتھ کچھ تجربے

راولپنڈی ڈرا / پرائز بانڈ کی دنیا

مادہ پرست جاپانیوں کے دل میں مذہبی روح

اسماء الحسنیٰ

عمل نفاق

شرف زہرہ

کرامات جفر

علوی و سفلی موکلین

تحریر: محی الدین ابن عربی

فی حکمتہ خلق القمر و الکواکب

چانداور ستاروں کی حکمت کے بارے

فرمان الٰہی: تبارک الذی جعل فی السماء بروجاً و جعل فیھا سراجاً و قمراً منیراً

(ترجمہ): اور وہ ذات بابرکت ہے جس نے آسمان میں برج بنائے اور ایک چراغ چمکتا ہوا چاند بنایا۔

یہ بات یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے رات تمام اشیاء کے لئے سکون واطمینان والی بنائی ہے اور اسے اتنی تاریکی کی چادر نہیں پہنائی کہ کوئی کام ہی ناممکن ہو جائے کیونکہ بسا اوقات دن میں گرمی کی شدت اور ٹائم کی قلت کی وجہ سے لوگوں کو رات میں کام وکاج کی ضرورت محسوس ہوتی ہے ان ساری چیزوں کی وجہ سے اس ذات نے چاند کو پیدا کیا اور اسے پرسکون روشنی سے نوازا کیونکہ لوگ اسی روشنی سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور راحت محسوس کرتے ہیں اور اگر چاند بھی نہ نکلا ہو تو ذات وحدہ لاشریک نے سیارے بھی بنائے ہیں جو کہ آسمان کی زینت اور اہل ارض کے لئے فائدہ مند اور مشعل راہ ہیں اور اسی چاند کی بدولت لوگ سال و ماہ کا تقرر کرتے ہیں۔ یہ ان کے لئے نعمت عظیم اور پھر ان ستاروں کی مدد بھی معمولی نہیں سخت قسم کی وحشت والی راتوں میں مسافر انہی کی وجہ سے تو صحیح راستوں کا تعین کرتے ہیں اور ان سے کئی ایسے ناممکن کام لیتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

و هو الذی جعل لکم النجوم لتهتدوا بها فی ظلمات البر و البحر

اور وہی ذات باری ہے جس نے ستاروں کو تمہارے لئے مشعل راہ بنایا کہ تم اپنے لئے ان ہی کی مدد سے خشکی اور تری کے راستوں کا تعین کرتے ہو۔

اور یہ ستارے چاند کے ساتھ چمکتے دمکتے ہیں کبھی طلوع اور کبھی غروب اور کبھی درمیان میں آسمان کی زینت اور تمہارے راحت ولطف اندوزی کا ذریعہ ہیں اور پھر سیارے بھی جو تیزی سے اپنی مسافت طے کرتے ہیں اور چوبیس گھنٹوں میں اپنی مسافت مکمل کر لیتے ہیں اور ان میں قدرت نے ایک خاص نظام رکھا ہے جو کسی سال طلوع ہوتے ہیں اور کسی سال نہیں۔

ثریا، جوزا اور شعری یہ سارے اکٹھے ہی طلوع نہیں ہوتے اگر یہ اکٹھے ہی طلوع ہوں تو لوگ کسی چیز سے جاہل نہ رہیں کیونکہ ان کے وجود کی وجہ سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں کیونکہ یہ ایسی نشانیاں ہیں جو لوگوں کے لئے مشعل راہ ہیں۔ جو کبھی غروب نہیں ہوتے اور سورج اور چاند کی طرح ان کی بھی کئی منازل ہیں اور بروج دانیہ میں نقل وحرکت کرتے رہتے ہیں اور یہ آسمان اس سورج، چاند، ستاروں اور سیاروں اور بروج کی وجہ سے گردش میں رہتا ہے اور جانوروں اور انسانوں کی مدد اور زندگی کیلئے سال میں چار موسموں کے ساتھ گردش میں رہتا ہے اور یہ سارا کمال اسی ذات واحد کا ہے جس کے علاوہ کوئی الٰہ نہیں اور اسی نے ہی تو ہر چیز کو ترتیب دیا ہوا ہے جو لمبی مدت سے بغیر کسی خرابی کے رواں دواں اور اپنے وقت کی پابند ہے بیشک وہ ذات پاک ہے اور ہر چیز کا علم رکھنے والا اور قدرت والا ہے۔

عطارد تربیع مریخ

10 فروری بوقت صبح 07-02

کاروبار فیکٹری میں ناکامی نقصان

جب یہ ضروری ہو کہ کسی ظالم یا ناہنجار فرد کا بزنس نقصان اور تباہی کا شکار کیا جائے یا اس کی فیکٹری اور مشین وغیرہ کو کام کرنے سے روک دیا جائے تو عین اس نظر کے وقت کوری مٹی کے برتن پر درج ذیل نقش بمعہ چال و شرائط تحریر کریں۔ اب جس فرد کے لیے عمل تیار کرنا ہے اس کا نام بمعہ والدہ نقش کے نیچے بمعہ عزیمت تحریر کر دیں۔ اس کوری مٹی کے برتن کو کسی پرانی پوشیدہ قبر میں ڈال دیں اور تماشہ دیکھیں۔ یہ عمل کرنے کے بعد قبرستان میں کھڑے کھڑے سات بار "سورہ الم ترکیف" پڑھیں اور دشمن یا مخالف کا تصور کر کے اس کی تباہی کی نیت سے اس پر پھونک دیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ہوا کا رخ اس طرح ہو کہ یہ پھونک آپ کی طرف واپس نہ آئے۔ نقش بمعہ چال و عزیمت درج ذیل ہے:-

نقش

۲۳۶	۲۴۹	۲۴۶	۲۴۳
۲۴۷	۲۴۲	۲۳۷	۲۴۸
۲۴۱	۲۴۴	۲۵۱	۲۳۸
۲۵۰	۲۳۹	۲۴۰	۲۴۵

چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اللھم اسدد کل فعل الظالم

زہرہ تربیع زحل

16 فروری بوقت دوپہر 58-02

دوسروں کے پیدا کردہ مسائل سے نجات

وہ لوگ جو دوسروں کے لیے مسائل کا باعث ہوں اور بلاوجہ ایک کے بعد دوسری پریشانی پیدا کرنے کا باعث ہوں۔ ان کے لیے ایسی ہی جوابی کاروائی کے لیے درج ذیل نقش مطابق چال تحریر کر کے کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ نقش شرائط کے مطابق تحریر کریں۔ اس کے اثرات سے مقابل مختلف مسائل اور پریشانیوں کا شکار ہو جائے گا۔

نقش

۱۷۶	۱۸۹	۱۸۱	۱۷۲	۱۸۵
۱۷۰	۱۸۸	۱۷۴	۱۹۲	۱۷۹
۱۹۰	۱۸۲	۱۶۸	۱۸۶	۱۷۷
۱۸۴	۱۷۵	۱۹۳	۱۸۰	۱۷۱
۱۸۳	۱۶۹	۱۸۷	۱۷۳	۱۹۱

چال

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

اللھم دفر الظالم و الجائر فلان بن فلان واخزلہ

شمس تثلیث زحل

25 فروری رات 15-09

حصول حاجات اور ثابت قدمی

مندرجہ بالا مقاصد کے لیے درج ذیل نقش کو بمطابق چال و شرائط تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں۔ ساتھ اسم الٰہی 'یا وھاب' کو روزانہ چھ سو مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنا لے۔ نقش، چال اور عزیمت درج ذیل ہے۔

نقش

۱۸۸	۱۸۱	۱۸۶
۱۸۳	۱۸۵	۱۸۷

چال

۸	۱	۶
۳	۵	۷

۴	۹	۲

۱۸۴	۱۸۹	۱۸۲

اللھم انك قادر علی کلی شیء اقض حاجة فلاں بن فلاں

عطارد تثلیث زحل

29 فروری صبح 21-06

انتظامی امور میں مہارت اور کامیابی

درج ذیل نقش کو چاندی یا سونے پر کندہ کروا کر اپنے دفتر میں اونچی جگہ پر لگا دیں۔ انشاء اللہ جس دفتر یا فیکٹری میں ہوں گے وہاں آپ کی بصیرت اور معاملہ فہمی کا چرچا ہو جائے گا۔ اس طرح کی ضرورت ایسے لوگوں کو زیادہ ہوتی ہے جن کے ماتحت کافی کام کرنے والے لوگ/ ملازم ہوتے ہیں۔ انتظامی عہدے پر فائز لوگ یا ایسے لوگ جو اپنے دفتر یا فیکٹری وغیرہ میں تمام معاملات کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ لوح پر فرد کا نام بمعہ والدہ درج ذیل عزیمت کی شکل میں کندہ کریں۔ ساتھ ہی اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم الٰہی یا بصیر کا ذکر روزانہ کریں۔

چال

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

نقش

۷۳	۸۶	۷۸	۶۹	۸۲
۶۷	۸۵	۷۱	۸۹	۷۶
۸۷	۷۹	۶۵	۸۳	۷۴
۸۱	۷۲	۹۰	۷۷	۶۸
۸۰	۶۶	۸۴	۷۰	۸۸

اللھم اعزواکرم فلاں بن فلاں بمکان عملہ واتہ قوة الانتظام

شرف قمر

25 فروری صبح 25-06 تا صبح 23-08

برائے متفرق اعمال

جو بھی مقصد ہو اس کو ایک لفظ میں مقید کر دیں۔ یعنی مقصد کے حوالے سے ایسے لفظ کا چناؤ کریں جس میں آپ کا سارا مدعا آ جائے۔ اس لفظ کے تمام حروف کو جدا جدا تحریر کریں۔ جتنے بھی حروف حاصل ہوں ان سے منسوبی اسماء الٰہی لے لیں۔ ان کے اعداد بمعہ سائل اور اگر مطلوب ہو تو مطلوب کے اعداد باہم جمع کر لیں۔

کل اعداد سے چار نقش مثلث چاروں چالوں سے تیار کریں۔ نقش عین وقت پر مطابق چال و شرائط تیار کریں ورنہ اثر نہ ہوگا۔ آبی نقش کو پانی میں بہا دیں۔ بادی کو ہوادار جگہ پر باندھ دیں۔ خاکی کو زمین میں یا وزن کے نیچے دفن کر دیں۔ آتش کو جلا دیں۔

جو اسماء الٰہی استخراج ہوئے تھے اپنے نام کے اعداد کے مطابق چالیس دن ان کا ذکر کریں۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہوگا۔

یہ عمل شرف قمر اور شرف زہرہ دونوں میں کیا جا سکتا ہے۔ جو خود تیار نہ کر سکیں وہ سات سو روپے ہدیہ ارسال کر کے تیار کروا سکتے ہیں۔

الکلام الحاجات

علوی و سفلی موکلین

از: عامل حاجی محبوب علی خان غوری۔

میں قائدین وشائقین رسالہ راہنمائے عملیات کا شکریہ گزار ہوں جنہوں نے میرا پہلا مضمون پڑھ کر مجھے داد دی۔ اور پھر جنتری 2004 میں دیئے گئے میرے مضامین کو سراہا۔ اور میری حوصلہ افزائی کی۔ میں شائقین علوم جفر و علم اعداد اور علوی سفلی موکلین کا بھی شکر گزار ہوں کہ میں جو بھی مضمون تحریر کرتا ہوں۔ وہ سچ پر مبنی ہے اور عرصہ سے خود میرے اپنے آباؤ اجداد کا تجربہ شدہ ہے۔ اب تک میرے مضمون کے خلاف کسی بھی عامل نے یہ نہیں کہا کہ یہ مضمون غلط ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے میں جناب خالد اسحاق راٹھور کا از حد شکر گزار ہوں کہ انہوں نے عربی فارسی کی نہایت پرانی بوسیدہ کتابوں کے ترجمے کر کے لوگوں کے علم میں اضافہ کیا۔

خاص کر اب نئی کتاب تحریر جابر بن حیان مصنف جناب عالی مقام امام جعفر صادق جو کہ علوم جفر کے بانی تھے کی کتاب (مفتاح الرموز و اسرار الکنوز) کا ترجمہ کر کے لوگوں کو حیران کر دیا۔ کہ یہ کتاب کس جگہ سے حاصل کر کے اس کا ترجمہ کر کے لوگوں کے علم میں اضافہ کیا۔ اتنی پرانی کتاب کا ملنا اور پھر لفظ بہ لفظ ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہ ہے۔ اس کتاب کی اشاعت سے پتہ چلا ہے کہ خالد اسحاق راٹھور صاحب جن کے شوق میں یہ چیز شامل ہے کہ پرانی سے پرانی کتابیں حاصل کر کے لوگوں کو فائدہ پہنچایا جائے اور علم میں اضافہ کیا جائے۔

جناب خالد اسحاق راٹھور دن رات ایسی مصری، عربی، یمنی، ترکی اور ایرانی لائبریوں سے بوسیدہ کتابیں لے کر ترجمہ کر کے لوگوں کے علم میں اضافہ کر رہے ہیں۔ اللہ ان کو ہمیشہ اس نیک کام کے لیے زندہ سلامت رکھے اور ہم شائقین ان کی کتابوں سے فیض یاب ہو کر اپنے علم میں اضافہ کرتے چلیں۔

آج میں شائقین رسالہ راہنمائے عملیات کے لیے ایک ایسا قرآنی عمل سورۃ اخلاص بمعہ موکلین و سفلی موکلین پیش کر رہا ہوں اور طریقہ اور عمل تحریر کر رہا ہوں جو کہ الکلام الحاجات علوی موکلین و سفلی موکلین کے نام پر تحریر ہے۔

کلام: بسم اللہ الرحمن الرحیم: قل ھو اللہ احد o اللہ الصمد o لم یلد ولم یولد o ولم یکن لہ کفواً احد o بحق یا عطرائیلُ و شمعُیوشْ وبحق طاطائیل و عطیُوش۔

مذکورہ کلام سورۃ اخلاص بمعہ علوی و سفلی موکلین طریقہ یہ ہے کہ چاند کی پہلی جمعرات سے شروع کر کے اگلے چاند کی پہلی جمعرات تک عمل روزانہ بعد نماز عشاء 313 مرتبہ کیا جائے کپڑے صاف ستھرے ہوں۔ کمرے میں خوشبودار اگربتی جلائیں اور عمل کو روزانہ سونے سے پہلے پڑھ کر بستر پر لیٹ جائیں۔ دوران پڑھائی خانہ کعبہ کا کوئی نقشہ دیکھ کر تصور کو باندھ لیں۔ اور یکسوئی کے ساتھ اپنے آپ کو خانہ کعبہ کے سامنے دروازے پر کھڑا ہونے کا تصور باندھ لیں۔ عمل ایک ماہ میں مکمل کرنا ہے۔ جمعرات سے جمعرات تک کوئی ناغہ نہ ہو۔ وقت مقرر پر رات کو گیارہ بجے یا دس بجے سونے سے پہلے کر کے فوراً سو جانا ہے کسی سے کلام نہ کریں۔

پرہیز: 1- دوران عمل دخل انداز غیر لوگوں سے بچیں۔ 2- مچھلی، انڈا، گوشت بالکل نہ کھائیں، ہلکی خوراک استعمال کریں۔ 3- دوران عمل بیوی سے دور رہیں۔ علیحدہ کمرے میں عمل کریں۔ 4- دوران عمل اگر کوئی باہر سے بلائے بھی تو جواب نہ دیں۔ 5- موکلین علوی و موکلین سفلی دروازے پر آ کر شور مچائیں تو دھیان نہ دیں۔ ان موکلین سے انسان کو کوئی خطرہ نہ ہے۔ حصار کی قطعی ضرورت نہ ہے۔ 6- جس گھر

میں بچہ پیدا ہو گیا ہو چلہ تک وہاں نہ جائیں۔ قبرستان کے اندر سے نہ گزریں۔ بلکہ قبرستان کے باہر کھڑے ہو کر دعا پڑھ لیں اور صاحب قبر کو سلام کہہ دیں۔ عمل مکمل ہو جانے پر روزانہ 108 مرتبہ سونے سے پہلے پڑھنا ہو گا۔

فوائد: 1-مقدمہ بازی/عدالت وغیرہ کے اندر داخل ہونے سے پہلے سیدھے ہاتھ پر 41 دفعہ پڑھ کر پھونک کر مٹھی بند کر لیں اور عدالت کے اندر کھول دیں۔ عدالت کا جج آپ کی مدد پر آمادہ ہو جائے گا۔

2-دو شخصوں کے درمیان کھڑے ہو کر 11 مرتبہ پڑھیں۔ دونوں اشخاص کی صلح ہو جائے گی۔

3-چینی پر پڑھ کر دم 11 مرتبہ کر کے معصوم بچے کو کھلا دیں۔ رونا بند ہو جائے گا۔ بچہ طاقتور ہو جائے گا اور خواب میں نہ ڈرے گا۔ اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

4-اونٹ کی ہڈی پر پڑھ کر گھر کے دروازے دوکان کے دروازے کے اُوپر لٹکا دیں چور ڈاکو سے گھر دوکان محفوظ سمجھیں بلکہ خالی گھر کے اندر گھسنے والے ڈاکو اندھے ہو جائیں گے۔ اُونٹ کی ہڈی پر 313 مرتبہ پڑھنا ہو گا۔

5-سحر زدہ مریض، جادو زدہ مریض کو عرق گلاب پر پڑھ کر سہ روزہ ایک گھونٹ نہار منہ پلانے سے جادو ٹونہ، عمل تعویذات، مسان وغیرہ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ 313 مرتبہ پڑھنا ہو گا۔

6-قبرستان جا کر اپنے آباؤ اجداد، رشتہ داروں کی قبر پر پاؤں کی طرف بیٹھ کر جمعرات کے دن 108 مرتبہ پڑھ کر گھر آ جائیں رات کو خواب میں ملاقات روح مطلوبہ سے ہو جائے گی۔

7-اٹھراہ کی مریضہ کو تعویذ کی طرح بنا کر 313 مرتبہ پڑھیں اور بطور تعویذ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اٹھراہ ختم۔ بچہ غصہ والا ضرور ہو جائے گا مگر یہ بلا سے محفوظ ہو جائے گا یاد رکھیں چمڑے میں تعویذ کو بند نہ کریں۔ بلکہ چاندی کا تعویذ ہو۔

8-چاندی کی تختی پر جمعرات کے دن مشرق کی طرف منہ کر کے سنار سے پوری کلام لکھوا لیں۔ اور موم جامہ یا لیمینیشن کروا کر جیب میں رکھیں۔ روپیہ پیسہ فراخ ہو گا رزق میں اضافہ ہو گا۔ یہ عمل ہر کام کے لیے بہتر ہے۔ تجربہ کر کے دیکھ لیں۔ مجھے اور میرے آباؤ اجداد کو دعا دیں جنہوں نے مجھے یہ عمل عطا کیا ہے۔ (اجازت عام ہے۔ جواب طلب اُمور کے لیے خالد اسحاق راٹھور صاحب سے رابطہ کریں)۔

☆☆☆☆☆

رحمکاریہ الجفر

حاضرات مطلوب خاص

از: شعیب الرحمٰن، کاکاخیل۔

زہرہ دورہ فلک طے کرتا ہوا جب برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ اس سال شرف زہرہ 5 فروری دوپہر سے 6 فروری صبح تک ہو گی۔ آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لئے حاضرات مطلوب خاص کا ایک طریقہ کار درج کیا جا رہا ہے۔

اعداد اسماء باری تعالیٰ = 1557

اعداد سورۃ یوسف آیت ۳۱ = 3969

سور بقرہ کی آیت ۱۶۵ کے اعداد = 1493

سورہ طہٰ کی آیت ۳۹ کے اعداد = 2123

سورۃ ممتحنہ کی آیت ۷ کے اعداد = 3799

ان سب کے اعداد کو جمع کیا گیا تو کل اعداد = 12941

مقصد محبت جلب قلب القلوب کے اعداد = 450.

طالب واصف شاہ بمعہ والدہ = 1798

مطلوب انیسہ بمعہ والدہ = 636

طریقہ یوں ہے۔ پہلے چار خانوں میں مطلوب بمعہ والدہ کے اعداد لکھ کر 22222 کا اضافہ کریں اب خانہ نمبر 5 میں نام طالب بمعہ والدہ کے اعداد لکھ کر خانہ نمبر 8 تک 22,22 کا اضافہ کریں۔ اب خانہ نمبر 9 سے خانہ 12 تک مقصد محبت کے اعداد لکھ کر 22,22 کا اضافہ کریں گے۔ اب خانہ نمبر 4۔ نمبر 7۔ نمبر 10 کو آپس میں جمع کر کے کل اعداد 12941 سے تفریق کر کے خانہ نمبر 13 سے خانہ نمبر 16 تک 22,22 کا اضافہ کریں۔

اس میں کل چار نقش لکھنے ہیں اس میں ایک نقش اپنے پاس رکھیں دوسرا نقش راستے میں دفن کر دیں تیسرا نقش درخت کے ساتھ باندھ دیں چوتھا نقش آگ کے نیچے دبا دیں جہاں آگ جلتی ہو اس کی طرف منہ کر کے یا ددو مطلوب بمعہ والدہ کے اعداد

تحریر: قیوم رضا ڈیرہ اسماعیل خان۔

جن دو ذاتوں میں خلاف شرع ناجائز تعلقات ہوں۔ یا دو شخصوں کا ملاپ آپ کو نقصان پہنچا رہا ہو تو یہ عمل باہمی تفریق اور جدائی کے لیے اکسیر کا اثر رکھتا ہے۔ آزمودہ اور تجربہ شدہ ہے۔ مگر ناجائز جگہ پر محض اپنے فائدے کے لیے یہ عمل نہ کریں ورنہ خود عنداللہ ذمہ دار ہوں گے۔ آیت پاک **مرج البحرین یلتقین بین هما برزخ لایبغین** (پارہ ۲۷ سورہ رحمٰن) اس آیت پاک کے اعداد ابجد ۳۱۶۴ ہیں۔ زرد رنگ کے کاغذ پر اس کا مثلث لکھو اور نقش کے نیچے ان دونوں کا نام معہ والدہ کے لکھ کر چولھے میں اس ترکیب سے گاڑ دو کہ گرم بھی رہے اور جلنے بھی نہ پائے۔ اب دوسرے زرد کاغذ پر اس آیت پاک کے حروف جُدا جُدا کر کے یلتقین تک لکھو پھر ان دونوں کے نام کے حروف جدا جدا کر کے لکھو اس کے بعد بقایا سورۃ پاک کے حروف لکھو تمام حروف اس طریق سے لکھو کہ درمیان میں ایسا فاصلہ رہے کہ ہر حرف جُدا جُدا کر کے لکھو اس کے بعد بقایا سورہ پاک کے حروف لکھو تمام حروف اس طریق سے لکھو کہ درمیان میں ایسا فاصلہ رہے کہ ہر حرف جُدا جُدا کاٹ لیا جائے اب ان تمام حروف کو قینچی سے ترتیب وار کاٹو۔ مگر یہ لحاظ رہے کہ کوئی حرف اول آخر نہ ہونے پائے جس ترتیب سے لکھے ہیں۔ اسی طرح قینچی سے کاٹ کر رکھتے جاؤ۔ اب اس چولھے میں جس میں تعویذ دفن ہے آگ جلاؤ اور خود چولھے کی طرف پشت کر کے بیٹھو۔ اب ایک پرچہ اُٹھاؤ اور تین مرتبہ یہی آیت پڑھ کر اور پیچھے کی طرف ہاتھ کر کے آگ میں ڈال دو اسی طرح تمام حروف ختم کر دو بس عمل ختم ہوا۔ چولھے والا تعویذ دفن رہنے دو اب دوسرے دن پھر تمام حروف لکھ کر اسی طرح جلاؤ۔ سات دن اسی طرح کرو۔ چولھے والا نقش ایک ہی رہے۔ اللہ نے چاہا تو سات دن میں ان دونوں میں مفارقت ہو جائے گی۔ عمل کرنے کا وقت روزانہ بعد زوال آفتاب ہے (دن کے بارہ بجے کے بعد) مہینہ کوئی ہو۔ مگر ۲۳ تاریخ کو شروع کر دو اور ۲۹ تاریخ کو ختم کر دو۔ جب جدائی ہو جائے تو نقش کو چولھے سے نکال کر جلا دو۔ مگر اس چولھے کی راکھ نکال کر زمین میں دفن کر دو۔ سات دن ہو چکے مگر ابھی جدائی نہیں ہوئی تو حروف لکھنا اور جلانا ختم کر دو مگر چولھے والا نقش دفن رہے۔ اللہ نے چاہا تو جلد مفارقت ہوگی۔

۱۰۵۸	۱۰۵۰	۱۰۵۶
۱۰۵۲	۱۰۵۵	۱۰۵۷
۱۰۵۴	۱۰۵۹	۱۰۵۱

☆☆☆☆☆

کے مطابق پڑھیں اور یہ عمل گیارہ دن کرنا ہے انشاء اللہ گیارہ دن میں مطلوب حاضر ہوگا۔ عمل جائز اور ناجائز کو دیکھ کر کرنا ہے کیونکہ ناجائز کرنے سے آپ کی زندگی کو خطرہ ہو سکتا ہے چاروں طرف نقش کی میزان 12941 آئے گی۔

۱۳	۱۰	۷	۴
۳	۸	۹	۱۴
۱۲	۱۵	۲	۵
۶	۱	۱۶	۱۱

نقش

شفقیائیل　　۷۸۶　　شمکائیل

۹۹۲۵	۴۷۲	۱۸۴۲	۷۰۲
۶۸۰	۱۸۶۴	۳۵۰	۹۹۴۷
۵۱۶	۹۹۶۹	۶۵۸	۱۷۹۸
۱۸۲۰	۲۳۶	۹۹۹۱	۴۹۴

ختم شد۔

روحوں کے ساتھ کچھ تجربے

ابنِ انشاء

یہ سرگزشت جو میں آپ کو سنانے لگا ہوں اتنی عجیب و غریب ہے کہ شائد آپ کو یقین نہ آئے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ یہ سانحہ میری ذات پر گزرا ہوتا تو میں خود اس پر یقین نہ کرتا اور بایں ہمہ معذرت اس قصے کے راوی کو ایک ایسا عطائی حکیم خیال کرتا جو اپنی بات یہاں سے شروع کرتے ہیں کہ حضرات میں اشتہاری حکیم نہیں ہوں (بلکہ کلرک ہو)۔

میرے جاننے والوں کا حلقہ کافی وسیع ہے اور وہ لوگ جانتے ہیں کہ مجھ میں اور چاہے ہزار عیب ہوں لیکن میں توہم پرست ہرگز نہیں ہوں۔ اس سانحہ سے پہلے' مجھ سے کوئی اگر یہ کہتا کہ عالمِ بالا کی روحوں سے نامہ و پیام ممکن ہے تو میں یقیناً اس شخص کو پرلے درجے کا گاؤدی اور گھامڑ سمجھتا لیکن صاحب اب تو واردات خود مجھ پر گزری ہے۔ میں نے اس سانحے کی روداد پورے سات سال اپنے سینے میں امانت رکھی ہے لیکن اب میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ سائنس کی دلچسپی کی چیز ہے۔ یہ انکشافات اتنے قیمتی اور عہد آفرین ہیں کہ اس سلسلے میں مزید خاموشی جرم ہے۔ انہیں اپنے تک محدود رکھنا دنیا کے ساتھ سخت بے انصافی ہوگی۔

یہ 1942ء کی بات ہے۔ ان دنوں میں لاہور کے اسلامیہ کالج میں پڑھتا تھا اور میوہ منڈی میں ایک مکان کی دوسری دوسری منزل پر رہتا تھا۔ میرے مکان کے نیچے یعنی نچلی منزل پر ایک چارپائی فروش کی دوکان تھی۔ ممکن ہے وہ شخص مجھے پہچانتا ہو۔ اور اگر وہ شخص مر نہیں گیا تو کوئی وجہ نہیں کہ میری بات کی تصدیق نہ کرے۔

میں نیا نیا فسٹ ائر میں آیا تھا اس لیے میرا حلقہ احباب بھی محدود تھا۔ لے دے کے ایک دوست تھے لیکن صحیح قسم کے دوست۔ آج کل تو ایسا دوست چراغ لے کر ڈھونڈیں تب بھی نہیں ملے گا۔ ان سے عید کی نماز میں ملاقات ہوئی تھی۔ نام ان کا میں اب بھول رہا ہوں۔ چوہدری فضل کریم تھا یا چوہدری قادر بخش۔ بہرحال ہم اسے چوہدری صاحب ہی کہا کرتے تھے۔ نہایب خلیق اور شفیق قسم کے آدمی تھے۔ دوپہر کا کھانا وہ بالالتزام میرے ہاں کھایا کرتے جب تک تمہارے ساتھ بیٹھ کر دوپہر کا کھانا نہ کھاؤں واللہ لطف نہیں آتا۔ شام کا کھانا وہ غالباً اپنے گھر پر کھاتے تھے اور اکیلے کھاتے تھے۔ انہوں نے ایک دوبارہ معذرت کے طور پر کہا کہ اگر چند در چند مجبوریاں راہ میں حائل نہ ہوتیں تو وہ شام کا کھانا بھی میرے ساتھ ہی کھایا کرتے۔

بہرحال چوہدری صاحب جن کا نام میں اس وقت بھول رہا ہوں' پیسہ اخبار اسٹریٹ میں رہا کرتے تھے۔ حد درجے کے ملنسار (لیکن یہ بات تو شاید میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں) ایک دن سردیوں کے دن تھے' ہم دونوں دیر سے گھر میں چارپائی پر آلتی پالتی مارے آمنے سامنے بیٹھے چائے پی رہے تھے۔ اس روز گھر سے میرے خرچ کا منی آڈر آیا تھا اور جیسا کہ آپ اگلے صفحوں میں میری روداد پڑھ کر کہیں گے۔ یہ حُسن اتفاق تھا۔ میری خوش قسمتی تھی۔ بات اللہ جانے کیا ہو رہی تھی کہ اچانک انہوں نے مجھ سے سوال کیا۔

"کیا تم بھوت پریت پر یقین رکھتے ہو"

میرے بدن کے روئیں کھڑے ہو گئے اور ایک جھرجھری سی پاؤں کے تلوؤں سے اٹھی اور کھوپڑی کو چٹخاتی ہوئی نکل گئی۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں میں توہم پرست یا اعصابی مریض نہیں ہوں لیکن یہ بات ہی کچھ ایسی تھی۔ سوال ہی کچھ ایسا غیر متوقع تھا کہ آپ میری جگہ ہوتے تو........ خیر۔

چوہدری صاحب نے ایک منٹ تک میرے جواب کا انتظار کیا اور اس کے بعد کہا میرا مطلب ہے کیا آپ حیاتِ بعد الممات پر یقین رکھتے ہیں "حیات بعد الممات"؟ میں سوچتا رہا!

معلوم ہوتا ہے۔ یہ بات تمہاری سمجھ میں نہیں آتی۔ زیادہ واضح الفاظ میں کوئی تین چار منٹ آنکھیں جھپکا جھپکا کر ان کی طرف دیکھتا رہا۔ یہ بات نہیں کہ میں ان کی بات سمجھا نہیں تھا۔ البتہ ویسے ہی یہ معاملہ عقل سے کچھ باہر معلوم ہوتا تھا۔

آخر چوہدری صاحب نے خود ہی بات کی ابتداء کر کے میری مشکل آسان کر دی۔ "رات میں نے زید کو دیکھا"۔

"آپ نے رات زید کو دیکھا"؟ کیا مطلب۔ دراصل میرا ماتھا اسی وقت ٹھنکا تھا کہ ہو نہ ہو زید اصل نام نہیں ہے۔

چنانچہ میرا قیاس درست ثابت ہوا۔ چوہدری صاحب نے کہا

"دراصل" میں جس شخص کا ذکر کر رہا ہوں اس کا نام لینا مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ مجھے اُمید ہے آپ بھی اس شخصیت کے نام کے انکشاف کے لیے ضد نہیں کریں گے' اسے زید ہی کہنا مناسب ہوگا۔ ہاں تو میں نے زید کو بالکل ایسی حالت میں دیکھا جیسے وہ زندہ ہو اور جسمی طور پر میرے سامنے موجود ہو لیکن معلوم ہوتا ہے تم زید کو جانتے نہیں اس لیے مناسب یہی ہے کہ میں اس معاملہ میں ذرا تفصیل اور صراحت سے کام لوں"۔

زید میرے عزیز ترین دوستوں میں سے تھا۔ بالکل جیسے آپ ہیں' دراصل میں نے اب تک دنیا میں صرف چار آدمیوں کو صحیح معنوں میں اپنا دوست بنایا ہے۔ ان میں سے ایک زید بیچارہ تو اللہ کو پیارا ہو چکا ہے۔ دوسرا گردشِ روزگار کے ہاتھوں پاگل خانے میں ہے۔ تیسرا منٹگمری کی عادی مجرموں کی جیل میں ہے۔ اور چوتھے آپ ہیں۔ لیکن باقی دو چھوڑ کر اس وقت صرف زید کے تذکرے سے مطلب ہے۔ وہ یو۔پی کے ایک شہر "لا" کا رہنے والا تھا۔ "لا"؟ میں نے کہا۔ یو۔پی میں تو ایسا کوئی شہر نہیں۔ میں خود یو۔پی کا رہنے والا ہوں"

چوہدری صاحب نے کہا "تمہاری بات ٹھیک ہے۔ مجھے معلوم تھا تم یہ سوال کرو گے۔ دراصل "لا" اس شہر کا اصل نام نہیں ہے لیکن رازداری کے خیال سے اگر میں اصل نام کی بجائے الجبرے کی علامت استعمال کروں تو آپ برا نہ مانئے گا۔ یہ ضروری ہے"۔

میں پہلے تو چونکا لیکن پھر سمجھ گیا کہ ابابیل بھی اصل نام نہیں ہے۔ اور معاملہ ایسا ہے کہ افشائے راز شاید اس کہانی کے کرداروں کے لیے مہلک ثابت ہو۔ ہاں تو جس وقت زید کی ابابیل سے شناسائی ہوئی۔ اس وقت زید نے ایک بکرا پال رکھا تھا جس کا نام بھی مصلحتاً "ج" رکھنا چاہیے"۔ "بہت خوب آگے چلئے" اب بات جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "شناسائی کے بعد نوبت یہاں تک پہنچی کہ ان کی سگائی ہو گئی اور اس کے بعد شادی کا دن مقرر ہو گیا"۔

شادی سے کوئی ایک ہفتے پہلے وہ میرے پاس آیا۔ اس کا رنگ پیلا پڑ رہا تھا اور میرا خیال ہے ہاتھ پاؤں کانپ بھی رہے تھے۔ اسے تھوڑی دیر پہلے اپنی موت کی نشانی دکھائی دی تھی۔ اس شام ابابیل کے ساتھ دوسری منزل کے چھجے پر بیٹھے زید نے کہا دیکھا کہ سامنے سڑک پر "ج" یعنی ان کے بکرے کا سایہ گزرا ہے۔ جھٹ پٹے کا وقت تھا اور ہلکی ہلکی چاندنی چٹک رہی تھی۔ ابابیل کا تو یہ کہنا ہے کہ وہ "ج" کا سایہ نہیں بلکہ خود "ج" (یعنی بکرا) تھا لیکن زید وثوق سے کہتا تھا کہ وہ "ج" یعنی بکرا نہیں بلکہ اس کا سایہ یعنی اس کی روح تھی' مجھے زید کی بات کا یقین ہے۔ وہ جھوٹ کبھی نہیں بولتا تھا۔ اس معاملے میں ایک عجیب بات یہ ہے کہ زید کی ساس کو بھی بکرا نہیں بلکہ بکرے کا سایہ نظر آیا تھا۔ ساس لاعلاج رتوندھی کی مریض تھی لیکن اس سے امر واقعہ پر کوئی خاص اثر نہیں پڑتا"۔

"قطعاً نہیں پڑتا"۔ میں نے کہا۔ "آپ کہتے جایئے"۔

چوہدری صاحب نے ایک منٹ توقف کیا اور اس کے بعد اپنی داستان پھر شروع کی۔ اس عجیب واقعے سے زید نے یہ مطلب لیا اور بجا طور پر لیا کہ اس کی موت نزدیک ہے۔ اب وہ کوئی دن کا مہمان ہے۔ مجھے خود اس بات کا یقین ہو گیا تھا لیکن میں نے اس کا حوصلہ بڑھانے کے لیے کہا یہ محض تمہارا وہم ہے۔ ڈرنے کی کوئی بات نہیں۔ بقول شاعر:-

تم سلامت رہو گے ہزار برس--- ہر برس کے ہوں (گے) دن پچاس ہزار

لیکن یہ بات اس کے دل میں کچھ اس طرح بیٹھ گئی تھی کہ میرے ڈھارس بندھانے کا اس پر بالکل کوئی اثر نہ ہوا۔ اور اسے یقین ہو گیا کہ وہ اگلی صبح تک زندہ نہیں رہے گا۔

میں نے بے صبری سے کہا "تو گویا وہ اسی رات مر گیا"۔

چوہدری صاحب نے میری بے تابی پر مسکراتے ہوئے کہا "تم صبر سے میری بات سنتے جاؤ۔ اس میں عجیب بات یہی تو ہے کہ وہ اس رات نہیں مرا"۔

"اچھا۔ آگے چلئے"۔

اگلی صبح وہ حسب معمول گیارہ بجے اٹھا۔ حسب معمول بغیر نہائے دھوئے کپڑے پہنے۔ حسب معمول لیٹ دفتر گیا اور اس شام حسب معمول دفتر کا وقت ختم ہونے سے پہلے گھر واپس آ گیا۔

میں نے کہا۔ "ایک منٹ ٹھہریئے۔ کیا اس شام اس کا انتقال ہو گیا"؟ چوہدری صاحب نے کہا نہیں۔ حیرت کی بات تو یہی ہے کہ اس شام بھی وہ نہیں مرا۔ اس شام وہ حسب معمول سویا۔ اس کی خادمہ کا بیان ہے کہ وہ رات بھر اس کے خراٹے سنتی رہی ہے۔ البتہ صبح کو وہ بیدار ہوا تو خراٹے یکایک بند ہو گئے۔

میں نے کہا۔ "یہ تو بڑی عجیب بات ہے پھر کیا ہوا"۔

"اگلی صبح وہ اٹھا تو بظاہر بھلا چنگا اور چاق و چوبند تھا البتہ سر میں خفیف سا درد تھا۔ اسی روز وہ مجھے ملا ہے تو قطعاً اس میں کوئی ایسی بات دکھائی نہ دی جس سے پتہ چلے کہ اس کے بدترین اندیشے پورے ہونے والے ہیں"۔

میرے دل میں پھر ایک سوال اٹھا لیکن میں اسے ضبط کر گیا۔

خیر اس کی شادی کا دن نزدیک آ گیا۔ اس روز وہ صبح سات بجے اٹھا

اور دس بجے۔ دس بجے اس کی شادی ہو گئی۔

میں نے کہا۔ "ناممکن۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ کیا کوئی بھی حادثہ رونما نہیں ہوا۔ کیا بخیر و خوبی دونوں کی شادی ہو گئی؟"۔

اس نے کہا۔ "ہاں دونوں کی شادی ٹھیک وقت پر ہو گئی اور بخیر و خوبی ہو گئی۔ شادی کے بعد مسٹر زید اور بیگم زید......." میں نے سر کھجاتے ہوئے کہا۔ "ٹھہرو۔ یہ بیگم زید کون............"

"میرا مطلب ابابیل سے ہے۔ شادی کے بعد شہر "ج" میں جا کر آباد ہو گئے اور اس کے بعد "د" چلے گئے۔ میں نے خود انہیں ریلوے اسٹیشن پر رخصت کیا"۔

چوہدری صاحب نے پہلو بدل کر اپنی داستان ایک منٹ کے توقف سے پھر شروع کی۔ "اس بات کو اب پانچ سال ہو چکے ہیں پہلے مجھے اس کے خطوط باقاعدہ ملا کرتے تھے۔ یعنی مہینے میں دو خط آ ہی جایا کرتے تھے۔ اس کے بعد دو مہینے میں ایک خط کا دستور ہو گیا۔ پھر چھ مہینے بعد خط آنے لگا۔ پھر سال بھر بعد اور کل اس کا آخری خط آئے ڈیڑھ سال پورا ہوا ہے"۔

میں چوکس ہو کر بیٹھا اور پورے دھیان سے سننے لگا۔

کل رات۔ وہ میرے کمرے میں نمودار ہوا۔ یوں کہنا چاہیے کہ اس کی روح نمودار ہوئی۔ بلکہ زیادہ صحیح الفاظ میں اس کا "ظہور الروح مابعد فنا الجسم" ہوا۔ یہ تم جانتے ہو کہ میں آدمی مضبوط دل گردے کا ہوں۔ اس لیے مجھ پر کسی قسم کی دہشت یا سراسیمگی طاری نہ ہوئی۔ وہ عجیب و غریب اشارے کر رہا تھا۔ کبھی خالی ہاتھ دکھاتا تھا۔ کبھی جیبیں تھپتھپاتا تھا۔ آخر اس نے اپنی جیبیں الٹ دیں اور وہ بالکل خالی تھیں۔ میں اس پر بھی اس کے اشاروں کا مطلب نہ سمجھا تو اس نے میز پر سے پنسل اٹھا کر اینڈے بینڈے الفاظ میں اس پر لکھا۔

"کل رات... بیس روپے..... ضروری"

اس کے بعد چوہدری صاحب خاموش ہو گئے میں بھی گہری سوچ میں ڈوب گیا آخر میں نے کہا "اس کا مطلب صاف تو کچھ سمجھ میں آتا نہیں تم نے اس کے کیا معنی نکالے؟"

چوہدری صاحب نے کہا۔ "میری سمجھ کے مطابق تو اس کا یہ مطلب ہے کہ اسے آج رات بیس روپے کی ضرورت ہے"۔ میں کہا۔ "ہاں میری سمجھ میں بھی یہی مطلب آتا ہے لیکن تم یہ روپے اُس تک کیسے پہنچاؤ گے"۔

اس نے کہا "میرا ارادہ ایک تجربہ کرنے کا ہے۔ ویسے یہ جان جوکھوں کا کام ہے لیکن اس کی علمی اہمیت بڑی زبردست ہو گی۔ ذرا غور کرو۔ اگر ہم اس تک یہ روپے پہنچا دیں تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ عالم ارواح سے ہمارا براہ راست نامہ و پیام ہی نہیں مالی لین دین کا سلسلہ بھی قائم ہو گیا ہے۔ میں رات کو دس دس کے نوٹ میز پر رکھ دوں گا۔ اگر وہ صبح کو وہاں نہ ملے تو لازماً اس کا یہ مطلب ہو گا کہ اس کو پہنچ گئے اور ہمارا تجربہ کامیاب رہا ہے۔ ذرا غور کرو اگر ہمارا یہ تجربہ کامیاب رہے تو علم الارواح سے دلچسپی رکھنے والے حلقوں میں کیسا تہلکہ مچ جائے گا۔ اب تو سب کچھ ٹھیک ہے۔ سوال یہ ہے کہ آپ کے پاس بیس روپے ہوں گے۔ میرے پاس اس وقت بدقسمتی سے صرف ڈیڑھ روپے کی ریزگاری ہے اور اس سے کام نہیں چلے گا"۔

یہ ایسا موقع تھا کہ اس سے فائدہ نہ اٹھانا سخت حماقت ہوتی اور خوش قسمتی سے اسی روز گھر سے مجھے خرچ بھی آیا تھا چنانچہ میں نے موقع غنیمت جانا اور دس دس کے دو نوٹ چوہدری صاحب کے حوالے کر دیئے۔ "ذرا غور فرمایئے میرے لیے یہ امر کتنے فخر کا موجب ہو گا کہ عالم الروح کو ترسیل زر کا سلسلہ میرے روپے سے شروع ہوا"۔

چوہدری بھی میری خوش قسمتی پر بہت خوش تھا۔ چنانچہ اس رات ہم نے خاصی تیاری کی۔ میز کو بالکل کمرے کے وسط میں رکھا۔ اور اس پر میز پوش رکھ کر بیس روپے کے نوٹ رکھ دیئے اور زیادہ لمبا چوڑا اہتمام کرنے کی ضرورت ہی نہ تھی اس لیے ہم نے کھڑکی کے شیشے توڑنے کی بجائے بجنسہ رہنے دیے۔

اس کے بعد ہم نے بتی بجھا دی اور میں گھر واپس آ گیا۔

رات بھر مجھے نیند نہ آئی۔ دراصل مجھے اس بات کا احساس تھا کہ اس قسم کے تجربے کے لیے بیس روپے کی رقم بالکل ناکافی ہے۔ کون کہہ سکتا ہے ہمیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے اور صبح کو بیس روپے اسی طرح میز پر رکھے ہوں۔ ناکامی کے تصور سے میرا دل بیٹھ رہا تھا لیکن میں اللہ سے کامیابی کی دعائیں مانگ رہا تھا۔

اگلی صبح میں چوہدری صاحب کے ہاں جانے کی تیاری کر ہی رہا تھا کہ وہ خود سائیکل پر میرے ہاں تشریف لے آئے۔ ان کا چہرہ کامیابی کی مسرت سے تمتما رہا تھا۔ انہوں نے کہا "مبارک ہو ہمارا تجربہ کامیاب رہا۔ ہم نے زید سے بالفاظ دیگر عالم ارواح سے براہ راست مالی تعلقات قائم کر لیے ہیں"۔

میں بہت خوش ہوا اور دوسرے دن بھی خوش رہا اور تیسرے دن بھی خوش رہا بس خدشہ تھا تو یہی کہ کہیں یہ سلسلہ ابتدائی مراحل ہی میں نہ ختم ہو جائے۔

چوتھے دن چوہدری صاحب نے یہ خوش خبری سنائی کہ "زید پھر آیا تھا اور پہلے کی طرح

کافی مشوش دکھائی دیتا تھا۔ اس نے دیوار پر انگلی سے کچھ لکھا بھی لیکن اس میں سے صرف "مزید روپے" کے الفاظ پڑھ سکا ہوں۔ ہو نہ ہو اس کا مطلب یہ نظر آتا ہے کہ ہمیں اس تک بیس پچیس روپے اور پہنچانے کا نادر موقع ہاتھ آ گیا ہے"۔

میں نے کہا" میں بھی یہی سمجھتا ہوں۔ چوہدری صاحب غور تو فرمایئے یہ معمولی بات نہیں ہے دنیا ہم پر رشک کرے گی۔ ہم پہلے آدمی ہیں جن سے........"

اس رات ہم نے پھر پہلا سا اہتمام کیا اور بیس روپے میز پر چھوڑ کر میں اپنے گھر آ گیا۔ مجھے تسلیم ہے کہ اس رات بھی اس تجربے کی کامیابی کے بارے میں میرا دل شبہات سے خالی نہ تھا۔ بہر حال میں نے سوچا تجربہ ہی تو ہے۔ قسمت نے ساتھ دیا تو ہم ضرور کامیاب ہو جائیں گے اور اگر ہماری طرف سے تیاری میں کوئی کوتاہی ہوئی تو یہ ہمارا اپنا قصور ہو گا۔

ہمارا یہ تجربہ بھی کامیاب رہا۔ اگلی صبح وہ بیس روپے بھی غائب تھے۔

ہم کوئی دو مہینے اس طرح تجربے کرتے رہے۔ چوہدری صاحب نے مجھے بتایا کہ وہ خود بھی اکثر کافی بڑی رقم کے ساتھ تجربہ کر چکے تھے۔ ایسے موقع پر ان کی خواہش اور کوشش یہی ہوتی تھی کہ میں بھی تجربے کے وقت موجود رہوں لیکن عموماً زید کی طرف سے اتنا تھوڑا نوٹس ملتا تھا کہ انہیں اکیلے ہی سب کام کرنا پڑتا تھا۔ البتہ وہ بعد میں مجھے ضرور اطلاع دیتے تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے میں نے انہی دنوں چوہدری صاحب کو مشورہ دیا تھا کہ مظاہر ارواح سے تعلق رکھنے والی مغربی سوسائیٹیوں اور پرچوں کو ان تجربوں کی روداد بھیجی جائے لیکن چوہدری صاحب نے کہا۔" ابھی اس کا وقت نہیں آیا۔ اور پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ زید کو یہ بات پسند نہ آئے اور وہ ہمارے ساتھ لین دین بند کر دے۔ کسی اور کے ساتھ کھول لے"۔

تین مہینے کے بعد یہ تجربے انجام کو پہنچے اور میں سوچتا ہوں کہ ان کا انجام کتنا حسرت ناک ہوا۔

اور وہ یوں ہوا ایک دن چوہدری صاحب دوپہر کا کھانا میرے ساتھ کھانے کے لیے حسب معمول تشریف لائے۔ انہوں نے کہا" مجھے عالم ارواح سے ابھی ابھی ایک ضروری پیغام ملا ہے۔ معلوم ہوتا ہے زید نے عالم ارواح کے کچھ اور لوگوں کو ہمارے ساتھ مالی تعلقات قائم کرنے پر آمادہ کر لیا ہے۔ اور اب انشاء اللہ یہ کام ذرا بڑے پیمانے پر ہو سکے گا"۔

مجھے یہ بات سن کر کتنی خوشی ہوئی ہو گی اس کا اندازہ آپ کر سکتے ہیں۔ چوہدری صاحب نے کہا۔" زید کا منشا ہے کہ جتنا سرمایہ اکٹھا کر سکتے ہیں کریں اور اس کے پاس بھیج دیں تا کہ وہ اور روحوں کے ساتھ مل کر مشترکہ سرمائے کی کوئی کمپنی کھولنے کی کوشش کرے"۔

ہم نے مصمم ارادہ کر لیا کہ ہم یہ تجربہ ضرور کریں گے۔

میرے پاس بدقسمتی سے زیادہ روپیہ نہیں تھا لیکن میں اپنے والد کے ایک دوست سے جو ان دنوں لاہور میں بیوپار کرتے تھے' قرض لے سکتا تھا۔ یہ بات علمی دلچسپی کی تھی اور اس کے علاوہ کون جانتا ہے۔ چوہدری صاحب کو وہ حادثہ پیش نہ آتا جس کا میں ابھی ذکر کر رہا ہوں تو یہ تجربہ ہمارے لیے کتنا نفع بخش ثابت ہوتا۔

میں نے تین سو روپے قرض لیے اور چوہدری صاحب کے ہاں پہنچ گیا۔ اس مرتبہ بھی اسی اہتمام سے نوٹوں کی گڈی میز پر رکھ دی اس مرتبہ ہم نے روشندان بھی بند کر دیئے اور بلب بھی توڑ دیا تا کہ روشنی نہ ہو سکے۔ اس کے بعد میں نے چوہدری صاحب سے مصافحہ کیا۔ الوداع کہا اور واپس آ گیا۔

اگلی صبح میں انتظار کرتا رہا۔ آٹھ بجے۔ نو بجے اور پھر دس بھی بج گئے چوہدری صاحب پھر بھی نہ آئے اور نہ ہی ان کی طرف سے کوئی پیغام ہی موصول ہوا آخر میں گیارہ بجے خود ان کے ہاں گیا۔

آپ میری تشویش کا اندازہ لگا سکتے ہیں جب میں نے یہ دیکھا کہ چوہدری صاحب انتہائی پراسرار طور پر اپنے مکان سے غائب ہو چکے ہیں' اب اللہ جانے ہماری تیاریوں میں کیا کوتاہی رہ گئی تھی اور ہم سے کیا ایسی بے احتیاطی ہوئی جس کی گراں قیمت چوہدری صاحب کو اپنی جان سے ادا کرنی پڑی۔ میرے سوا کوئی یہ بات نہیں جانتا تھا کہ چوہدری صاحب عالم ارواح میں چلے گئے ہیں اور معلوم ہوتا ہے یہ سب انتہائی غیر متوقع طور پر اور اچانک ہوا کیونکہ پوچھ گچھ کرنے پر معلوم ہوا کہ ان کے سر مکان کا چار مہینے کا کرایہ تھا اور ہوٹل والے کے بھی کچھ پیسے تھے لیکن بیچاروں کو یہ حساب چکانے کی مہلت بھی نہ ملی۔ اس زمانے میں کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ چوہدری صاحب کہیں بھاگ گئے ہیں لیکن اصل حقیقت میرا سوا کسی کو معلوم نہ تھی اور میں نے بھی مصلحتاً یہ معاملہ دبائے رکھا تا کہ ان کی جان جانے کے مواخذے میں میں بھی نہ دھر لیا جاؤں۔

سو یہ ہے وہ داستان جو میں آج پہلی بار کسی متنفس کو سنا رہا ہوں اسے ماننا نہ ماننا آپ کی مرضی پر منحصر ہے سچی بات یہ ہے کہ یہ سانحہ میری ذات پر نہ گزرا ہوتا تو میں خود اس پر یقین نہ کرتا۔

(ختم شد)

اگر آپ راہنمائے عملیات پڑھتے ہیں

تو آپ کا نام بھی راہنمائے عملیات کی زینت بن سکتا ہے

آپ نے راہنمائے عملیات کے مطالعے کے بعد اِسے کیسا پایا؟

علوم مخفی اور روحانیت کے بارے میں راہنمائے عملیات کی تحریروں نے آپ کی کیا راہنمائی کی؟

آپ کو راہنمائے عملیات کے مطالعے سے کیا فائدہ ہوا؟

کیا راہنمائے عملیات میں شائع ہونے والے مضامین کی روشنی میں آپ کی اپنی یا آپ کے ملنے جلنے والوں کی زندگی میں کوئی تبدیلی آئی؟

کیا آپ راہنمائے عملیات کے قارئین کو تجربات یا علم میں شامل کرنا چاہتے ہیں؟

اگر ایسا ہے تو ہم آپ کی تحریر کے منتظر ہیں۔

قلم اُٹھائیے اور اپنے تجربات لکھ ڈالیں تاکہ آپ کے علم سے راہنمائے عملیات کے دوسرے قارئین بھی فائدہ اُٹھائیں۔ یہ نہ سوچیے کہ آپ کو اچھا لکھنا نہیں آتا۔ بس اپنے خیالات اور تجربات کو سادہ اور عام الفاظ میں لکھیے اور بھیج دیجیے۔ اِن کو فن پارے کی شکل دینا ہماری ذمہ داری ہے۔

خط و کتابت کے اور رابطے کے لیے

خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات 2/11 محمد نگر لاہور۔

بسم اللہ الرحمن الرحیمoفارسلنا علیھم ریحاً صرصراً فی ایام گذشتہ سے پیوستہ / از: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

نحساتٍ فیھم عذاب الخزی فی الحیوۃ الدنیاo

زمانہ قدیم میں نحس اکبر سیارہ زحل کو تسلیم کیا گیا ہے۔ جو ایک درجہ پر آٹھ دن رات تقریباً قیام کرتا ہے۔ قرآن مجید میں آیات کا مفہوم تقریباً اسی سیارہ کے وقت کے مطابق نظر آتا ہے۔ ویسے وقت کو برا کہنا، نحس کہنا، بد کہنا بعض علماء کرام کے نزدیک سخت گناہ ہے۔ جس وقت عادؑ، ثمود جیسی سرکش اقوام پر عذاب نازل ہوا اس وقت کو کیا کہنا چاہیے۔ اپنے مفاد اور اپنے خلاف کے دفاع یا دشمن کے خلاف وقت وار کرنے کے لیے تلاش کرنا تدبیر ہے۔ چنانچہ پرانے ماہر علم النجوم والجفر والے قمری اور شمس منازل بروجی سے کام لیتے رہے ہیں۔

کواکب	شمس قمر	راس ذنب	عطارد	زہرہ	زمین	مریخ	مشتری	زحل	چیرون	یورانس	نیچون	پلوٹو
نسبت	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
	سعد	نحس	ممتزج	نحس	بد	سعد	نحس	سعد اتصال	سعد اتصال	ممتزج	ممتزج	بد
دن	محبت	منحوس	خاص سفر	منحوس	عداوت	تکمیل کام	منحوس	جادو جلال	محبت	نیک مقاصد	طلسم	نقصان پہنچائے
	مشری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
	سعد اتصال	سعد انفصال	سعد اتصال	نحس اتصال	سعد اتصال	ممتزج	نحس اتصال	سعد اتصال	نحس انفصال	سعد اتصال	نحس انفصال	سعد اتصال
رات	محبت	خاص سفر	نکاح	بیمار کرنا	طلب حاجت	طلسم	زبان بندی	صلح و محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	سعد اتصال	سعد انفصال	سعد اتصال	نحس	سعد اتصال	ممتزج	نحس اتصال	سعد اتصال	نحس	سعد انفصال	بد	سعد اتصال
دن	محبت	خاص سفر	نکاح	بیمار کرنا	طلب حاجت	طلسم	زبان بندی	صلح و محبت	جدائی	محبت	عداوت	محبت
	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
	نحس انفصال	نحس	سعد اتصال	سعد	نحس	نحس اتصال	سعد اتصال	بد	سعد اتصال	نحس	سعد انفصال	نحس اتصال

رات	بغض	منحوس	نکاح	برکت	منحوس	بیمار کرنا	محبت	عداوت وطلاق	محبت	منحوس	خاص سفر	بغض
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
	سعد	نحس	سعد اتصال	سعد	نحس	بد	سعد اتصال	نحس	سعد اتصال	نحس	سعد انفصال	نحس
دن	بغض ومحبت	منحوس	نکاح	برکت	منحوس	بیمار کرنا	محبت	عداوت	محبت	منحوس	خاص سفر	بغض
	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
	سعد انفصال	نحس	بد اتصال	سعد	بد	سعد انفصال	سعد اتصال	سعد انفصال	بد	سعد اتصال	سعد اتصال	بد اتصال
رات	قبولیت محبت	نحس	اجراء خون	اعمال خیر	طلاق عداوت	خاص سفر	محبت	علاج	طلاق عداوت	امداد حکام سے	قبولیت	تفریق طلاق
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
	سعد اتصال	نحس	بد اتصال	سعد	نحس	سعد انفصال	سعد اتصال	سعد انفصال	نحس	سعد اتصال	سعد اتصال	نحس
دن	قبولیت	نحس	اجراء خون	اعمال خیر	عداوت	خاص سفر	محبت	علاج	عداوت	مدد طلب کرنے	قبولیت	عداوت
	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
	سعد اتصال	بد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد انفصال	نحس اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد	سعد اتصال	نحس
رات	قبولیت محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقد	خاص سفر	عداوت	محبت	حکام سے مدد طلب	حاجت	محبت	نحس
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
	سعد اتصال	بد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد انفصال	نحس	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد اتصال	نحس
دن	نکاح محبت	بیمار کرنا	محبت	محبت	عقود	خاص سفر	عداوت	محبت	امداد حکام	طلب حاجت	محبت	نحس
	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
	سعد اتصال	نحس ممتزج	نحس	سعد	سعد اتصال	سعد	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد انفصال	نحس انفصال	نحس	سعد اتصال
رات	نکاح	طلسم	نحس	دفاع نحس امور	محبت	حاجت	جادو جلال	محبت	ہر کام کریں	جدائی	نحس	محبت
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
	سعد اتصال	ممتزج	نحس	سعد	سعد اتصال	سعد	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد ممتزج	نحس انفصال	نحس	سعد اتصال

دن	نکاح ومحبت	طلسم	نحس	گڑھا کھودنا	محبت	طلب حاجت	جاہ وجلال	محبت	ہرکام کے لیے	جدائی	نحس	محبت
	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
	سعداتصال	سعداتصال	نحس	سعد	سعد اتصال	ممزوج	نحس	بدانفصال	سعد اتصال	سعد	سعد	سعد اتصال
رات	محبت	صلح	بغض وعناد	جاہ ومرتبہ	محبت	سفرشکار	ہرکام الٹ ہو	ہلاکت دشمن	محبت	تکمیل عمارت	صلح	قبولیت
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
	سعداتصال	سعداتصال	نحس انفصال	سعد اتصال	سعد اتصال	سعد	نحس	بدانفصال	سعد اتصال	نحس	سعد	سعد اتصال
دن	محبت	صلح	بغض	جاہ وجلال	محبت	شکارسفر	ہرکام الٹ ہو	ہلاکت دشمن	محبت	عداوت	صلح	قبولیت
	عطاردد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
	سعداتصال	نحس	سعدانفصال	نحس	نحس انفصال	سعد	نحس	سعد	سعد اتصال	سعد	ممزوج	نحس انفصال
رات	محبت	منحوس		منحوس	عداوت	ہرکام کیلئے	منحوس	جاہ ومرتبہ		ہرکام کیلئے	طلسم	نقصان پہنچانے

طلسمات جفری طریقوں سے اور نجوم کے قواعد کے تحت خاص سیاروں کے بروج کے خاص درجات سیارہ قمر کی منازل میں سیر اور ساعات مناسب میں تیار کیے جاتے ہیں۔ جونہایت زوداثر ہوتے ہیں:

۱	اَ	اء	۱	ترحین	عداوت	۲	۲	۴	آ تی
۲	ب	ب	۲	بطین	جذب قلب	۴	۴	۸	بادی
۳	ت	ج	۳	ثریا	محبت	۴۰۳	۸	۴۱۱	آبی
۴	ث	د	۴	دبران	بغض پیدا کرنا	۵۰۴	۱۲	۵۱۶	خاکی
۵	ج	ھ	۵	ہقعہ	سعدونحس ہے	۸	۹۰۵	۹۱۳	آتشی
۶	ح	و	۶	ہنعہ	محبت	۱۴	۸۰۶	۸۲۰	بادی
۷	خ	ز	۷	ذراعہ	محبت	۶۰۷	۲۷	۶۳۴	آبی
۸	د	ح	۸	نثرہ	عداوت وہلاکت	۱۲	۱۴	۲۶	خاکی
۹	ذ	ط	۹	طرفہ	نحس	۷۰۹	۷۹	۷۸۸	آتشی
۱۰	ر	ی	۱۰	جبہ	محبت وترقی	۲۱۰	۱۰۱۰	۱۲۲۰	بادی
۱۱	ز	ک	۲۰	زہرہ	سعداکبر ہے	۱۷	۴۲۰	۴۳۷	آبی

۱۲	س	ل	۳۰	صرفہ	نحس اکبر ہے	۹۰	۵۳۰	۶۲۰	خاکی
۱۳	ش	م	۴۰	عوا	عداوت	۳۴۰	۶۴۰	۹۸۰	آتشی
۱۴	ص	ن	۵۰	سماک	عداوت۔	۱۴۰	۷۵۰	۸۹۰	بادی
۱۵	ض	س	۶۰	غفرہ	تسخیر	۸۶۰	۹۰	۹۵۰	آبی
۱۶	ط	ع	۷۰	زبانہ	تسخیر	۷۹	۱۶۰	۲۳۹	خاکی
۱۷	ظ	ف	۸۰	اکلیل	سعد و نحس، بغض	۹۸۰	۲۸۰	۱۲۶۰	آتشی
۱۸	ع	ص	۹۰	قلب	تسخیر و ترقی مرتبہ	۱۶۰	۱۴۰	۳۰۰	بادی
۱۹	غ	ق	۱۰۰	شولہ	تسخیر	۱۱۰۰	۴۰۰	۱۵۰۰	آبی
۲۰	ف	ر	۲۰۰	لغائم	محبت	۲۸۰	۲۱۰	۴۹۰	خاکی
۲۱	ق	ش	۳۰۰	بلدہ	نحس اکبر بغض عداوت	۴۰۰	۳۴۰	۷۴۰	آتشی
۲۲	ک	ت	۴۰۰	ذابح	طلاق و فراق	۴۲۰	۴۰۳	۸۲۳	بادی
۲۳	ل	ث	۵۰۰	بلعہ	شر فتنہ پیدا کرنا	۵۳۰	۵۰۴	۱۰۳۴	آبی
۲۴	م	خ	۶۰۰	سعود	محبت و مودت	۶۴۰	۶۰۷	۱۲۴۷	خاکی
۲۵	ن	ذ	۷۰۰	اخبیہ	فتنہ و فساد	۷۵۰	۷۰۹	۱۴۵۹	آتشی
۲۶	و	ض	۸۰۰	مقدم	تسخیر	۸۰۶	۸۶۰	۱۶۶۶	بادی
۲۷	ہ	ظ	۹۰۰	موخر	عداوت	۹۰۵	۹۸۰	۱۸۸۵	آبی
۲۸	ی	غ	۱۰۰۰	رشا	محبت	۱۰۱۰	۱۱۰۰	۲۱۱۰	خاکی

شمار	نام برج	نام ستارہ	تاریخ ابتداء برج انگریزی	تاریخ ابتداء برج ہندی	سرحرف نام سے منسوب برج	حروف طلسمات شمسی	حروف طلسمات قمری
۱	حمل	مریخ	۲۱ مارچ	۸ چیت	ا، ی، ل، ع	اش ن	ام ذ
۲	ثور	زہرہ	۲۱ اپریل	۹ بیساکھ	ب، و	ث ط ی	د ع غ
۳	جوزا	عطارد	۲۲ مئی	۹ جیٹھ	ک، ق	ب ص و	ب ن ض
۴	سرطان	قمر	۲۲ جون	۸ ہاڑ	ھ، ح	ت ض ھ	ج س ظ
۵	اسد	شمس	۲۴ جولائی	۸ ساون	م	ج ظ	ھ ف
۶	سنبلہ	عطارد	۲۴ اگست	۸ بھادوں	غ، پ	د ف	ح ر
۷	میزان	زہرہ	۲۴ ستمبر	۸ اسوج	ط، ر، ت	ح ع	و ص
۸	عقرب	مریخ	۲۴ اکتوبر	۸ کاتک	ز، ن، ذ ض، ظ	خ ۔ غ	ز ق
۹	قوس	مشتری	۲۳ نومبر	۸ مگھر	ف	ذ ق	ط ش
۱۰	جدی	زحل	۲۳ دسمبر	۸ پوہ	ج خ گ	س م	ل خ
۱۱	دلو	زحل	۲۱ جنوری	۸ ماگھ	س، ص، ش، ت	ر ک،	ی ت

۱۲	حوت	مشتری	۲۰ فروری	۹ پھاگن	د، چ	ز، ل	ک، ث

سر حرف سے منسوب برج کا طریقہ ہندی قواعد کے مطابق اس وقت درست ہے جب اسی قاعدہ کے مطابق نام رکھا جائے۔ دیگر صورت میں یہ قاعدہ بروج معلوم کرنے اور عملیات کے لئے غلط ہے، البتہ عملیات کے لئے اور طلسمات کے لئے جدول کے آخری دو شمسی وقمری قواعدی حروف ہیں۔

۱۔ اگر کوئی چاہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو' محترمہ زبیدہ جلال' محترمہ فخر النساء کھوکر' بیگم بادشاہ وقت یا بیگم افسر وغیرہ طالب پر مہربان ہو جائے اور ان کے ذریعے کوئی مشکل حل ہو جائے۔ طالع حمل' ثور' سرطان' اسد' میزان' قوس' حوت میں سے کوئی مناسب طالع کو منتخب کریں۔ دنوں میں سے اتوار' پیر' بدھ' جمعرات' یا جمعہ کا لیں۔ ساعات میں سے قمر' عطارد' زہرہ یا مشتری کی سعد اتصال ہو۔ انتخاب شدہ طالع میں سعد کواکب کا قرآن' تسدیس یا تثلیث کا ہونا لازمی ہے۔ یا شرفات کا ہونا لازمی ہے۔ یا طلوع و مستقیم ہوں۔ ثور کا درجہ نمبر ۱' سنبلہ کا ۹' میزان کے نمبر ۸' ۱۳' قوس کا نمبر ۱۹' جدی اور دلو کا نمبر ۱۶' یا دلو کا نمبر ۲۹' یا حوت کا درجہ ۲۳ تو عمل یا طلسم تسخیر خاص معظم عورت کا کریں۔ ایسی عورت جو فلمسٹار یا کھلاڑی ہے یا بازار حسن کی عورت ہے تو اس کے لیے یہ اوقات نہ ہیں۔ ویسے بھی ان کے لیے کسی تعویذ یا طلسم بنوانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

۲۔ عورت بے پرواہ' سنگدل' اور ناز و ادا سے حشر سامانی کرنیوالی کے دل کو فریفتہ و عاشق کرنا۔ یہ عمل خاص زہرہ کا ہے۔ جب سعد گھر میں ہو۔ مستقیم طلوع مشرق سے ہو۔ مطلوب سے نظر سعد ہو برج ثور کا نمبر ۱' ۱۴ درجہ ہو' اسد کا ۱۴ درجہ سنبلہ کا ۱' ۱۶ درجہ میزان کا ۸' ۱۳ درجہ' عقرب کا ۱۶ قوس کا ۱۹' جدی کا ۱' ۱۶' دلو کا ۷' ۱۶' ۲۹ درجہ' حوت کا ۲۳' ۲۷ درجہ ہو جمعرات یا جمعہ میں ساعت زہرہ سعد اتصال میں عمل تیار کریں۔ مجرب المجرب ہے۔

۳۔ عورت جس سے واقفیت و محبت تھی مگر کسی ذاتی غلطی یا رقیب پیدا ہونے یا کسی کے عمل کی وجہ سے عورت دل اٹھا لیتی ہے۔ تو ایسی عورت کے لیے مجرب وقت جب قمر ثور میں اور شمس عقرب میں ہو۔ قمر ثور کے ۱' ۱۴ درجہ پر ہو سنبلہ کے ۹' ۱۲' ۲۲ درجہ پر ہو میزان کا ۸' عقرب کا ۱۶' قوس کا ۲۴' جدی کا ۱' ۵' ۷' ۱۶' دلو کا ۷' حوت کا ۱۸' ۲۳ درجہ ہو ان درجات کے طلوع کے وقت عمل تیار کرو یا ان درجات ہر قمر' عطارد' زہرہ' شمس' مشتری کی سعد نظرات پڑتی ہوں تو عمل تیار کریں۔ ہر صورت میں کامیابی ہوگی۔

۴۔ کسی سیاسی جماعت تنظیم' بہت سے قریبی رشتہ دار' کسی رشتہ کے لئے یا دینے پر چند رشتہ داروں کا اتفاق یا کسی خاص مکان یا جگہ پر لوگ اتفاق و اتحاد سے بیٹھتے ہوں اور ان کا بیٹھنا طالب/ سائل کے حقوق کو نا قابل تلافی نقصان پہنچاتا ہو تو ہفتہ یا منگل کی ساعت زحل' مریخ' زہرہ اور قمر ہو اور قمر کا زحل سے نظر تربیع یا مقابلہ ہو۔ اگر قمر در عقرب سے کوئی نحس نظر ہے۔ یا خسوف قمر سے کوئی نحس نظر بنے تو یا زیادہ بدترین وقت ہوگا۔ جب حمل کے ۲۷' ۳۰' درجہ پر یا ثور کا ۱۱ درجہ جوزا کا ۵ یا ۱۹ درجہ سنبلہ کا ۴ درجہ پر زحل ہو تو ایسے عمل کے لیے سب سے زیادہ مناسب وقت ہوتا ہے۔ لیکن زحل کا بحالت مستقیم ہونا شرط ہے۔ اور جب مریخ حمل میں طلوع ہو یا ثور کے ۷' ۱۱' ۲۳ درجہ پر ہو جوزا کے آخری دو درجات ہوں۔ اسد کا ۱۳' ۲۶ درجہ ہو میزان کا ۲۶' ۲۸ درجہ قوس کا ۳' ۲۳ درجہ جدی کا ۲۰' ۲۹' ۳۰ درجہ دلو کا ۱۴' ۲۷ درجہ حوت کا ۳۰ درجہ پر مریخ ہو لیکن بحالت رجعت ہو تو دشمن آپس میں جانی دشمن ہو جائیں اور خون کے پیاسے ہو جائیں۔ اگر ان درجات پر زحل اور مریخ کا قرآن' تربیع اور مقابلہ سب سے زیادہ نحس وقت ہوگا۔ طالع دلو کو بھی خصوصیت و فتنہ و فساد' بغض و عداوت کی وجہ سے موثر مانا جاتا ہے۔ اور برج عقرب اور جدی کے لیے بھی یہی حکم لگایا جاتا ہے۔ باقی نقشہ ساعات اور نقشہ نظرات کو اکب سے مدد لی جائے۔ طالع منقلب اور نحس بروج کے ساتھ ساتھ مریخ بحالت مستقیم طلوع ہو اور ثور کا ۷ درجہ جوزا کا ۸ درجہ سنبلہ کا ۱۷ درجہ عقرب کا ۲' ۲۴' ۲۶ قوس میں طلوع یا ۱۶ درجہ ہو۔ جدی کے آخری دو درجات دلو کا ۱' ۸ درجہ ہو۔ یا ان درجات پر کسوف و خسوف ہو یا قمر در عقرب کے روز انہیں درجات پر کام کریں تو میزائیل بہدف کام ہوگا۔ بشرطیکہ کام کی مشق پہلے مکمل ہو چکی ہو۔ تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔

۵۔ زبان بندی' حسد بندی' محبت بندی' قلب بندی' خون بندی' اولاد بندی' مرتبہ بندی' صحت بندی' قوت مردمی بندی' قوت جماع بندی' شہوت عورت بندی' ولادت بندی کے لیے عام طور پر حروف بے نقط (صوامت) زیادہ مشہور ہیں۔ ہبوط قمر و شمس یا قران شمس و قمر' مریخ بحالت رجعت عقرب' قمر در عقرب و مریخ در سرطان' زحل در حمل مناسب اوقات ہیں۔ عورت کو بانجھ کرنے میں مشتری جوزا کا ۲۳' ۲۶ درجہ پر سنبلہ کا ۶ درجہ عقرب کے ۸ درجہ پر زیادہ موثر مانا گیا ہے۔ صحت بندی میں بیماری نازل کرنے کے لیے حمل کا ۶' جوزا ۱۹' سرطان کا ۹' اسد کا ۳' ۱۳' سنبلہ کا ۱۱' میزان کا ۲۶' عقرب کا ۲' ۳' یا دلو کے ۱۳ درجہ زحل بحالت مستقیم مشرقی ہو اور قمر' زہرہ' عطارد' مریخ' نحس نظرات بناتا ہو قوت مردانہ یا زنانہ (شہوت) کو باندھنے کے لیے ثور کا ۱۲' ۱۹' سرطان کا ۱۷' سنبلہ کا ۹' جدی کا ۷ درجہ پر زہرہ کا بحالت رجعت ہونا اور مریخ کا بحالت رجعت مشرقی جوزا کا ۷' جدی کا ۹' ۲۸ دلو کا ۱۸ یا حوت ۴ درجہ ہو تو ایسے عملیات کافی موثر ہیں۔ (ختم شد)۔

۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۲	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

الہامات جفر
شرف زہرہ

ز: شعیب الرحمٰن کاکاخیل۔

زہرہ چلتے چلتے جب برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتی ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس سال زہرہ 5 فروری دوپہر 12:19 منٹ سے 6 فروری صبح 8:32 منٹ تک شرف میں رہیگی ہمارے پاکستان میں ایسے فراڈی عامل بھی موجود ہے۔ جو کہ کسی ستارے کا شرف شروع ہوتے ہی لکھنا شروع کر دیتے ہیں جبکہ شرف میں ساعت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور زیادہ لوگوں سے کام لے لیتے ہیں۔ قسم تو کھاتے ہیں کہ میں نے شرف میں عمل تیار کیا ہے آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لئے اپنے والد بزرگ کا ایک مشہور عمل لیکر حاضر ہوں یہ اس عمل کی برکت سے چند دنوں میں اسباب غیب بنتے جائیں گے۔ اور چند دنوں میں غنی ہو جائیں گے اور ہر طرح کی فتوحات حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے۔

سورہ حجر اعداد قمری	176709
طالب شعیب الرحمٰن	712
مقصد فتوحات اسم اعظم یافتاح	
اعداد	489
کل اعداد	177910
تفریق	540
باقی	177370
تقسیم	4
باقی	2
تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ	
حاصل تقسیم	44342

کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 18 کا اضافہ کریں اور ساتھ میں اسم اعظم یا غنی کا ورد کریں۔ اگر یہ عمل خود تیار نہ کر سکیں تو عامل خالد اسحاق راٹھور صاحب سے تیار کروائیں۔

۸	۱۱	۱۴	۱

نقش

ک ہ ی ع ص ح م ع س ق

۴۴۳۶۸	۴۴۵۲۳	۴۴۵۷۷	۴۴۳۴۲
۴۴۵۵۹	۴۴۳۶۰	۴۴۳۵۰	۴۴۵۴۱
۴۴۳۷۸	۴۴۶۱۳	۴۴۳۸۷	۴۴۳۳۲
۴۴۵۰۵	۴۴۴۱۴	۴۴۳۹۶	۴۴۵۹۵

وکفیٰ باللہ شہید محمد رسول اللہ

زہرہ طلسمی چابی

شرف زہرہ اس سال 5 فروری کو 2:19 منٹ پر دوپہر سے 6 فروری صبح 8:32 منٹ تک رہیگی اکثر لوگ انعامات کے چکر میں پڑتے ہیں۔ یا انکا ذہن یہ کہتا ہے کہ غیب سے دولت ملے اور ترقی کرتے جائیں یا غیب سے انعام ملے اور لاکھوں کے گیمز کھیل کرنا امید ہو جاتے ہیں یا ترقی نہیں کرتے تو ان لوگوں کے لئے آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لئے طلسمی چابی کا ایک عمل لے کر حاضر ہوں میں ہر شخص کو دعوت دیتا ہوں یہ عمل تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ تو اس عمل کی برکت سے چند دنوں میں پرائز بانڈ نکل جائیگا۔ میں نے یہ عمل پچھلے سال شرف زہرہ میں ایک شخص کو تانبے کی تختی پر تیار کر کے دیا تھا تو اسکا ایک لاکھ پچاس ہزار روپے کا بانڈ لگا یہ عمل بہت با برکت ہے۔ امید ہے کہ سب کو پسند آئے گا۔ یہ عمل میرے والد بزرگ کی کتاب طلسمات افلاطونی حصہ دوم میں موجود ہے۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے تو اس پر گیارہ مرتبہ سورہ واقعہ اور 1060 مرتبہ اسم اعظم یاغنی اور 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں اب یہ لوح تیار ہے۔ اس لوح کو اٹھا کر جمعہ کے دن سبز رنگ کے کپڑے میں بند کر کے پاس رکھیں۔ یہ لوح صرف تانبے پر یا سونے پر تیار ہوگی۔ اگر اسکی بھی توفیق نہیں ہے تو یہ لوح گولڈن کاغذ پر مشک زعفران اور عنبر سے لکھیں یہ میری طرف سے تحفہ ہے امید ہے سب کو پسند آئے گا۔ یہ اللہ پاک کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اس لوح کا مکمل اثر 21 دن میں ظاہر ہوگا۔

غنی غنی

۷۸۶

فلاں بن فلاں کو ترقی اور دولت حاصل ہو

علم نجوم کی روشنی میں

آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا

آپ کا برج کون سا ہے

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

عددی جدول

حروف	عدد
ا، ی، ق، غ	1
ب، پ، ک، گ، ر، ڑ	2
ج، چ، ل، ش	3
د، ڈ، م، ت، ٹ	4
ہ، ن، ث	5
و، س، خ	6
ز، ژ، ع، ذ	7
ح، ف، ض	8
ط، ص، ظ	9

مثال: اکبر = اک ب ر = ۱+۲+۲+۱ = ۶

برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل　سیارہ۔۔ مریخ

حروف۔۔ ا، ل، ع، ی　پتھر۔۔ مرجان　دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ سرخ　دھات۔۔ لوہا، تانبہ　عدد۔۔ 9

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
9'6'0	25'16'9'4	26'20'13'12

آپ کا حاکم ستارہ مریخ 3 فروری کو برج ثور میں داخل ہوگا۔ اس کی یہاں موجودگی مالی اُمور میں ایک نئی زندگی اور تیزی لانے کا سبب ہوگی۔ تاہم آپ کو اس حوالے سے محتاط رہنا چاہیے کہ جس تیزی کے ساتھ ذرائع آمدن میں وسعت ہوگی اسی قدر اخراجات کے حوالے سے روپے کے نکلنے کا سلسلہ بھی جاری رہے گا۔ کوشش یہ کریں کہ اس عرصہ کے دوران قرض لے کر آمدن میں اضافہ نہ کریں۔ بصورت دیگر آنے والے دنوں میں اس قرض کا حساب دینا مشکل ہو جائے گا۔ صحت سے متعلق خصوصاً مزمن امراض کا شکار افراد اپنے علاج پر خاص توجہ دیں بصورت دیگر مرض کے طوالت پکڑنے کا امکان ہے۔ برج حمل سے متعلق وہ لوگ جو شادی یا رشتہ کرنے کے خواہش مند ہیں ان کے لیے 7 فروری کے بعد کا وقت بہتر ثابت ہوگا۔ ازدواجی معاملات کو سلجھانے کے حوالے سے بھی اس وقت سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ تاہم ازدواجی اور گھریلو اُمور میں اخراجات کی شدت آ سکتی ہے۔ 20 تاریخ کے بعد کا وقت اس حوالے سے اہم ہے کہ آپ کو اپنے ملازموں اور ایسے لوگوں سے جو آپ کے لیے کام کرتے ہیں اور وہ لوگ جو آپ سے دوستی کے دعوے دار ہیں سے محتاط رہنا ہوگا۔ بہت ممکن ہے کہ ان لوگوں کی وجہ سے آپ کسی صدمے کا شکار ہوں۔ یہ لوگ آپ کے اخراجات میں

رجعت و کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ یَا اللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

اضافے' آپکو نقصان پہنچانے اور آپ کے لیے مسائل کھڑے کرنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ایسے معاملات جن میں حکومتی افسران سے واسطہ پڑ سکتا ہے یا قید و جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے۔ ان کو یا تو کچھ وقت کے لیے ملتوی کر دیں یا کسی قدر خوشامد سے کام لے کر اپنے کام نکلوانے کی کوشش کریں۔ قانونی معاملات کسی بھی سمجھدار وکیل کے مشورے کے بغیر مت طے کریں۔ 25 تاریخ کو عطارد برج حوت میں داخل ہوگا۔ اس کی یہاں موجودگی آپ میں شاعرانہ مزاج اور تخیل کو پروان چڑھائے گی۔ اس کے اثرات کے تحت آپ کی توجہ ذاتی کاموں سے ہٹ کر دوسرے کے کاموں کی طرف مبذول ہو جائے گی۔ کوشش یہ کریں کہ دوسروں پر بھروسہ کرنے کے بجائے خود ہمت کر کے اپنے کاموں کو مکمل کریں۔

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
9'8'2	26'25'20'4	13'12'9'3'2

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ماہ زیادہ تر مریخ کے اثرات کے تحت رہے گا۔ طبیعت میں کسی قدر تیزی پیدا ہوگی اور بہت سے معاملات میں جلد بازی سے کام لیں گے۔ گو یہ وقت اس لحاظ سے بہتر ہے کہ بہت سے ایسے کام جن پر آپ اس وقت تک فیصلہ نہ لے سکے تھے یا کسی وجہ سے وہ التواء کا شکار چلے آ رہے تھے اب ان کے حل کرنے کی ابتدا ہو جائے گی۔ اس ماہ لین دین کے معاملات میں خاص طور پر محتاط رہیں۔ اگر آپ نے اپنے مزاج پر قابو نہ پایا تو بہت ممکن ہے کہ آپ لڑائی جھگڑے اور فساد کے کاموں میں ملوث ہو جائیں۔ باہر جانے کے خواہش مند افراد اگر اس وقت اپنی کوششوں میں تیزی پیدا کریں تو بہت ممکن ہے کہ آنے والے وقت میں ان کو کامیابی حاصل ہو جائے۔ 7 تاریخ کو عطارد برج دلو میں داخل ہوگا اور اس کی یہاں موجودگی آپ کو مختلف معاملات زندگی میں کامیابی دلانے کا باعث بنے گی۔ گو کسی بڑی کامیابی کی توقع تو نہیں ہے تاہم پھر بھی اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ 8 تاریخ کو زہرہ کی برج حمل میں آمد اس بات کی خبر دے رہی ہے کہ جنس مخالف اور ملازم پیشہ افراد سے اپنے تعلقات کے سلسلے میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے یہ لوگ آپ کے لیے مسائل پیدا کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ البتہ دوستوں کے ساتھ تعلق اور حلقے میں وسعت کا امکان ہے یہ وقت آپ کے رُکے ہوئے کاموں اور مفادات کے حصول کے لیے مددگار ثابت ہوگا۔ 19 تاریخ کو شمس برج حوت میں داخل ہوگا اور اس کی یہاں موجودگی آپ کی اُمیدوں اور خواہشات کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ پچھلے دنوں جو لوگ آپ کی مخالفت پر کمر بستہ تھے یا جن کی وجہ سے آپ کو شرمندگی اور نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا اب آپ کو ان پر غلبہ حاصل ہونے کے واضح امکانات ہیں۔ اگر آپ کوئی ایسا کام یا نوکری یا کاروبار کرتے ہیں جن میں ملازموں کے ہاتھ وسیع اختیارات ہیں یا وہ آپ کے دفتر یا فیکٹری کے کاموں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں تو پھر ان ملازموں پر اپنی گرفت مضبوط بنائیں، بہت ممکن ہے کہ ان کے ہاتھوں کوئی بڑا مالی یا جانی نقصان ہو جائے جو آپ کے لیے مسائل لانے کا باعث ہو۔ اس ماہ شریک حیات عمومی طور پر آپ پر غلبہ حاصل کرنے کی خواہش لیے ہوئے ہوگا۔ خاص طور پر اگر آپ عورت ہیں تو پھر آپ کا خاوند بالضرور آپ کو مسائل کا شکار کرے گا۔ سو زیادہ بحث سے پرہیز کریں۔

برج جوزا

21 مئی تا 20 جون — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک،ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل' تانبہ — عدد۔۔5

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
8'2'1	26'20'19'3	13'12'4'2'1

آپ کا حاکم ستارہ اس ماہ دو بروج میں حرکت پذیر ہوگا اور یوں عمومی طور پر آپ کے معاملات میں تیزی آنے کا امکان ہے۔ 3 فروری کو مریخ کے برج ثور میں جانے سے آپ کو کئی معاملات میں مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے۔ زندگی کے بہت سے معاملات میں آپ کو محتاط رویے کا مظاہرہ کرنا ہوگا خاص طور پر ایسے معاملات جو آپ کی ملازمت' کاروبار اور بیرونی دنیا سے تعلقات کے حوالے سے اہم ہیں۔ ان میں آپ کو نشیب و فراز کا سامنا ہوگا۔ 7 تاریخ کو عطارد برج دلو میں داخل ہوگا یہ وقت مذہبی حوالے سے سفر لا سکتا ہے۔ وہ لوگ جو بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں۔ انہیں بھی اس کواکبی حرکت سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جو ان کو بیرون ملک روانگی میں معاون ثابت ہو سکتے ہوں۔ یعنی ویزے کے لیے درخواست جمع کروانا یا کسی ایجنٹ یا سفارت خانے

سے رابطہ کرنا یا سفری دستاویزات کی تیاری وغیرہ۔ شمسی طالع کے حساب سے آپ اس وقت ساڑھ ستی سے گزر رہے ہیں۔ اس حوالے سے آپ کے مالی معاملات پر دباؤ کافی شدت سے ہوگا اور توقع کی جا سکتی ہے کہ اس ماہ کسی نہ کسی بہانے سے مالی اُمور پر دباؤ میں مزید اضافہ ہوگا۔ اس لیے کوشش کریں کہ اپنے اخراجات کو ایک حد تک رکھیں۔ 19 تاریخ کو شمس کی برج حوت میں منتقلی لوگوں میں آپ کی مقبولیت کے گراف کو بڑھا دے گی۔ حکومتی اداروں اور افسران سے متعلق کاموں میں آپ کو کامیابی ہوگی۔ آپ کے وہ معاملات جو حکومتی اداروں یا حکومتی اہلکاروں کی وجہ سے کسی رکاوٹ یا بندش کا شکار تھے تو اب کسی حد تک ان کے حل ہونے کی اُمید پیدا ہوگی۔ یہ وقت پیشہ وارانہ اُمور میں محتاط رویے کا متقاضی ہے۔ مسائل کے حل، آمدنی میں اضافے اور ذہنی آسودگی کے لیے اگر آپ اپنے رہائشی شہر سے نکل کر دوسرے شہر میں چلے جائیں یا قریبی علاقوں کا سفر اس ماہ کے آخری عشرے میں اختیار کریں تو یہ کسی حد تک آپ پر پڑنے والے ذہنی اور عمومی دباؤ کو کم کرنے کا باعث ہوگا۔ مالی مسائل کے حل یا حصول جائیداد اور روپے پیسے کے حوالے سے شریک حیات (بیوی یا خاوند) کی مدد حاصل کی جائے تو کسی حد تک حالات میں بہتری کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔

پیشہ وارانہ اُمور میں کسی قدر کامیابی کی توقع ہے تاہم یہ صرف محنت اور مسلسل محنت کے باعث ہی ممکن ہوگا۔ یہ وقت اس بات کا مظہر ہے کہ اگر آپ نے اپنے ذہنی تناؤ پر قابو رکھا اور مزاج میں چڑچڑے پن کو داخل نہ ہونے دیا تو پھر آپ کے تعلقات اس ماہ کافی وسعت اختیار کریں گے۔ صاحب حیثیت لوگوں سے سوشل تعلقات قائم ہونگے جو مستقبل میں مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ شمس 19 تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا اور یہ مذہب کی طرف رجحان لے کر آئے گا۔ وہ لوگ جو تجارت پیشہ ہیں یا ایسے کاموں سے متعلق ہیں جس میں ایک جگہ بیٹھنے کی بجائے حرکت کا کافی امکان ہے ان کو چاہیے کہ وہ حالات کے تناؤ کو دیکھتے ہوئے سفر وسیلہ ظفر کے قول پر عمل کریں۔ بالیقین ان کے سامنے ایسے راستے کھل جائیں گے جو ان کے معاملات میں آسودگی لانے کا باعث ہونگے۔ اس ماہ کے آخری ہفتے میں خاص طور پر نئے معاملات اور نئے معاہدہ جات کی ابتداء نہ کریں ایسے تمام اُمور آپ کو کسی قسم کا فائدہ نہ دیں گے بلکہ آنے والے دنوں میں ایسے کاموں کا انجام بخیر ہوتا نظر نہیں آتا۔ اس ماہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ کچھ لوگوں سے مدد لی جائے تو آپ کے رشتہ داروں اور ملنے جلنے والے لوگوں میں سے آپ کی والدہ اور آپ کے دوست معاون و مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

برج سرطان

21 جون تا 20 جولائی سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ہ پتھر۔۔موتی دن۔۔پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا دھات۔۔ٹن عدد۔۔2

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
9'7'4	26'20'9'5'4	28'13'12'2'1

شمسی لحاظ سے برج سرطان سے متعلق افراد ساڑھ ستی سے گزر رہے ہیں۔ عمومی طور پر معاملات شدت سے ان کے خلاف جا رہے ہیں۔ ذہن پر دباؤ رہے گا اور ذہن مختلف خیالات کا مرکز بنا رہے گا۔ تاہم اس ماہ کی ابتداء ان کی عمومی ٹینشن میں کمی کا باعث بنے گی۔ مذہبی معاملات میں شامل ہونے سے ان کو ذہنی سکون اور آسودگی حاصل ہوگی۔ اس برج سے متعلق افراد جو بیرون ملک جانے کے خواہش مند ہیں ان کو اس ماہ کے ابتدائی دنوں میں کچھ اچھی خبر سننے کو مل سکتی ہے۔ زہرہ 8 فروری کو برج حمل میں داخل ہوگا اور اس کی یہاں موجودگی دوسروں کے ساتھ تعلقات بنانے اور فائدہ اُٹھانے کے حوالے سے فائدہ مند ثابت ہوگی۔

برج اسد

21 جولائی 20 اگست سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م پتھر۔۔یاقوت دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اور نج دھات۔۔سونا عدد۔۔1

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
8'4'2	15'14'9'4	26'20'13'12

برج اسد سے متعلق افراد کو اس ماہ ازدواجی حوالے سے کئی ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بہت ممکن ہے کہ سُسرال کے ذریعے یا بیوی کے ذریعے کچھ آمدنی کا حصول ہو تاہم یہ آمدنی آپ کے پاس ٹھہرتی نظر نہیں آتی۔ برج اسد کے وہ افراد جو شادی کے خواہش مند ہیں وہ اس ماہ کے پہلے دو عشروں میں اس حوالے سے اچھی خبر سنیں گے۔ یعنی ان کا کوئی رشتہ وغیرہ آ سکتا ہے۔ اس ماہ شادی شدہ افراد کو جنسی مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ وہ اسد افراد جو حیوانی کمزوری محسوس کر رہے ہوں ان کو اس امر پر پوری توجہ دینی چاہیے تا کہ آنے والے دنوں میں زیادہ بگاڑ پیدا نہ ہو۔ 8 تاریخ کو زہرہ برج حمل میں داخل ہو

جائے گا اور اختتام ماہ تک یہیں رہے گا اس کے تحت آپ کے ذہن میں سفر اور عورت سے متعلق اُمور سر اُٹھائیں گے وہ لوگ جو طبعاً آزاد مزاج واقع ہوئے ہیں وہ ایسے مواقع اور جگہوں اور ملکوں کی طرف سیر کا رجحان رکھیں گے۔ جہاں ان کو کُھل کھیلنے کے موقع دستیاب ہو۔ اس عرصے کے دوران اخراجات میں اضافہ ہوگا اور بہت ممکن ہے کہ زیارتوں یا بزرگانِ دین سے ربط کی خواہش بھی دل میں پیدا ہو۔ بنیادی طور پر یہ وقت ایسے ہی اُمور کی نشاندہی کرتا ہے جن کے تحت فرد آسودگی کی طرف مائل ہوتا ہے۔ مذہبی زیارتوں یا روحانی بزرگوں سے ملنے کا بھی حقیقی مقصد زندگی کی آسائشات کے حصول اور ترقی کے لیے دعا ہی ہوگا۔ عطارد 7 تاریخ کو برج دلو میں داخل ہوگا اور یہ یہاں شراکتی امور میں کام کرنے پر آمادہ کرے گا۔ فرد کا ذہن حصول کامیابی کے لیے ایسی سمتوں میں بھی کام کرے گا جن کو اخلاقی لحاظ سے مثبت نہیں کہا جاسکتا۔ برج اسد کے تحت آنے والے افراد اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کسی حد تک غلط بیانی کا سہارا بھی لیں گے تاکہ اپنے معاملات کو خوش اسلوبی سے نطے کرسکیں۔ اس ماہ کے آخری ہفتے میں کواکبی حرکات ایسے معاملات کی نشاندھی کررہی ہیں۔ جن کے تحت آپ دوسروں کو دھوکہ دیتے دیتے خود بھی دھوکے کا شکار ہوسکتے ہیں اس لیے حد درجہ محتاط رہیں۔

برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر — سیارہ۔۔ عطارد

حروف۔۔ پ، ئ، غ — پتھر۔۔ لاجورد — دن۔۔ بدھ

رنگ۔۔ گہرا زرد — دھات۔۔ ٹن — عدد۔۔ 5

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
9'5'3	20'11'10'4	26'15'13'12'9'5

برج سنبلہ سے متعلق افراد کے لیے ماہِ رواں اس حوالے سے خاصہ اہم ہے کہ وہ لوگ اچانک کسی کی محبت میں گرفتار ہوسکتے ہیں۔ خاص کر برج سنبلہ سے متعلق وہ لوگ جو ابھی تک غیر شادی شدہ ہیں اور منگنی یا شادی کے خواہش مند ہیں بالیقین وہ اس ماہ یہ خوشی دیکھ سکیں گے۔ اس ماہ سوشل سرگرمیاں کافی زیادہ بڑھ جائیں گی۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے کا موقع ملے گا اور نئے لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے۔ اس ماہ اگر آپ اس بات پر زیادہ توجہ دیں کہ پچھلے دنوں جو معاملات آپ کے رُکے ہوئے تھے انہیں حل کیا جائے اور اپنی ذات پر توجہ دینے کے بجائے خود اعتمادی کے ساتھ آگے بڑھنے کی جدوجہد کی جائے تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ ماہ بہت سی کامیابیاں آپ کے لیے لے کر آئے گا۔ 7 تاریخ کے بعد آپ کے مالی معاملات پر دباؤ بڑھ جائے گا۔ سو اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں۔ خاص طور پر ایسے لوگوں جو سٹاک شیئرز اور جوئے جیسے کاموں میں عمل دخل رکھتے ہیں ان کو کسی بھی جلد بازی کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ ایسے فیصلے جو بے بنیاد باتوں اور جلد بازی میں کیے جائیں گے وہ نقصان کا باعث ہوسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک شعبہ جو آپ کی توجہ کا مستحق ہے وہ ہے قرضوں کی ادائیگی اگر آپ کے ذمہ کوئی قرضہ یا حکومتی ٹیکس ہے تو پوری کوشش کریں کہ معاملات کو اگلے ماہ ڈالنے کے بجائے ان کے بارے میں کوئی مثبت فیصلہ کرلیں۔ 20 تاریخ کے بعد پارٹنرشپ یا کسی دوسرے فرد کے لیے روپے پیسے کا حصول ہوسکتا ہے اس وقت کی گئی شراکت کے فائدہ مند ہونے کے بھی امکانات ہیں۔ ماہِ رواں کے آخری عشرے میں بھی اپنی صحت کا خیال رکھیں اس سے قبل اگر آپ سخت ذہنی محنت یا جسمانی مشقت کے کام کررہے تھے تو اب کوشش کریں کہ ذہن اور جسم کو کچھ نہ کچھ آرام مل جائے کیونکہ اس وقت صحت کے معاملات پر واضح دباؤ محسوس ہوگا۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر سخت رویہ اختیار نہ کریں بلکہ معاملات کو حل کرنے کے بجائے ٹالنے کی کوشش بہتر رہے گی۔

برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر — سیارہ۔۔ زہرہ

حروف۔۔ ر، ت، ط — پتھر۔۔ سنگ دودھیا، ہیرا — دن۔۔ جمعہ

رنگ۔۔ ہلکا گلابی، نیلا — دھات۔۔ تانبہ، پیتل — عدد۔۔ 6

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
7'2'1	20'14'10'9	26'25'13'4

برج میزان کے افراد کے لیے یہ مہینہ عمومی لحاظ سے ایک بہتر وقت لے کر آئے گا۔ آپ کا حاکم کوکب زہرہ 8 فروری کو برج حمل میں داخل ہوگا اور تمام ماہ یہاں رہے گا۔ اس کے اثرات کے تحت آپ معاملاتِ محبت میں اور خاندانی ذمہ داریوں کے حوالے سے زیادہ حرکت پذیر رہیں گے۔ اس عرصے کے دوران آپ کی معاشرتی حلقوں میں مقبولیت بڑھے گی۔ غیر شادی شدہ اور راشی تم کے افراد جنس مخالف کے ساتھ تعلقات بنانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس رویے کے تحت آپ اپنے آپ کو معاملاتِ عشق سے متعلق خطروں کا شکار کرنے کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔ آپ کے لیے اس حوالے سے یہ مشورہ زیادہ مفید ہے کہ آپ ان تعلقات کی نوعیت کو عارضی حوالے سے لیں اس بات کا بہت کم امکان

ہے کہ یہ تعلقات مستقل طور پر قائم رہیں۔اس ماہ بہت ممکن ہے کہ آپ کی شریک حیات اور آپ کے اہل خانہ کی زیادہ توجہ آپ کی جذباتی محبت کی بجائے عمومی محبت کی طرف منتقل ہو۔کوشش یہ کریں کہ اظہار محبت کے ساتھ ساتھ افراد خانہ کے لیے مناسب رقم کا بندوبست بھی کریں۔اسی طریقہ سے آپ اپنے تمام معاملات میں توازن قائم کر پائیں گے اور افراد خانہ کے ساتھ خوشگوار دن بسر کر سکیں گے۔عمومی کوکبی پوزیشن کے تحت وہ میزان افراد جو صحت کے مسائل کا شکار تھے اب اگر سنجیدگی سے طبی مشورہ اور علاج کریں تو بالیقین صحت اچھی ہو جائے گی اور مرض کی شدت میں کمی بھی واقع ہوگی۔اس ماہ میوزک' سیر و تفریح اور آسائشات کی طرف رجحان میں اضافہ ہوگا۔روپے کو ادھر اُدھر خرچ کرنے کی بجائے بہتر ہوگا کہ آپ رقم گھر کو خوبصورت بنانے یا گاڑی وغیرہ کی ضروری مرمت کے اوپر خرچ کریں تا کہ روپے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھایا جا سکے۔اس ماہ کے آخری عشرے میں اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد اور ملازموں پر خاص نظر رکھیں اگر آپ ان ملازموں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اُٹھانا چاہتے ہیں تو اس وقت ایسا کرنا ممکن ہوگا اور ان کے ذریعے آپ کو مادی فوائد کا حصول ہوگا۔نوکری پیشہ میزان افراد پر اس ہفتے میں ذمہ داریوں کا بوجھ بڑھ جائے گا۔

برج عقرب

21 اکتوبر تا 20 نومبر سیارہ۔۔پلوٹو

حروف۔۔ذ، ز، ض، ظ، ن پتھر۔۔مرجان' عقیق سرخ دن۔۔منگل

رنگ۔۔گہرا سرخ دھات۔۔لوہا' تانبہ عدد۔۔9

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
9'8'3	21'20'15'14	26'9'4'3

برج عقرب کے افراد کے لیے ماہ رواں خاندانی حوالے سے اچھا ثابت ہوگا۔وہ عقرب افراد جو اپنے مزاج کے باعث گھریلو حالات میں تیزی و تندی لانے کا باعث بنتے ہیں اگر تھوڑی کوشش کریں تو اس ماہ وہ اپنے حالات پر قابو پا سکتے ہیں۔اپنے ہاتھوں اور زبان پر تھوڑا سا کنٹرول آپ کے خاندانی اور ازدواجی زندگی کو بہتر بنا دے گا۔جاری کوکبی حالت اس بات کی بھی مظہر ہے کہ آپ اپنے کیرئیر پر توجہ دیں اور خاص طور پر آنے والے وقت کے لیے اپنی منصوبہ بندی کر لیں اس وقت براہ راست عملی اقدامات کی بجائے سوچ و بچار اور منصوبہ بندی پر عمل کرنا زیادہ بہتر رہے گا۔معاملات محبت و عشق میں آپ شدت کے ساتھ اپنی مرضی کے نتائج لانے کے خواہش مند ہونگے۔یہ ماہ متفرق کوکبی حالتوں کے تحت اس بات کا اشارہ بھی دے رہا ہے کہ آپ اس حوالے سے اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔

گو یہ ماہ عمومی طور پر آسودگی کا مظہر ہے تاہم مالی معاملات کے حوالے سے معاملات میں سختی کا عنصر پایا جاتا ہے۔عموماً پچھلے ماہ کی نسبت اس ماہ زیادہ توجہ اور محنت سے کام لینا ہوگا۔مالی معاملات نوکری یا کاروبار کے حوالے سے سُستی کسی بھی طور مفید ثابت نہ ہوگی۔آپ کے لیے یہ مشورہ خصوصاً اہم ہے کہ آپ ماہ رواں میں جنس' محبت اور تفریح کو دوسرے درجے پر رکھیں اور پہلے درجے کو صرف اور صرف کام کو۔اس کی کوکبی وجہ یہ ہے کہ آپ کا روپے پیسے کے متعلق کوکب حالت رجعت میں ہے جس کی وجہ سے آپ اس کے معاملات میں لاپرواہی اختیار کر سکتے ہیں۔حالانکہ اس وقت آپ کو ان معاملات پر زیادہ توجہ اور محنت کی ضرورت ہے۔وہ لوگ جو اشیاء بنانے کا کام کرتے ہیں یعنی کسی کارخانے یا ورکشاپ کے مالک ہیں تو ان کو اپنی اشیاء کے ڈیزائن یا تبدیلی کے بارے میں سوچنا چاہیے۔اس وقت کا تقاضہ یہ ہے کہ آپ ایک روٹین سے ہٹ کر اقدامات اُٹھائیں۔تعلیم حاصل کرنے والے عقرب افراد کے لیے یہ وقت بہتر مواقع لے کر آئے گا۔وہ عقرب افراد جو خرابی صحت کا شکار تھے وہ خوش ہو جائیں کہ اس ماہ کا آخری عشرہ ان کے صحت کے مسائل کو حل کرنے کے واضح امکانات لے کر آیا ہے۔

برج قوس

21 نومبر تا 20 دسمبر سیارہ۔۔مشتری

حروف۔۔ف پتھر۔۔پکھراج دن۔۔جمعرات

رنگ۔۔ہلکا ارغوانی دھات۔۔ٹن' سونا' چاندی عدد۔۔7

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
7'6'4	20'17'16'9	26'13'12'4

برج قوس کے لوگوں کے لیے یہ ماہ کئی حوالوں سے اہم ہے۔ماہ رواں کے پہلے ہفتے میں مریخی حرکت آپ کو اس ماہ اپنے چھپے ہوئے دشمنوں' پشت سے وار کرنے والے لوگ اور غیبت گو افراد سے محتاط رہنے کا اشارہ دے رہی ہے۔آپ کے یہ خفیہ دشمن اپنی چالیں چلنے کی پوری کوشش کریں گے۔سو آپ ان سے محتاط رہیں تا کہ آپ کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہ ہو سکے۔اس حوالے سے یہ بات اہم ہے کہ آپ اپنے اندر لچک پیدا کریں اور روزمرہ تعلقات میں سخت رویے کا اظہار نہ کریں۔براہ راست اقدامات کی بجائے کسی واسطے سے کیے گئے

اقدامات زیادہ مثبت نتائج لے کر آئیں گے۔ اس ماہ کی خاص کوبی حالتیں آپ کو گھریلو اور خاندانی معاملات اور سیاست میں مصروف رکھیں گی۔ اس بات کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ آپ اپنے گھریلو اور خاندانی اُمور سے توجہ نہ ہٹائیں۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو ایسی صورت حال بھی پیدا ہوسکتی ہے جس کے تحت آپ کو اپنی کاروباری اور پیشہ ورانہ مصروفیات کو ترک کرنا پڑے۔ وہ نوکری پیشہ افراد جن کے تبادلے کا خطرہ تھا یا کوئی ایسی بات چل رہی تھی تو اب بہت قوی امکان اس کا ہے کہ ان کا تبادلہ ہوجائے گا۔ اگر آپ بھی ایسے افراد میں شامل ہیں جن کا تبادلہ ہوسکتا ہے تو ابھی سے تبادلہ رکوانے کی کوشش شروع کردیں۔ وہ افراد جن کے تبادلے وغیرہ جیسے معاملات زیرِ غور ہیں وہ بھی کسی نہ کسی حوالے سے گھر کے کاموں میں مشغول ہونگے بہت ممکن ہے تبدیلی مکان یا گھر کو ازسرنو ترتیب وسجاوٹ کی طرف طبعیت مائل ہوجائے۔ اس ماہ کے آخری عشرے میں اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ خاص طور پر جسم کے نچلے حصوں کے امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ بہت زیادہ خوش خوراکی بھی صحت کے لیے ٹھیک ثابت نہیں ہوگی۔ معاملات محبت آپ کی زندگی کا وہ شعبہ ہے جس میں اس ماہ نہایت تیزی سے تبدیلیاں واقع ہونگی۔ کاروباری افراد اور نوکری پیشہ افراد کو معاشی طور پر ایک بہتر مستقبل یا اپنے کاموں کی تکمیل کے لیے دوسرے لوگوں کا سہارا لینا ہوگا ورنہ حسب منشاء نتائج حاصل نہ ہونگے۔

برج جدی

21 دسمبر تا 20 جنوری سیارہ۔۔ زحل

حروف۔۔ ج، خ، گ پتھر۔۔ نیلم گاؤ میدک دن۔۔ ہفتہ

رنگ۔۔ گہرا نیلا، سلیٹی دھات۔۔ سونا، پلاٹینم عدد۔۔ 8

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
8'4'1	20'19'9'4	26'17'14'3

ماہ رواں میں برج جدی کے افراد کے لیے بیرونی دنیا کے رد عمل کے ساتھ ساتھ ان کا زندگی کے بارے میں اپنا رویہ اور معاملات کا سامنا کرنے کا طریقہ اور کاموں کو انجام دینے کی پالیسی حد درجہ اہمیت اختیار کرجائے گی۔ اس لیے یہ بہتر ہوگا کہ آپ اس ماہ دوسروں کے اقدامات کرنے کی بجائے آگے بڑھ کر خود کوئی قدم اُٹھائیں یا فیصلہ کریں۔ جہاں تک آپ کی ازدواجی اور گھریلو زندگی کا تعلق ہے یہ وقت گھر اور خاندان کے معاملات کو خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دینے کے لیے بہترین ہے۔ اگر آپ گھر میں کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں یا گھر کی تزئین و آرائش کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت بہتر نتائج لے کر آئے گا۔ جہاں تک کاروباری معاملات یا شراکت کا تعلق ہے تو ایسے شراکت کار جو آپ کے ہم عمر یا آپ سے کم عمر ہیں مفید ثابت نہ ہونگے۔ البتہ بڑی عمر کے افراد بطور شریک کاروبار اور شریک حیات بہتر نتائج لانے کا سبب ہونگے۔ تاہم اس وقت آپ شراکتی کاروبار شروع کرنے یا شراکتی کاروبار میں کسی بڑی تبدیلی کا فیصلہ نہ کریں یہ ماہ اس حوالے سے مثبت نتائج نہیں لائے گا۔ اس ماہ کی 3 تاریخ کو مریخ برج ثور میں داخل ہورہا ہے اور اس کی یہ حرکت صحت کے حوالے سے اچھے نتائج لائے گی۔ آپ کو اس ماہ اپنی ہڈیوں اور دانتوں کی خاص طور پر فکر کرنی چاہیے اگر آپ کی صحت متاثر ہوئی تو وہ ان ہی سے متعلق ہوگی بصورت دیگر صحت کا خاص مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔ کھلاڑی اور سخت ورزش کرنے والے افراد خاص طور پر ہڈیاوں اور جوڑوں کی حفاظت کریں۔ مالی حوالے سے یہ ماہ کئی اتار چڑھاؤ لے کر آئے گا۔ یہ وقت اس حوالے سے تو بہتر ہے کہ آپ نے لوگوں سے رقم کا جو لین دین کرنا ہے یا جو تنازعات آپ کے اس حوالے سے چل رہے ہیں ان کی تیزی کا سبب پیدا ہوگا خصوصاً بنکوں اور لوگوں سے لیے گئے قرضہ جات میں کچھ آسانی ہوگی۔ تاہم مجموعی طور پر مالی معاملات ایک طلاطم کا شکار رہیں گے۔ آمدنی کا حصول تسلسل کے ساتھ نہ ہوگا۔ تاہم آپ کی ضروریات پوری ہوتی رہیں گے۔

برج دلو

21 جنوری تا 20 فروری سیارہ۔۔ یورانس/ زحل

حروف۔۔ س، ش، ث پتھر۔۔ عقیق یمنی، نیلم دن۔۔ ہفتہ

رنگ۔۔ سیاہ دھات۔۔ پلاٹینیم عدد۔۔ 4

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
7'6'3	26'22'21'20	17'16'9'6

برج دلو کے حامل افراد جو عرصہ سے جائیداد کی خرید وفروخت کے بارے میں پریشان تھے اب اس حوالے سے ان کو مدد ملنی شروع ہوگی۔ افراد خانہ عمومی طور پر زندگی کے مختلف شعبوں میں آپ کے مددگار ہونگے۔ سو ایسے کام جہاں آپ کو کسی کی مدد کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ بیرونی افراد کے علاوہ افراد خانہ کو

بھی مدنظر رکھیں۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کو پوری مدد اور راہنمائی گھر سے ہی مل جائے۔ یہ ماہ بہت زیادہ بیرونی سرگرمیوں کے بجائے ایک ٹھہراؤ اور تحمل کا طالب ہے۔ گو اس ماہ آپ کے اعتماد اور اپنے آپ پر یقین کا پیمانہ کچھ زیادہ ہی لبریز ہوگا اور یہ اچھی بات بھی ہے۔ تاہم آپ کو ایسے رویے کا اظہار کرنا چاہیے کہ دوسرے لوگ آپ کے ساتھ بات چیت اور ملاقات میں آسودگی محسوس کریں یہ نہ ہو کہ آپ کا اعتماد اس قدر قوی ہو کہ دوسرے لوگ آپ سے بات چیت میں منفی طور پر متاثر ہوں۔ اگر آپ ایسا لباس خریدنے کے خواہش مند ہیں جو اچھا بھی ہو اور پائیدار بھی تو کپڑوں اور ذاتی اشیاء کی خرید و فروخت کریں۔ اس ماہ کا دوسرا عشرہ ایسے لوگوں کے لیے یقیناً دلچسپ ہوگا جو شادی، منگنی یا عشق و محبت جیسے اُمور کی طاق میں ہیں۔ کوکبی پوزیشن اس وقت کچھ ایسے ہی حالات کی نشاندہی کر رہی ہے۔ تاہم اگر آپ کے اردگرد کا ماحول مذہبی اور معاشرتی بندشوں کا شکار ہے تو پھر ان معاملات میں حد سے گزرنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ مستقبل میں یہ چیز مثبت ثابت نہ ہوگی۔ آپ کی زندگی کا ایک اور شعبہ جس کی طرف آپ کی توجہ بہت زیادہ مبذول رہے گی وہ مالی اور معاشی معاملات ہیں۔ یہ مہینہ اس حوالے سے بھی آپ کو خوشی دے گا کہ آپ کی شریک حیات / محبوبہ یا محبوب مالی معاملات میں کسی نہ کسی طور پر آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ بلکہ اس کی بجائے اگر یہ کہا جائے کہ ان لوگوں کے علاوہ آپ کے اردگرد رہنے والے آپ کے پیارے اور دیگر افراد خانہ اس ماہ آپ کو حسب منشاء مالی اُمور میں معاونت فراہم کر سکتے ہیں تو غلط نہ ہو گا۔ تاہم نوکری پیشہ افراد کے اُوپر اس ماہ کام کا ماحول کا دباؤ رہے گا جو ان کو ذہنی طور پر متاثر کرے گا۔

سکتا ہے۔ اس ماہ کی کوکبی صورت حال کے تحت توقع ہے کہ آپ دوسروں کے اثر سے آزاد ہو کر اپنے طور پر فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے۔ کوشش کریں کہ اس ماہ اس کے ثمرات سے مکمل طور پر فیض یاب ہوں۔ یہ ماہ چھوٹے سفروں کے حوالے سے بھی بہتر ہے۔ قرب و جوار میں آپ کو کوئی کام ہے یا آپ کا روزگار اس نوعیت کا ہے جس میں حرکت مفید ثابت ہو سکتی ہے تو سفر پر کمربستہ ہو جائیں بالیقین سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ اس ماہ کا آخری ہفتہ اس حوالے سے اہم ہے کہ آپ کو اپنے کیریئر پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ تاہم اگر آپ کوئی نیا منصوبہ یا پراجیکٹ شروع کرنا چاہ رہے ہیں تو فی الحال رُک جائیں مستقبل میں اس کی تکمیل کے حوالے سے خدشات نظر آ رہے ہیں۔ وہ لوگ جن کا کاروبار یا روزگار سیلز، مارکیٹنگ، رسل و رسائل یا تعلیم کے شعبے کے ساتھ ہے ان کے لیے یہ وقت خاص طور پر بہتر ثابت ہوگا۔ نوکری کی تلاش کرنے والے حوت افراد اس ماہ کے آخری عشرے میں اس بات کی توقع کر سکتے ہیں کہ ان کو کوئی مناسب جاب مل جائے۔ بہت ممکن ہے کہ اچانک ہی روزگار کے اسباب پیدا ہو جائیں۔ ماہ رواں میں جنس مخالف کی توجہ آپ کی طرف مبذول رہے گی۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ کو کسی خاص پسند پر پہنچنے پر وقت لگے گا۔ ایک کے بعد دوسری عورت یا مرد میں دلچسپی پیدا ہوگی اور حتمی فیصلہ کرنا قدرے مشکل ہو جائے گا۔ شاید آپ کا یہی رویہ دوسروں کی دلچسپی آپ میں بڑھ جانے کا باعث بنے گا۔ ماہ رواں میں کوکبی پوزیشن اس بات کی مظہر ہے کہ آپ کے حلقہ احباب کی وسعت میں اضافہ ہوگا اور آپ کے تعلقات صاحب حیثیت لوگوں کے ساتھ قائم ہوں گے۔ گھر اور ازدواجی زندگی آپ سے زیادہ وقت اور توجہ کے طالب ہوں گے۔ آپ کو یہ مشورہ تو نہیں دیا جا سکتا کہ آپ تمام کام چھوڑ چھاڑ کر گھریلو معاملات میں وقت صرف کریں تاہم خوشگوار ازدواجی زندگی کے لیے بہتر ہوگا کہ آپ کچھ وقت نکال کر اہل خانہ پر صرف کریں۔

☆☆☆☆☆

صرف اس ماہ کے لیے

لکی نمبر	سعد تاریخیں	نحس تاریخیں
0'7'9	2'9'20'23	14'16'19'22

برج حوت کے حامل افراد کے لیے عمومی طور پر اس ماہ کو کچھ اچھا کہا جا

نقوش وعملیات

لوح دست غیب	مالی آسودگی' ادائیگی قرض' کاروبار میں برکت' نوکری میں ترقی......تانبے پر ۷۰۰ روپے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح آیت الکرسی	بچے اور زچہ کی حفاظت' برائے تحفظ سحر جادو' گھر و افراد خانہ کی حفاظت۔ تانبے پر ۲۱۰۰ روپے
زچگی' امراض خواتین	بچوں کی پیدائش کے مسائل و امراض یا اس سلسلے میں سحری و روحانی' خصوصی نسوانی امراض کے حل کے لیے مجرب......تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح خوش قسمتی	خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ ہدیہ چاندی پر ۷۰۰ روپے
طلسم تسخیر و حاجت	یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰ روپے' سونے پر ۱۶۰۰۰ روپے
لوح اسم اعظم	ہر فرد کے مقصد اور نام کی مناسبت سے خاص اسم الٰہی استخراج کیا جاتا ہے۔ اپنے ذہنی' روحانی' مالی' مادی ہر قسم کے مسائل کے حل کے لیے لوح اسم اعظم تیار کروائیں۔ اپنا نام' والدہ کا نام اور مقصد بمعہ ہدیہ ارسال کریں۔......چاندی پر ۳۶۰۰ روپے' سونے پر ۱۶۰۰۰ روپے۔
طلسم صحت	لوح تیار کرتے ہوئے خاص کوکبی اوقات اور ستاروں کی خاص پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے اور ان کی مزید طاقت اور شفا بخشی عطا کرنے کے لیے روحانی عمل کیا جائے تو وہ فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی و مقناطیسی طاقت کی حامل ہوتی ہے......چاندی پر ۲۱۰۰ روپے' خصوصی لوح چاندی پر ۳۶۰۰ روپے' سونے پر ۲۱۰۰۰ روپے
لوح تحفظ (لاکٹ)	دشمن سے حفاظت' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی......تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح مریخ	مقابلے میں کامیابی' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی بہتری......تانبہ پر ۷۰۰ روپے
لوح شمس	عزت' وقار' شہرت' کامیابی' عروج' حصول عہدہ' اعلیٰ پوزیشن' کامیابی' نوکری میں ترقی' اولاد نرینہ......تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے' سونے پر ۸۰۰۰ روپے۔
لوح زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت' تسخیر محبوب' رجوع خلقت' شادی' حسن' خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے۔......تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے

لوح عطارد	برائے علم و عقل اور حافظے میں اضافہ' رزق' کاروبار اور تجارت میں ترقی' فصاحت و بلاغت' دماغی امراض سے بچاؤ' امتحان میں کامیابی......چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح مشتری	دولت' استحکام' خوش حالی' تجارت میں اضافہ' ترقی' حصول جائیداد' انعامی بانڈ' لاٹری' خاتمہ غربت......کاغذ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
طلسم مشتری (سکہ)	شرف مشتری کے وقت یہ سکہ بنایا گیا۔ اس کو آپ تجوری یا روپے رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں......چاندی پر ۵۰۰ روپے
طلسم صحت مشتری	مختلف امراض کا خاتمہ' حصول صحت وغیرہ......چاندی پر ۲۱۰۰ روپے
لوح زحل	برائے ہمیشگی' عظمت' بزرگی' عمارتوں' گھروں' عہدوں اور مرتبے کے استحکام (مثل بادشاہ' وزیر و افسران اعلیٰ' سیاست دان' ڈاکٹر' نجومی)۔
لوح راس	دولت' امارت' شہرت' کامیابی' میڈیا وار میں کامیابی' عاملین' نجومی' جفار اور پیروں کے لیے خاص طور پر مفید......چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح قمر	شرف قمر اور اوج قمر کے وقت ہر ماہ یہ لوح تیار کی جاتی ہے۔ کسی بھی مقصد کے لیے تیار کی جا سکتی ہے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے' خصوصی ۳۶۰۰ روپے
خاتم سلیمان	۳۳ امور جن کا ذکر ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں کیا گیا ہے......تانبہ پر ۷۰۰ روپے' چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
لوح استخارہ	کسی بھی کام کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید لوح......چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
انگوٹھی طلسم	ہر کوکب کی ایک خاص طلسمی شکل ہے۔ اس ہی شکل کے تحت ہر کوکب کی انگوٹھی الگ الگ بنائی گئی ہے......چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
انگوٹھی عدد ۹	9 کی انگوٹھی اپنی متفرق فوائد کی وجہ سے بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے......چاندی پر ۱۱۰۰ روپے
انگوٹھی	مختلف مقاصد کے لیے ......کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے ہدیہ: ۴۵۰ روپے (ڈاک خرچ ۲۵ روپے)
انگوٹھی مریخ	صحت' توانائی' جسمانی' حیوانی' جنسی قوت اور ردسحر کے لیے......تانبے پر ۴۵۰ روپے

زائچہ جات

مندرجہ ذیل زائچہ جات خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات از خود تیار کریں گے۔ آپ مکمل اعتماد کے ساتھ رجوع کر سکتے ہیں۔ آپ درج ذیل فیس ادا کر کے حسب خواہش زائچہ بنوا سکتے ہیں۔

زائچہ پیدائش زائچہ پیدائش کوئی بھی فرد خالد روحانی جنتری یا راہنمائے عملیات کا کوپن ارسال کر کے مفت بنوا سکتا ہے۔

حالات زندگی زندگی کے 18 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ کمپیوٹر سے اردو میں تیار کی جاتی ہے۔ اس میں یہ 18 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار' زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات' محبت اور رومانس' مشاغل' صحت' مالی حالت' طریق زندگی' کیریئر' روزگار' موزوں پتھر' موزوں دھات' موزوں دن' موزوں رنگ' آپ کا برج' آپ کا ستارہ' آپ کا عدد' اسم الٰہی برائے ذکر' زائچہ پیدائش۔ فیس -/700

حالات زندگی اس میں زندگی کے 9 امور زیر بحث آئیں گے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار ہوگی۔ فیس -/350

عددی رپورٹ یہ عددی زائچہ / رپورٹ تقریباً 10 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں یہ امور زیر بحث آئیں گے۔ نام کا نمبر' عمومی خصوصیات' مزاج' کردار' روزگار وغیرہ' خوش قسمت پیشے' خوش قسمت رنگ' خوش قسمت پتھر' خوش قسمت دن' خوش قسمت تاریخیں' اہم سال' تاریخ پیدائش کا مفرد عدد اور اس کی خصوصیات' تاریخ / دن پیدائش کے عدد کے اثرات' نام کا مفرد عدد اور اس کے اثرات' دولت کا عدد اور اس کے اثرات' نام اور تاریخ پیدائش کا مرکب عدد اور اس کی خصوصیات' نام کا پہلا حرف اور اس کے اثرات' نام کے کل حروف کی تعداد اور اس کی خصوصی اثرات' ذات کا عدد اور اس کے اجتماعی اثرات۔ یہ رپورٹ انگلش میں کمپیوٹر سے تیار کردہ ہے۔ فیس -/450

وقتی زائچہ (بمعہ پیشن گوئی) زائچہ شادی / زائچہ کاروبار / زائچہ اولاد / زائچہ صحت / زائچہ سحر وغیرہ...... مستقبل کے حوالے سے کسی خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔ فیس -/1000

خوش قسمتی کا پتھر خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت' رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب۔ فیس -/200

بچے کا نام علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ فیس -/200

سالانہ زائچہ (بمعہ پیشن گوئی) کسی بھی سال کے حالات جاننے کے لیے آپ سالانہ زائچہ بنوا سکتے ہیں۔ ہر ماہ کے حالات الگ الگ تحریر ہوں گے۔ فیس -/1500

بائیو ردم رپورٹ بائیو ردم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی' ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ کون سا حیاتیاتی دور کون سے کاموں' امور اور زندگی کی پہلوؤں سے تعلق رکھتا ہے اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپکو روزانہ بائیو ردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ فیس -/350 ۔۔۔ برائے ایک سال

70 سالہ دشا اس رپورٹ میں صرف دور اکبر' دور اصغر اور دور صغیر کا بیان ہوگا۔ فیس -/550 روپے

70 سالہ دشا اس رپورٹ میں صرف دور اکبر' دور اصغر' دور صغیر اور صغیر الاصغر کا بیان ہوگا۔ فیس -/1550 روپے

پتھر اور جواہرات

مختلف پتھر مختلف سحری اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کو خوش قسمتی' صحت' رد سحر' ذہنی سکون' حصول دولت اور دیگر لاتعداد امور میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے اس امر کا خاص اہتمام کیا ہے کہ آپ کو اصلی پتھر سستی قیمت دستیاب ہوں۔ آپ اس سلسلے مکمل اعتماد اور یقین سے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

قائم شدہ ۱۹۹۱

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

کورسز برائے عملیات اعداد' نجوم' پامسٹری' جفر' ساعات

علوم مخفی سے اپنی طویل رفاقت اور مختلف اخبار ورسائل میں لکھنے کے دوران اندرون اور بیرون ملک سے علوم مخفی کے شائقین کا مسلسل یہ اصرار رہا کہ ان کو علوم مخفی کی تعلیم دی جائے۔ لیکن میرے لیے ہر فرد کو الگ الگ تعلیم دینا ممکن نہ تھا۔ اس وجہ سے 1991ء میں خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے نام سے علوم مخفی کی تعلیم کا ایک باقاعدہ ادارہ تشکیل دیا گیا۔ جس کے تحت بذریعہ ڈاک اور بالمشافہ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ گو ہمارے ہاں ان علوم سے وابستہ افراد کسی کو علوم مخفی کی تعلیم نہیں دیتے بلکہ ان علوم کو اپنے سینے میں محفوظ رکھتے ہیں۔ تاہم میں نے بلا کسی بخل کے ان علوم کو عام کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری دیانتداری کے ساتھ ان علوم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ آپ پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ مایوس نہ ہوں گے بلکہ کورس کے اختتام پر آپ اس قدر مہارت حاصل کر چکے ہوں گے کہ آپ کے لیے زائچہ بنانا' ہاتھ دیکھنا' کسی سوال کا جواب دینا یا حالات زندگی معلوم کرنا کچھ مشکل نہ ہوگا۔ بلکہ آپ مشکلات ومسائل کے شکار افراد کی روحانی مدد کرنے کے قابل بھی ہوں گے۔

خالد اسحاق راٹھور' پرنسپل خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز' لاہور نے اپنے سالہا سال کے تجربے اور تحقیق کی روشنی میں علوم مخفی پر درج کورس تیار کیے جو ایک طویل عرصے تک ادارے میں پڑھائے جارہے ہیں۔ آپ خصوصی کورس کے تحت تمام کورسز اکٹھے سیکھ سکتے ہیں۔ اور اگر آپ کسی ایک کورس میں داخلہ لینا چاہیں تو انفرادی کورس کے تحت کسی بھی ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیل ذیل میں درج ہے۔

(1) عملیات
(2) نجوم
(3) اعداد
(4) پامسٹری
(5) جفر
(6) ساعات

بذریعہ ڈاک کورسز کی تعلیم دو طریقوں سے دی جاتی ہے

اول:
خصوصی کورس... اس طریقے میں تمام کورسز اکٹھے پڑھائے جاتے ہیں۔

دوم:
انفرادی کورس... اس طریقہ کے تحت ہر علم کا کورس الگ الگ پڑھایا جاتا ہے۔

تفصیلات کے لیے خط لکھیں یا خود ملیں

یہ کورسز بذریعہ ڈاک کروائے جاتے ہیں/آپ گھر بیٹھے ان کورسز کو کر سکتے ہیں

برج دلو

ستارہ یورانس زحل

20 جنوری سے 21 فروری

از: رئیس اعظم

نام کے اول حروف: گو۔گ۔ع۔س۔ش۔ص۔ث ہے۔

نشان: پانی کی چھاگل مشکیزہ دار...... **عنصر:** ہوا...... [illegible]

سیارہ: زحل یورانس...... **خوش بختی کا ہندسہ:** 4 (چار)......

خوش بختی کا دن: جمعہ، ہفتہ، اور سوموار کا آدھا دن...... **موافق**

نگینہ: نیلم، فیروزہ، پنا، عقیق، سنگ باول، سنگ دودھیا...... **موافق**

رنگ: بنفشی نیلا آسمانی سیاہ کالا اور ان رنگوں کے مختلف شیڈ...... **بہترین**

دوست: جن کے نام کے اول حرف: ک، ق، حا، خ، جوزا یا ر۔ت۔ط۔

بہتر دوست: ۔ف۔ا۔ل۔ع۔ی۔د۔خ۔ظ۔ز۔ذ...... **غیر**

یقینی دوست: جس کے نام کے اول حرف ا۔او۔ای۔ب۔و۔م۔تا۔ ن۔یا۔پ۔پا۔

بیماریاں: دلو لوگوں کو ان بیماریوں میں سے کوئی ہو سکتی ہے۔ درد گردہ، آنتوں کی بیماریاں۔ دمہ (ضیق النفس) بد ہضمی کی شکایت۔ اپنڈے سائٹس (آنت کا متورم ہو جانا) اختلاج قلب۔ مثانہ کی بیماریاں۔ تبخیر معدہ۔

موزوں پیشے: کاروبار۔ تجارت۔ انجینئرنگ۔ تعلیم و تدریس۔ جاسوسی۔ سراغ رسانی۔ سیلز مینی۔ سیاست۔ فوجی ملازمت۔ سرکاری نوکری۔

دلو افراد کی خصوصیات

ان کی آنکھیں سحر انگیز ہوتی ہیں۔ ان کے بال سیدھے اور ریشمی ہوتے ہیں۔ چہرے کی رنگت زردی مائل ہوتی ہے۔ دلو افراد عام طور پر سوچ بچار کرتے وقت اپنا سر ایک طرف کو جھکا لیتے ہیں۔ یہ لوگ تجزیہ نگار ہوتے ہیں۔ یہ لوگ جو بات آج سوچتے ہیں وہ دوسرے لوگ پچاس سال بعد سوچیں گے۔ ان کی یادداشت اچھی نہیں ہوتی۔ برج دلو کے لوگ دنیا کے ہر فرد کو اپنا دوست سمجھتے ہیں۔

دلو لوگ اپنے بچوں سے بڑی محبت کرتے ہیں اور ان کی باتیں پوری توجہ سے سنتے ہیں۔ ان میں بڑی دلچسپی لیتے ہیں۔ دلو لوگوں کو ایسے ساتھی کی ضرورت ہوتی ہے جو انہیں سمجھتا ہو۔

دلو مردوں کا کردار: یہ مرد دوسروں کے لئے ایک چیلنج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ پر کشش لیکن بے چین قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ یہ خوش باش ہوتے ہیں اور رومانی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ کبھی کبھار ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ ٹھنڈا مزاج رکھتے ہیں۔ یہ کئی عورتوں پر نگاہ رکھتے ہیں۔ ضرورت پڑے تو عورتوں کو ترغیب دے کر زیر کرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔ کبھی کبھار یہ زبردست سنگدلی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ لیکن ان باتوں کے باوجود محبت کرتے ہیں تو بڑی زوردار ہوتی ہے۔

دلو مردوں کے دل میں امنگوں کا ایک طوفان ہوتا ہے۔ ان کا نقطہ نظر اور زندگی کا انداز اتنا پرکشش ہوتا ہے کہ صنف مخالف ان کی طرف کھنچی چلی آتی ہے۔ ان مردوں کو باندھ کر رکھنا پڑتا ہے۔ کیونکہ ان کے مزاج میں ایک طرح کی سیلانی کیفیت ہوتی ہے۔ چونکہ کسی ایک فرد سے محبت کرنا خود کو محدود کر دینے کے مترادف ہوتا ہے۔ اس لئے دلو مرد محبت کی انتہائی قربت سے بالآخر اکتانے لگتے ہیں۔ لیکن اگر انہیں اپنی پسند کی محبوبہ یا بیوی مل جائے تو پھر یہ کافی محبت کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ان پر مکمل اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ ان مردوں کو بیوی کے جذباتی سہارے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن ان کے ساتھ ہی یہ ایک طرح سے آزاد بھی رہنا چاہتے ہیں۔ یعنی یوں کہنا چاہیے کہ یہ مرد جذبات سے بھرپور محبت تو چاہتے ہیں لیکن یہ نہیں چاہتے کہ دوسرا فریق ان سے چمٹ کر رہ جائے۔ یہ اپنی ذات اپنی صلاحیتوں کو پیشہ ورانہ کام کاج کے لئے وقف کر دیتے ہیں۔ غیر شادی شدہ زندگی میں برج دلو کے مرد عموماً زبردست عاشق ہوتے ہیں۔ یہ اچھے شوہر بن سکتے ہیں یا نہیں اس کا انحصار خود بیوی پر ہوتا ہے۔

دلو مردوں کو کیسے خوش رکھا جائے: اس مرد کی ساتھ چمٹ کر نہیں رہنا چاہیے۔ عورت کو چاہیے کہ وہ اپنے بارے میں مرد کے دل میں ایک تجسس برقرار رکھے۔ دلو مرد بیحد ذہین ہوتے ہیں۔ اس لئے عورت کو بھی چاہیے کہ وہ ذہنی طور پر مستعد رہے۔ دلو مرد تعریف و توصیف کو بہت پسند کرتے

ہیں۔انہیں تعریف وتوصیف کے ذریعے بآسانی زیر کیا جاسکتا ہے۔

زحل یورانس: یہ سیارہ سب سیاروں سے منحوس مانا گیا ہے۔یہ بد کردار بناتا ہے۔اس کی فطرت حد سے زیادہ تجاوز کرنا ہے۔بے صبر، بے اعتماد، مغرور اور غصیلا بناتا ہے۔جنس مذکر۔ یہ سیارہ شعور سے تعلق رکھتا ہے۔خود مختار ہے۔غیر متوقع اچانک واقعات وحادثات لاتا ہے۔اس کی مقناطیسی فطرت حیران کن اثرات کی حامل ہے۔سیارہ شناس منجم، کسی بھی شعبہ میں تحقیقاتی کام کرنے والے، موجد الیکٹریشن، ریڈیوگرافر، فزیشن سب اسی کے زیر اثر آتے ہیں۔اگر طالع دلو ہے تو جب قمر برج قوس میں ہوگا تو نحس ہوگا۔

زحل: زمین سے 734 گنا بڑا ہے۔قطر 79000 میل ہے۔سورج سے 780200000 میل کی فاصلے پر ہے۔زمین سے 875200000 میل دور ہے۔اپنے محور کے گرد ڈیڑھ دن میں گھوم جاتا ہے۔ایک برج کو ڈھائی سالوں میں اور بارہ برجوں کو قریباً $29^1/2$ سال میں طے کرتا ہے۔یہ کوکب التواء رکاوٹوں، تنہائی اور خلوت سے وابستہ ہے۔جب یہ سعد ہوتا ہے تو اجتماعی امداد لاتا ہے۔یہ مطالعہ، مستقل کاموں اور ذرائع سے منافع لاتا ہے۔یہ کوکب جب نحس ہوتا ہے تو دیری لاتا ہے۔معاملات کو روک دیتا ہے۔اس کا اثر خاندانی معاملات اور رشتہ داری پر بھی پڑتا ہے۔

نحس اثرات دور کرنے کے لئے عامل وکامل جناب خالد اسحاق راٹھور سے ایک معجزاتی لوح اپنی حفاظت کے لیے تیار کروائیں۔جبکہ ہر لوح اپنے نحس برج یا سیارے کے نام پر ہوتی ہے۔مثلاً لوح زحل، لوح مشتری، لوح قمر، لوح جدی، لوح ثور، لوح سرطان وغیرہ۔ایسا وقت بھی ہوتا ہے جب یہ سب سے اچھا ہوتا ہے۔اپنے اہم اور نئے کام اپنے برج اور سیارے کے لحاظ سے ذیل کی تاریخوں میں انجام دیں۔

ماہ جنوری: 1, 4, 13, 19, 22, 23, 25

ماہ فروری: 2,8,10,12,17,21,25,26

ماہ مارچ: 3,7,9,14,17,21,30

ماہ اپریل: 3,5,7,9,11,13,17,21,25,27

ماہ مئی: 1,10,13,18,23,28

ماہ جون: 3 ,7 ,22,24

ماہ جولائی: 1,5 ,8 ,9,14,19,22,28,29

ماہ اگست: 3,10,13,18,27,31

ماہ ستمبر: 14,23,25,27

ماہ اکتوبر: 5,10,19,23,27

ماہ نومبر: 3,6,8,17,21,24,30

ماہ دسمبر: 4,7,11,13,17,19,21,23,27,29,31

دلو عورتوں کا چال چلن: یہ عورتیں نہ صرف زندگی کو ہنگامہ خیز بنائے رکھتی ہیں۔بلکہ ہر طرح کے خطرات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہتی ہیں۔دلو عورتیں بناؤ سنگار کی دلدادہ ہوتی ہیں۔دلو خواتین عام طور پر خوبصورت اور پیاری ہوتی ہیں۔لیکن ان کی ظاہری وضع میں جلدی جلدی تبدیلی آتی رہتی ہے۔دلو خواتین اگر خوبصورت نہ ہوں تو بھی اچھی ضرور لگتی ہیں۔وہ جدید فیشن کو اپنانے میں پہل کرتی ہیں۔ماہرین علم نجوم نے دلو لوگوں کو چھ درجوں میں تقسیم کیا ہے۔جبکہ عورتوں کی فطرت تمام درجوں کے لیے ایک ہے یعنی ان عورتوں کو شادی، برسر روزگار ہوجانے کے بعد کرنی چاہیے۔ہر زخم کے لئے مرہم اور ہر خواب کی تعبیر ہوتی ہیں۔جوانی میں ان کی صحت قابل رشک ہوتی ہے لیکن بڑھاپے میں کوئی پرانا زخم ہرا ہوسکتا ہے اور پریشانی ہوسکتی ہے۔اگر راہنمائے عملیات کے قاری ہیں تو جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب سے طلسم تسخیر وحاجت تیار کروالیں۔وقت آپ کا ساتھ دے گا۔

(ختم شد)

برائے حب

شرف زہرہ

عین شرف زہرہ کے اوقات میں جبکہ ساعت زہرہ جاری ہو۔ درج ذیل عبارت کو زعفران سے تحریر کرے۔ جن افراد کے درمیان حب اور محبت مطلوب ہو ان کو یہ پانی یا شربت یا کسی بھی شے میں گھول کر پلا دے۔ طرفین میں محبت اور الفت قائم ہوگی۔ ساعت زہرہ کے اوقات الگ سے تحریر ہیں۔ ایسے تین سے سات نقش تحریر کر لیں اور طرفین کو پلا دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا وہاب یا رحیم یا لطیف
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا وہاب یا رحیم یا لطیف
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یا وہاب یا رحیم یا لطیف
بسم اللہ الرحمن الرحیم

برائے رشتہ و شادی

جس مرد و زن کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ اس نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر گلے میں پہن لے اللہ فضل کرنے والا ہے۔ یہ لوح شرف زہرہ کے اوقات اور ساعت زہرہ میں تیار ہوگی۔ تحریر کرتے ہوئے زعفران، مشک اور گلاب کا بخور جلائیں۔ ساعات زہرہ و قمر کا بیان الگ مضمون میں دیکھیں۔ یہ عمل شرف زہرہ کے علاوہ شرف قمر میں بھی تیار ہو سکتا ہے۔

ہدیہ: کاغذ پر اس لوح کا ہدیہ سات سو روپے اور چاندی پر گیارہ سو روپے ہوگا۔

بالوں والا ہے یا چہرے کے اعضاء میں سے کسی میں نقص ہے۔ لنگڑا کر چلنے والا آدمی آپ کا دوست کم از کم اس ماہ میں نہ ہو سکتا ہے۔ اپنے لیے یا اپنی اولاد کے لیے جائیداد بنالیں شاید پھر موقع ہاتھ نہ آئے یا آپ کی اولاد بے عمل اور چندری ثابت ہو۔ ناراض نہ ہونا ہمیشہ اولاد والدین کا عکس ہوتی ہے۔

از: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

-1 اگر آپ کا عدد ایک ہے تو یہ ماہ آپ کے لیے خوشخبری اور خوش بختی کا پیغام لایا ہے۔ فقط تلاش کرنا آپ کا کام ہوگا۔ قریبی اقارب طوطا چشم ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آپ کو اچشم بننے کی کوشش نہ کریں۔ دھوکہ دینے کی نیت ترک فرمائیں۔ آپ کی تمام حرکات اس ماہ مشکوک نظر آتی محسوس ہونگی۔ اس لیے خفیہ دشمنی یا وراثتی دشمنی میں اچانک بھاری نقصان اُٹھانے کا خدشہ ہے۔ اس لیے ضروری اور لازم ہے۔ رازداری بشرط اول ہے۔ بعدہ کامیابی ہے۔ متجسس صفت آدمی کی صحبت سے بھی پرہیز فرمائیں۔ ورنہ ناکامی نتیجہ ہوگی۔

-2 اگر آپ کا عدد دو ہے تو یہ ماہ آپ کے لیے بہت سے فوائد کا پیغام لایا ہے۔ جو لوگ اپنی زیبائش کا خاص خیال رکھتے ہیں وہ اس میں زیادہ خوش نصیب ہونگے۔ ان کے ذوق جمالیات کی تسکین کے تمام اسباب از خود پیدا ہوتے معلوم اور محسوس ہونگے۔ جن لوگوں کا جنوری اچھا گزرا ہوگا ان کے لیے اس ماہ کامیابی کے امکانات 80% سے زیادہ ہیں۔ تکمیل منصوبہ بندی کے لیے روحانی امداد از بس ضروری ہے۔ خواہ آپ کا معاملہ شادی، شریک کاروبار یا شریک حیات موجودہ کے بارے میں بھی کیوں نہ ہے۔ انشاء اللہ کشادگی ہوگی۔

-3 اگر آپ کا عدد تین ہے تو روزگار کے سلسلہ میں پریشانی کے آثار انشاء اللہ کم ہو جائیں گے۔ محنت اور تلاش روزگار اور اسباب آپ کا کام ہے۔ اور جن لوگوں کا انحصار اخبار، اشتہار، ریڈیو یا ٹیلی ویژن پر ہے۔ یقیناً خوشخبری سننے کے منتظر ہیں۔ مایوسی نہ ہوگی ویسے مایوسی گناہ ہے۔ اس پر یقین رکھیں اگر آپ پیشہ ور قابلیت کے حامل ہیں تو حاسد لوگ یا بدخواہ لوگ آپ کو زبان کی نوک پر رکھیں گے۔ آپ بھی ذرا مہربانی فرمانا اور انہیں جوتی کی نوک پر رکھنے کا اعلان نہ فرمانا۔ ورنہ بندوق کی نوک ظاہر ہو سکتی ہے۔

-4 اگر آپ کا عدد چار ہے تو یہ ماہ آپ کو کوشش کیے جاؤ میرے دوستوں! کا سبق پڑھانے آیا ہے۔ اگر آپ عالی ہمت اور پُرعزم ہیں تو انشاء اللہ کامیابی ہے۔ ایسے آدمی کے بارے میں اپنی رائے تبدیل کرلیں جو گھنگریالے

-5 اگر آپ کا عدد پانچ ہے تو یہ ماہ آپ کو عرض کرتا ہے کہ جناب ذرا دن ہنسنے اور لہو ولعب میں گزرانے، تاش کھیلنے، ہوٹلوں میں چائے پینے اور ٹیلی ویژن و وی-سی-آر کے سامنے بیٹھنے کی بجائے ذرا آنے والے مشکل وقت کے متعلق بھی سوچیں۔ اگر آپ تعلیم یافتہ ہیں تو بلبل اور چیونٹی کا سبق آپ جیسے لوگوں کے لیے لکھا گیا تھا۔ اور جو اصحاب باعمل اور تگ و دو میں مصروف ہیں تو ان کے لیے کامیابی اسی ماہ میں ہے یا اسی ماہ کے عمل میں ہے۔ خواہ آپ کسی مقدمہ میں جائز یا ناجائز ہیں۔ ملازم حضرات خاص طور پر توجہ کریں۔ تاکہ ان کی سروس بک خراب نہ ہو۔ متحرک لوگ بالخصوص گاڑی سوار خاص احتیاط رکھیں۔ شادی اور ملازمت کے حصول کے لیے کسی عامل باعمل سے رجوع کرنا بے حد مفید رہے گا۔

-6 اگر آپ کا عدد چھ ہے تو گویا آپ اس ماہ کے بادشاہ یا ملکہ ہیں۔ آپ کے رزق کے اضافہ کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اندرون و بیرون خانہ میں مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ دل پھینک طرز کے فلرٹ اور رطب اللسان آدمی (خواہ مرد ہے یا عورت) اس ماہ خاصے کامیاب رہیں گے۔ سرسروں کے پھول یا اس جیسے رنگ کو پسند کرنے والے اس فلسفہ پر عمل کریں۔ پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ۔ اچھے اچھے گھرانوں کی نوجوان لڑکیاں کم ظرف اور کم ذات مردوں پر پاگل اور فریفتہ ہو سکتی ہیں۔ اس لیے شریف والدین خاص خیال رکھیں۔ کیونکہ موسم بہار میں ہر بُری اور بدصورت شے بھی خوبصورت نظر آتی ہے۔ کیونکہ اس موسم میں شباب مثل شراب ہوتا ہے۔

-7 اگر آپ کا عدد سات ہے تو آپ اس ماہ لوگوں سے مراسم بڑھانے کی کوشش کریں۔ یہ مراسم آئیندہ کام دیں گے یا آئیں گے۔ جنوب مغرب یا شمال سے فائدہ ہوگا۔ اس سمت سے مشورہ لینا بھی مفید رہے گا۔ غصہ کرنا اپنے دل یا دماغ کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہوگا۔ اور جو حضرات گردے یا جگر کے مرض میں مبتلا ہیں وہ اپنی صحت کے لیے گرم اشیاء اور امسا کی اشیاء سے پرہیز کریں۔ بانجھ قسم عورتیں اس ماہ بیک وقت حکیم صاحب اور پیر صاحب سے رابطہ رکھیں کیونکہ

دوا کے ساتھ دعا لازم ہے۔

8- اگر آپ کا عدد آٹھ ہے تو آپ اس ماہ کسی ایسی جگہ نہ جائیں جہاں عورتوں کا ہجوم ہوتا ہے۔ بدنام عورت یا لڑکے سے تعلق رکھنا آپ کو اس ماہ سے رسوا کرے گا۔ اگر آپ کا ذہن اس فلسفہ پر کام کر رہا ہے کہ بدنام ہوں گے تو نام نہ ہوگا یا آپ کا ماٹو یہ ہو کہ جہاں بھی گئے تو ایک داستان چھوڑ آئے۔ یاد رکھیے یہ ماہ آپ کو یا آپ کے خاندان کو عبرت ناک سزا دے گا۔ آخر بدی کا انجام بد ثابت ہوتا ہے۔ اندرون اور بیرون ملک کسی وجہ سے تاخیر پیدا ہو رہی ہو تو اس میں اللہ تعالیٰ کی وجہ سے خیر تصور کریں۔ بے چینی اور پریشانی کا اظہار یا عجلت پسندی نقصان اٹھوائے گی۔ ویسے بھی عجلت پسندی کار شیطان میں سے ہے۔ یقیناً اس ماہ کی غلط کاریوں سے یا ماضی کی غلط کاریوں کا خمیازہ غیر ذمہ داری کی وجہ سے ضرور ظاہر ہوگا۔

9- اگر آپ کا عدد نو ہے تو آپ ماہ جنوری کی کامیابیوں پر فخر نہ کریں اور نہ ہی انحصار کریں۔ آپ کی آمدنی اور ذرائع آمدنی اچانک مسدود ہو سکتے ہیں۔ ممکن ہے کوئی بندش کا عمل کرایا ہو۔ ویسے ہی وقت کی چال ہی ایسی ہے۔ آپ اپنی بیوی یا خاوند کے بارے میں اچھی خبر یا اطلاع سن تو سکتے ہیں مگر دوست احباب یا ان دشمنوں سے بدخبری سنیں گے جو آپ کو قانونی طور پر پھنسانا چاہتے ہیں۔ ممکن ہے آپ نیب یا کسی سرکاری ایجنسی کے زیر تفتیش آ جائیں۔ کیا آپ ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے زیادہ قابل احترام ہیں؟ یہ بات بھی درست ہے کہ آپ کو راحت بھی دوستوں سے ملے گی۔ اگر آپ سرکاری ملازم ہیں اور سخت گیری میں معروف ہیں تو آپ اپنے انجام پر نظر ڈالنے کے لیے جیو چینل پر ایک بار صدام کی تصویر دیکھ لینا۔ اس کے کس طرح دانت گنے جا رہے ہیں۔ اور جو لوگ ہوس کے لیے کسی عورت کے دانت نہیں گنتے ان کے لیے جسمانی عذاب کے آثار اسی ماہ سے پیدا ہو جائیں گے۔ آپ کے اندر خود اعتمادی اگر حد سے زیادہ ہے اور اکثر فیصلوں میں آپ کی مثال جنرل پرویز مشرف صاحب ہیں تو جان لینا چاہیے کہ ان پر قاتلانہ حملے ہو رہے ہیں۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ حالانکہ انہیں امریکہ کی حمایت بھی حاصل ہے۔ یاد رکھیے۔ اکثر لوگوں کے لیے سن 2004 کامیابی کا سال ہے۔

ماہ فروری 2004میں پیدا ہونے والے بچے
علم الاعداد کی روشنی میں

1- ایک عدد کے تابع نام والا مولود بین الاضلاعی سے بین الممالک سطح پر سوچنے والا عالمی ذہن رکھنے والا ہوگا۔ عیاری، مکاری کے تمام گر جانتا ہوگا۔ مال و دولت سے کھیلنے والا ہوگا۔ یہ اور بات ہے کہ مال و دولت کس طریقے سے آئے گا۔ عشق و محبت سے زوال پکڑے گا۔ صحت خراب ہوگی۔ چوٹ آنے سے مرے گا۔ ممکن ہے جس انداز کا خود ہوگا اسی انداز کی بیوی ملے گی۔

2- دو عدد کے تحت نام والا مولود ایک عدد والے کا اُستاد ثابت ہوگا۔ دونوں ہم راز وہم خیال ہوں گے۔ لیکن خود مشکل حالات میں ہوگا۔ اس لیے ایک عدد کی دوستی اس پر لازم ہوگی۔ بُری سوچ کے مالک کی نیت پہلے بھانپ جانے والا ہوگا۔ چترباز کے آگے چترائی نہیں ہو سکتی۔ جدید طرز کا رسہ گیر اور جرائم پیشہ لوگوں کا جھالو اور طرف دار ہوگا۔ لوگ اس سے ڈریں گے۔

3- تین کے عدد کے تابع نام والا لڑکا یا لڑکی کا زوج امیر کبیر اور نفیس ہوگا۔ مگر نکتہ دان ہوگا۔ قابل اعتراض حرکات کا حامل ہوگا۔ اس کا مال و دولت وبال جان بنے گا۔ ممکن ہے لوگ ان کی جائیداد کے حصول کے لیے مرنے یا مارنے کے خواہش مند رہیں۔ ان کی اولاد پیدا نہ ہو سکے اور ان کی جائیداد و مال و دولت (کال کُتے) کھائیں۔ گویا یہ عدد خوشی اور غمی کا ممتزج ہے۔

4- چار کے عدد کے تابع نام بظاہر خوش بختی کا باعث ہوگا۔ لیکن مالی حالات اچھے نہ رہیں گے۔ اولاد کی وجہ سے پریشانی رہے اور محبت میں کافی صدمات اٹھائے گا۔ ازدواجی زندگی پرکشش نہ رہے۔ دوست بھی دشمنوں کے زیادہ قریب رہیں۔ اس لیے لڑکیوں کے نام نہ رکھیں تو اچھا ہے۔

5- پانچ کے عدد کے تابع نام صرف درست کہا جا سکتا ہے۔ آمدنی غلط طریقے سے آئے۔ فریب کاری سے دولت کمائے البتہ اس کے برادران اس کی وجہ سے خوش بخت ہو جائیں۔ محبت کے میدان میں ناکام رہے بلکہ بدنامی اُٹھائے یا وجہ فساد بنے۔ اپنی مخالف صنف کے لیے جاذب نظر نہ ہو اور نہ ہی تسکین کی حد تک پہنچ سکیں حتیٰ کہ علیحدگی کے امکانات ہوں یا کافی عرصہ تک ایک دوسرے سے الگ رہیں۔ سفر بھی وبال جان ثابت ہو اس لیے یہ عدد لڑکیوں کیلئے تقریباً ناموزوں ہے۔

6- چھ کے عدد کے تابع نام عدد چار کے مماثل ہوگا۔ ایک طرح کی مطابقت ہوگی۔ بادی النظر میں یہ عدد پرکشش نظر آ رہا ہے۔ مگر اس عدد کے اندر ناکامی، سفاکیت، محرومیت، عدم محبت، رہبانیت طرز کی سرد جنسی خواہش اور مابین زوجین عدم تسکین جیسی بے رغبت زندگی گزرے اس لیے یہ نام کسی معتبر منجم اور جفار سے پوچھ کر رکھنا چاہیے۔ اناڑی سے پرہیز فرمائیں۔

7- سات کے عدد کے تابع نام رکھنا ایسے ہے جیسے ایک عدد کے تابع نام رکھنا۔ اس ماہ میں یہ عدد زیادہ پرکشش و جاذب نہ ہے۔ البتہ جو خاندان جرائم پیشہ ہیں یا جرائم زدہ علاقہ میں رہتے ہیں۔ اس نام کے افراد آئندہ نامور اور نامی گرامی بدمعاش بنیں گے یا بدمعاشی کا توڑ بنیں گے۔ ظلم کا دور ہمیشہ نہیں رہتا۔ تاریکی کے بعد اُجالا ہے۔ اگر اس عدد کے تابع نام سے روکا جائے تو امکان قوی ہے کہ اس عدد

کے تابع نام یا عرف ضرور رکھے جائیں گے۔

8- آٹھ عدد کے تابع نام زیادہ موزوں نہ ہیں۔ اس عدد کے تابع مولود ابتدائی زندگی کسمپرسی یا مشکلات میں گزاریں گے۔ شادی کے بعد ان کی زندگی بدلے گی۔ ان کی مدد کرنا لوگ پسند نہ کریں گے۔ محبت کے میدان میں بہت غلطیاں کریں گے۔ شاید موت بھی محبت کی وجہ سے ہو جو خودکشی کے مترادف ہو۔ البتہ ان میں کچھ مولود اپنی جائے ولادت بدل کر خوش قسمت ہو جائیں گے۔ البتہ ان لوگوں کو اچھے مشورہ کار اور دوست احباب نہ ملیں گے۔ آٹھ عدد کے تابع لڑکی شادی کے بعد یا کسی اور علاقہ میں شادی کے بعد قوی امکان کے ساتھ خوش قسمت اور خوش بخت ہو جائے گی۔

9- نو عدد کے تابع نام جنوری 2004 میں سب سے اچھا تھا لیکن فروری 2004 سے یہ عدد بد سے بدترین ہوتا چلا جائے گا۔ اگر مولود لڑکا ہوا اور کسی طریقہ سے کسی علاقہ کا حاکم مقرر ہو جاتا ہے تو یہ مولود اپنی بدمعاشی میں جارج واکر بش کو کئی ہزار میل (کلومیٹرز) پیچھے چھوڑ جائے گا۔ سفاکیت کے لحاظ سے ایریل شیرون ایک چھوٹا بچہ محسوس ہوگا۔ مکاری کے لحاظ سے اٹل بہاری واجپائی نوآموز نظر آئے گا۔ خوشامد، چاپلوسی اور امداد ظلم میں ٹونی بلیئر اس کے سامنے کوئی چیز نہ ہوگا۔ فی الحال اس ماہ میں یہ عدد نام کے لیے ناموزوں و ناموافق ہے۔ اس عدد کے نام کی لڑکی سے کوئی بعید نہ ہوگا کہ کونسا گھر یا مکان آباد کرتی ہے۔ یا کس محلہ گلی یا بازار میں رہنا پسند کرے۔ خواہ وہ دیہات کی ہو اگر چہ دوش قسمت پر رکھے گی۔

ماہ فروری 2004 کے لیے راہنمائے عملیات

1- فروری 2004 عدد 9 سے شروع ہو کر عدد 1 پر ختم ہو رہا ہے۔ گویا ماہ قتل و غارت گری میں سفاکیت کے اظہار کا قدیم طریقہ کرنے کا ماہ ہے۔ جیسا کہ عالمی سطح پر صدر صدام حسین عراقی کی گرفتاری کا واقع (14-12-2003)، صدر جنرل پرویز مشرف صاحب پر قاتلانہ حملہ (25-12-2003)۔ مولانا احمد شاہ نورانی کی وفات اور ایران میں زلزلہ سے کافی اموات ماہ دسمبر 2003 میں ظاہر ہوئی ہیں۔ اسی ماہ میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان خالق ایٹمی پروگرام پاکستان بھی متاثر ہوئے ہیں۔ ماہ فروری 2004 بھی کافی مصائب میں ماہ دسمبر 2003 کے مماثل ہوگا۔ اس لیے ہوشیار رہیں۔

2- 12 اکتوبر 1999 کے وقت جیسا وقت تھا اس جیسا وقت دوبارہ ماہ فروری 2004 میں آ سکتا ہے۔ اس وقت بادشاہ وقت سے لے کر عام ادنی آدمی بھی متاثر ہو سکتا ہے یاد رکھیے جنرل پرویز مشرف کو اقتدار سے محروم کرنے والے شخص کا تعلق بالواسطہ یا بلاواسطہ دریائے جہلم اور دریائے چناب کے درمیانی علاقہ سے ہوگا۔

3- اس ماہ میں عدد ایک والوں کے زوال عزت و وقار اور پستی مرتبہ و عظمت اور منفی مقبولیت و شہرت کرنے کا موثر ترین وقت ہے۔ میدان سیاست سے تعلق رکھنے والے حضرات بالخصوص احتیاط فرمائیں۔ مگر وہ لوگ جن کے پاس کوئی لوح روحانی، نقش معظم یا حرز جان کے لیے وظیفہ یا دعاء پڑھتے ہیں ضرور محفوظ و مامون رہیں گے۔

4- اس ماہ میں حاسدین اور مخالفین دولت، شہرت، شادی، تعلقات زوجین، اولاد، زراعت، کاروبار، تجارت، امراض پیدا کرنے اور اندرون خانہ مستورات میں ان خواتین پر جنہیں بوجہ ملازمت یا دیگر امور سے گھر سے باہر نکلنا ہوتا ہے۔ جادو، تعویذ یا کسی عمل کے ذریعے نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ ان میں سے اکثر کامیاب ہو جائیں گے۔ اور جو حضرات متاثر ہونے سے بچ جائیں گے وہ آئندہ متاثر ہونگے۔

5- جو لوگ مسلسل بدحالی کا شکار ہیں ان کے لیے یہ ماہ نہایت منحوس ثابت ہو سکتا ہے۔ حصول دولت، لاٹری، ریس اور خانہ غریب کے متمنی حضرات اس ماہ خاص خیال رکھیں کہ دولت آنے کی بجائے جانے کا زیادہ خطرہ ہے۔ صرف عدد پانچ والے جیسا چاہیں کریں۔ عدد تین والے اس ماہ رک جائیں تو زیادہ فائدہ ہوگا۔ کیونکہ الاقلیل کامیاب ہوں گے۔

6- ایسے افراد جن کے اعضاء میں کسی جگہ عیب ہو، وہ اس ماہ میں تخریبی اعمال موثر طریقہ سے کرلیں گے اس لیے اس ماہ ایسے افراد سے بچ کر رہنا چاہیئے بابا۔ اچانک نقصانات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس بابت یہ خطرہ موجود ہے کہ زمین، مکان، موٹر کار، زیورات اور دیگر قیمتی اشیاء بک سکتیں ہیں جو کسی مصیبت کے رفع یا دفع کرنے کی بنا پر ہو سکتا ہے چنانچہ بقائے جائیداد اور دفع نحوست کا عمل کسی عامل سے کرانا چاہیئے۔

7- ایسے طلباء جو کند ذہن ہوں دماغی تھکاوٹ اور ڈپریشن کا شکار ہوں تو اس ماہ میں ان کے لیے بہت مناسب وقت ہے۔ ادبی ذوق رکھنے والے حضرات اس ماہ تخلیقی قوت کے اضافے کے لیے کسی بزرگ ہستی سے رجوع کریں۔ حافظہ کی قوت کے لیے دوا کے ساتھ دعا کا سہارا لیں۔

8- جس عورت کے نام کا عدد چھ ہے وہ اس سال کی ہیر ہے۔ اگر چہ کچھ خواتین چاہے جانے کی خواہش میں سوہنی اور سسی کو اپنا آئیڈیل سمجھتی ہونگی۔ مگر جس عورت یا لڑکی کا ہیر سیال ہوگی وہ اپنے مطلوب دلربا کو پانے میں جلد کامیاب ہو

جائے گی۔ اگر عامل کا نام مفرد عدد آٹھ (ھیر) ہے یا ایک (ھیر سیال) ہے تو وہ اپنے عملیات میں سریع الاثر ثابت ہوگا۔ اور جو عامل اپنے نام کا مفرد عدد چار (سسی) رکھتا ہو۔ وہ ان معشوقوں پر جذب القلوب کا عمل موثر طریقہ پر کر سکے گا۔ جس سے اچانک ملاقات سے جذبہ محبت وعشق پیدا ہوا ہوگا۔ اور جو عامل پانچ کے عدد کے تابع ہے اور چہرہ بشریٰ ہنس مکھ ہے یا ان کے دانت کھلے ہیں وہ نو عمر عاشق ومعشوق' طالب ومطلوب کے لیے عملیات حب میں اس ماہ میں فوائد اور اثرات کے اعتبار سے اگسٹا آبدوز سعد ثابت ہوگا۔ یعنی ان کے عملیات میں سے آبی عمل زیادہ موثر ہوگا۔

9- اگر کوئی مرد آ کر فرمائے کہ پیر صاحب (عورت بھی پوچھ سکتی ہے)۔ جناب والہ یا حضور والہ (i) کیا یہ عورت ملے گی یا نہ ملے گی؟ (ii) کیا اس عورت کو مجھ سے محبت ہے یا نہ ہے؟ (iii) کیا اس عورت کی محبت قائم رہے گی یا نہ رہے گی؟ (iv) کیا اس عورت سے نکاح کروں یا نہ کروں؟ (v) کیا یہ عورت نباہ کرے گی یا نہ کرے گی؟ (vi) کیا یہ عورت حمل قائم رکھے گی یا نہ رکھے گی؟ (vii) کیا یہ عورت لڑکا جنے گی یا لڑکی جنے گی؟ (viii) غائب بچہ کس سمت کو گئے گا؟ (ix) کیا غائب زندہ ہے یا مر چکا ہے؟ (x) کیا بیمار مر جائے گا یا زندہ بچے گا؟

یہ اکثر سوالات میں سے ہیں جو صاحب ان سوالات کا جواب کسی صورت میں غلط یا درست نکال سکتا ہو یا نکال سکنے کا دعویٰ رکھتا ہو۔ ہماری پیر پرست جاہل برادری اسے فوراً پیر تسلیم کر لیتی ہے یا اسے مثلاں بھوپا کا خطاب دے دیتی ہے۔ اگر اتفاقاً جاہل پیر کا جواب درست ثابت ہو جائے تو اس کی روزی کا دھندہ از خود پیدا ہو جاتا ہے۔ آخر رازق مطلق نے اسے روزی تو دینی ہے۔ اگر خوانخواستہ کسی عالم پیر سے جواب غلط اخذ ہو جائے تو اسکی شان اقدس میں ایسے واہیات فقرے بولے اور کسے جاتے ہیں کہ وہ نانی یاد رکھتا ہے۔ اس لیے اکثر جفار حضرات جو علم الاعداد سے زیادہ کام لیتے تھے۔ اب دل برداشتہ ہو کر ایسے حساب کتاب چھوڑ دیئے ہیں۔ خواہ کیسا ہی مرد اپنی دلبر داشتہ کے لیے پریشان و سرگردان اور حزن وملال میں مبتلا کیوں نہ ہو۔

دس سوالات کے جوابات علماء جفر کے ماہر علم الاعداد اس طرح نکالتے ہیں کہ سوال کنندہ اور اس کی ماں کے نام کے اعداد اور روز سوال کے اعداد بلحاظ ترتیب حروف قمری (ابجد) سے نکالتے ہیں اور اگر دوسرا فریق ہوتا ہے تو اس کے اور اس کی ماں کے اعداد شامل کر کے جمع کر کے میزان بناتے ہیں اور بموجب سوال مختلف اعداد ہر طرح کر کے تعبیر عدد بناتے ہیں۔ مثلاً

(i) تین پر تقسیم کرو ایک بچے تو جلدی سے دو بچیں تو مشکل سے اور تین بچیں تو ہرگز عورت نہ ملے گی۔

(ii) اس سوال کی چند دیگر اقسام ہیں۔ لیکن سوال کنندہ کو خوش فہمی مبتلا کرنا زیادہ موزوں سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے جفار تین پر تقسیم کر کے بتاتے ہیں کہ ایک بچا ہے کہ روز افزوں محبت ہے۔ دو بچے ہیں محبت برابر ہے۔ تین بچتے ہیں تو محبت میں کمی وبیشی ہوتی رہتی ہے۔

(iii) تین پر تقسیم کریں ایک بچے تو محبت میں انقلاب آئے دو بچیں تو ثابت ہو تین بچیں تو ذوحالقین ہو۔

(iv) چار پر تقسیم کریں۔ (۱) عورت نیک (۲) عورت بدکار (۳) درست ہے (۴) جلد جدائی ہو۔ یاد رکھیئے یہ سوال سائل اُس وقت پوچھتا ہے جب اسے یہ شک پڑتا ہے کہ اس عورت کے کسی اور جگہ ناجائز مراسم یا جنسی تعلق تو نہ ہے۔ اگرچہ سائل کے اس عورت کے ساتھ ناجائز تعلق ہوں تو درست ہوتا ہے۔ اسے بدکار نظر نہ آتی ہے۔ ویسے آج کل سیانی عورتیں مرد کو دیکھ بھال کر شادی کرتی ہیں۔

(v) چار پر تقسیم کریں۔ (۱) نباہ کریگی (۲) عشق بازی میں مبتلا رہے گی (۳) عام خاتون کی طرح زندگی رو رو کر گزارے گی (۴) سرد مہری اور بے رغبتی سے شادی کا نتیجہ ظاہر ہوگا۔ آج کل یہی سوال ناجائز تعلق پر بھی پوچھا جاتا ہے۔ اگرچہ جواب یہ ہے کہ جب بندھن نہیں ہے نباہ کا سوال بھی پیدا نہیں ہوتا۔ ویسے ایسی عورتیں ایک وقت بہت سوں سے مراسم اور نباہ کرتی ہیں۔

(vi) دو پر تقسیم کریں ایک بچے تو حمل قائم رہے گا۔ دو بچیں تو ناتمام ہوگا یعنی ساقط ہوگا۔ ویسے ناجائز حمل کو کون قائم رکھتا ہے۔ البتہ مغربی معاشرہ میں قائم رہ سکتا ہے۔ البتہ مشرقی معاشرہ میں کنواری کو اسی مرد کے حوالے کر کے حمل کو جائز قرار دے دیتے ہیں۔

(vii) اس سوال کے لیے بعض حضرات طاق عدد سے لڑکا اور جفت عدد سے لڑکی تصور کرتے ہیں اس لیے دو پر تقسیم کرتے ہیں اور بعض معتبر جفار اسی قاعدہ پر نو پر تقسیم کرتے ہیں۔

(viii) چار پر تقسیم کریں اگر باقی 1 بچے تو غائب (مرد یا عورت) زندہ ہے۔ 2 بچیں تو جلد واپس آ جائے۔ 3 بچیں تو کافی وقت کے بعد زندہ واپس آئے۔ 4 بچیں تو مر چکا ہے یا جلد مر جائے گا۔ (اس سوال کے جوابات نکالتے وقت جذباتی نہ ہونا چاہئے بعض اوقات یار مار کر اغوا برائے تاوان کا پرچہ درج کرا دیتے ہیں۔ ایسا ہو بھی چکا ہے اطلاعاً عرض ہے۔

(ix) بعض اوقات گریختہ کے جواب میں فوراً یہی سوال داغ دیا جاتا ہے۔ عام طور پر مریض کی پتلی حالت دیکھ کر لواحقین جفار حضرات سے رجوع فرماتے ہیں۔ مریض کے لیے ہر روز کا الگ جواب ہے۔ تین پر تقسم کریں۔ ہر

حصے کا جواب احتیاط سے دیا گیا ہے۔

عربی نام	فارسی نام	اردو نام	پہلا حصہ	دوسرا حصہ	تیسرا حصہ
یوم الاحد ۱۰۰	یکشنبہ ۳۸۷	اتوار ۶۰۸	شفا ہو	مرض بڑھے	جنات کا اثر
یوم الاثنین ۶۹۸	دوشنبہ ۳۶۷	پیر ۲۱۲	جنات جادو	شفا ہو	طویل مرض
یوم الثلاثہ ۱۱۱۸	سہ شنبہ ۴۲۲	منگل ۱۴۰	مرض دور ہو	صحت ملے	جنات
یوم الاربعاد ۳۶۵	چہار شنبہ ۵۶۶	بدھ ۰۱۱	جلد شفا ہو	مرض بڑھے	موت ہو
یوم الخمیس ۷۹۷	پنجشنبہ ۴۱۲	جمعرات ۷۱۴	موت کا خطرہ	مرض بڑھے	صحت ملے
یوم الجمعہ ۲۰۵	جمعہ ۱۱۸	جمعہ ۱۱۸	شفا ہوگی	دیر سے شفا ہو	موت کا خطرہ
یوم السبت ۵۴۹	شنبہ ۳۵۷	ہفتہ ۴۹۰	صحت ملے	موت کا خطرہ	جن / جادو

یاد رکھیے قدیم جفار عربی میں دنوں کے اعداد لیتے تھے۔ پھر فارسی دنوں کا رواج پڑا تو ہندوستان پر مسلم حکومت کے زمانہ میں یہی اعداد لیے جاتے رہے۔ اب اردو اعداد کا رواج پڑ رہا ہے۔

10- ماہ فروری 2004 کے لیے ایک موزوں ترین نقش پیش خدمت ہے جو کہ جناب غلام کبریا کندیاں میانوالی کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

یا قاہر ذوالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ یا قاہر ٥

۵۸۵۶	۲۷۵۴	۵۸۶۵
۵۸۶۴	۵۸۵۵	۲۷۵۶
۲۷۵۵	۵۸۶۶	۵۸۵۴

بسم اللہ الواحد القہار ٥ القارعۃ ما القارعۃ وما ادرک ما القارعۃ

یوم یکون الناس کالفراش المبثوث وتکون الجبال کالعھن المنفوش ٥

(ناجائز کے لیے نہ لکھیں)۔

(ختم شد)۔

☆☆☆☆☆

اسماءُ الحسنیٰ

تفسیر و ترجمہ

مترجم سید وارث علی شاہ جیلانی، فیصل آباد۔

اسماء الحسنیٰ کا عربی تفسیری ترجمہ علامہ محمد نصیر صاحب نے جو علمائے ازہر (مصر) سے ہیں۔ اپنی تالیف " کتاب الابرار " میں رقم کیا ہے۔ جو حج وعمرہ، زیارات، الصباح والمساء اور ادعیہ عابنہ پر مشتمل ہے۔ ملاحظہ ہو۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے فرمایا۔ " وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوہ بھا " ۔ اور اسمائے حسنیٰ اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں پس تم اُسے اُن کے ساتھ پکارو۔ اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا " قل ادعوا اللہ اوادعوا الرحمٰن ایا ماتدعوا فلہ الاسماء الحسنیٰ " فرما دیجیے کہ تم اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن جس نام سے پکارو اُس کے سب نام اچھے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ بے شک حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے ایک کم سو (99) اسماء ہیں جس نے اُن کو یاد کر لیا وہ جنت میں داخل ہوا۔

1- اللہ: یہ اسم دلالت کرتا ہے ایسی ذات پر جو تمام صفات الٰہیہ کی جامع ہے۔ یہ اسم ذاتی ہے اور سب اسماء الٰہیہ صفاتی ہیں۔

2- الرحمٰن: جو اپنی مخلوق پر وسیع رحمت کرنے والا ہے وہ مومن ہوں یا کافر ہوں۔ اُن کی دنیوی اور اُخروی زندگی میں یہ اسم اللہ تعالیٰ کے لیے مختص ہے۔

3- الرحیم: جو عمل کا دوگنا ثواب عطا کرنے والا ہے اور وہ عامل کے عمل کو ضائع نہیں کرتا۔ اس کی جمع رُحَمَآء ہے۔

4- الملک: وہ اپنی بادشاہت (ملک) میں جس طرح چاہتا ہے تصرف کرتا ہے وہ صاحب اختیار ہے اور وہ بذاتہ مستغنی (بے پروا) ہے اپنے سوا سے۔

5- القدوس: وہ حس اور خیال کے ادراک کے وصف سے پاک ہے اور ہر آفت سے طاہر ہے۔

6-السلام: وہ تمام نقائص وعیوب سے سالم (بے عیب) اور پاک ہے اور اپنی سلامتی اپنی مخلوق پر پھیلانے والا ہے۔

7-المومن: وہ تصدیق کرنے والا ہے۔ اپنی ذات' اپنی کتب اور اپنے رسولوں کی جو کچھ انہوں نے اُس سے تبلیغ کی اور اپنے بندوں کو خوف سے امن دینے والا ہے۔

8-المھیمن: وہ اپنے کمال قدرت سے ہر چیز پر نگہبان ہے اور اپنی مخلوق پر قائم ہے۔ اور خوف سے امن دینے والا ہے۔

9-العزیز: وہ ایسا غالب ہے کہ اُس کی کوئی مثال نہیں ہے اور اُس کی طرف شدت حاجت ہے۔ بزرگ' گرامی' ارجمند' لائق' کمیاب۔

10-الجبار: اُس کی مشیت جائے اجرا ہے ہر ایک میں از رہ قوت وہ بہت طاقتور ہے۔

11-المتکبر: وہ صفات عظمت و کبریائی میں یگانہ ہے وہ نقص وحاجت سے پاک ہے۔ اور وہ اُن کاموں سے بھی پاک ہے جو اُس کے لائق اور مناسب نہیں ہیں۔

12-الخالق: وہ اپنے ارادے کے ساتھ اپنی مخلوق کا موجد ہے سابقہ مثال کے بغیر اور بغیر کسی نمونہ کے نئی طرز پر بنانے والا۔

13-الباری: وہ تمیز دینے والا ہے اپنی مخلوق میں مختلف شکلوں کے ساتھ پیدائش اور پیدا کرنے میں عدم تناسب اور تفاوت سے۔

14-المصور: جس نے ہر خلقت کو خاص صورت عطا کی ہے اور ہیئت مفردہ (الگ تنہا) دی ہے۔ اور وہ جنین کی ماں کے شکم میں تصویر بنانے والا ہے۔

15-الغفار: وہ ذات جو دنیا میں اعمال قبیحہ پر پردہ ڈالے اور آخرت میں اُن قبائح سے درگزر کرے۔ بہت بخشنے والا اور بڑی مغفرت کرنے والا۔

16-القھار: وہ ذات جو جابروں کو موت اور ذلت کے ساتھ قہر کرتا ہے اور اُس کے حکم کو کوئی رد کرنے والا نہیں۔ زبردست غالب۔

17-الوھاب: وہ بخشش کے ساتھ فضیلت دینے والا ہے اور بغیر استحقاق کے انعام دہندہ ہے۔ خوب عطا کرنے والا اور بہت خیرات کرنے والا۔

18-الرزاق: وہ خالق/رزاق ہے اور اپنی مخلوق تک اُن کو پہنچانے پر کفیل ہے۔ بہت روزی پیدا کرنے والا اور بہت روزی دینے والا۔

19-الفتاح: وہ اپنے بندوں کے لیے رحمت کے خزانے کھول دیتا ہے اور حق کو بلند اور باطل کو رسوا کرتا ہے۔ حاکم دو جھگڑنے والوں میں فیصلہ کرنے والا۔

20-العلیم: اُس کا علم ہر شے کو محیط ہے اور اُس سے کوئی پوشیدہ چیز مخفی نہیں ہے۔ وہ دانشمند اور علم والا ہے۔

21-القابض: اُس کا احسان تیز رو ہے اپنے بندوں میں سے اپنے ارادہ کے مطابق جس سے چاہے۔ پنجہ سے پکڑنے والا۔ تیزی سے چلانے والا۔

22-الباسط: وہ اپنے حسب ارادہ احسان کو پھیلانے والا ہے جس شخص پر چاہتا ہے۔ فراخ اور کشادہ کرنے والا۔

23-الخافض: وہ پست کرتا ہے کافروں کو بدبختی کے ساتھ اور اُن کے جہنم کے گہرے درجات کی پستی میں ڈالتا ہے۔ متکبرین کو پست وخوار کرنے والا۔

24-الرافع: وہ بلندی کی طرف اُٹھاتا ہے از روئے قدر' اپنے اولیاء کو دنیا و آخرت میں تقرب کے ساتھ بلند کرتا ہے۔ قریب کرنے والا۔

25-المعز: مومنوں کو عزت دینے والا ہے اپنی اطاعت کے سبب۔ اور بخشنے والا ہے اُن کو اپنی رحمت کے سبب اور بخشنے والا ہے۔

26-المذل: کافروں کو اُن کے گناہوں کے باعث ذلیل کرنے والا ہے۔ اور اُن کا ٹھکانا اُس کے عذاب کا گھر ہوگا۔

27-السمیع: وہ ذات جس سے مسموع (سُنا گیا) پوشیدہ نہیں اور وہ جانتا ہے پوشیدہ بھید اور سب سے زیادہ چھپا ہوا۔ سننے اور سنانے والا۔

28-البصیر: وہ تمام موجودات کا مشاہدہ کرتا ہے اور اُس پر کوئی مخفی شے پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ دلوں کی باتیں' ارادے وغیرہ دیکھنے والا ہے۔

29-الحکم: وہ ذات جس کی طرف ہر فیصلہ ہے اور اُس کی قضا (فیصلہ) کو کوئی رد کرنے والا نہیں ہے اور نہ ہی کوئی اُس کے حکم کو پیچھے پھینکنے والا ہے۔ منصف اور حاکم ہے۔

30-العدل: وہ ذات جس کے قول اور بادشاہت میں کوئی خلل نہیں وہ اپنی عدالت میں کامل ہے۔ منصف یہ جَور کی ضد ہے۔

31-اللطیف: وہ اپنے بندوں کے ساتھ لطف واحسان کرنے والا اور مہربان ہے اور اُن کے خفیہ اُمور کو جاننے والا ہے اور اُن کے حواس اُس کا ادراک نہیں کر سکتے۔ دقیق النظر۔ باریک بین۔

32-الخبیر: وہ ہر ایک چیز کے ظاہر و باطن کو جاننے والا ہے۔ اور کوئی نئی چیز ظہور میں نہیں آتی مگر اُسے خبر ہوتی ہے۔ واقف کار۔ دانا۔ خبر رکھنے والا۔

33-الحلیم: وہ ذات جو انتقام میں جلدی نہیں کرتی۔ (غضب اور انتہائی قدرت کے باوجود)۔ بُردبار۔ متحمل اور پُر وقار۔

34-العظیم: وہ ذات ہے کہ جس کی کنہ کو عقول نہیں پہنچ سکتیں۔ اور جس کی عظمت

کے لیے نہ ابتداء ہے اور نہ انتہا ہے۔ اُس کی ذات پاک حدود اور ادراک عقل سے ماوراء ہے۔

35-الغفور: وہ ذات جو توبہ کرنے والوں کے گناہوں پر مواخذہ نہیں کرتی اور برائیوں کو نیکیوں سے بدل دیتی ہے۔ بہت مغفرت کرنے والا۔

36-الشکور: اپنے بندوں پر قلیل عمل کے باوجود بغیر حاجت کے زیادہ ثواب بطور انعام دینے والا۔ بڑا قدردان۔

37-العلی: وہ ذات جو اپنی ذات وصفات میں مخلوق کے ادراک (محسوسات) اور اُن کے حواس سے بلند و بالا ہے قوی۔ مضبوط۔ بزرگ بلند مرتبہ۔

38-الکبیر: صاحب کبریائی وعظمت ہے اپنی خلقت کے اوہام اور اُن کے ادراک سے پاک ہے۔ بڑا بزرگ۔ رفیع الشان۔

39-الحفیظ: دنیا (موجودات) کا خلل سے محافظ ہے۔ اور اپنے بندوں کے اعمال کی جزا اور کتاب کا نگہبان ہے۔ از بر کرنے والا۔

40-المقیت: ارزاق کا خالق ہے۔ اور اُن کو بدنوں تک پہنچانے والا ہے۔ اور دلوں تک حکمت ومعرفت پہنچانے والا ہے۔ روزی رساں۔ نگہبان۔

41-الحسیب: وہ ذات جو اپنے بندوں کی حاجات کو کفایت کرتی ہے۔ اور قیامت کے دن اُن کے اعمال کا اُن سے حساب لے گی۔

42-الجلیل: اپنی ذات اور اپنی جملہ صفات میں اپنے کمال اور اپنے جلال کے ساتھ عظیم القدر ہے۔ عظمت والا۔

43-الکریم: سخی ہے معطی ہے وہ ذات ہے جس کی عطا ختم نہیں ہوتی اور جب اُس نے وعدہ کیا پورا کیا۔ (انک لاتخلف المیعاد) بامروت۔ معاف کرنے والا۔

44-الرقیب: وہ دیکھنے والا ہے اس کو از روئے نگہبانی اُس کا دیکھنا کامل ودائم ہے اور وہ اُس سے کبھی بھی غافل نہیں ہوتا۔ منتظر۔

45-المجیب: وہ ذات کہ جب اُس کو پکارنے والا پکارتا ہے وہ قبول کرتا ہے۔ اور وہ دُعا سے قبل ہی فضیلت عطا کر دیتا ہے۔ دعا کا جواب دینے والا۔

46-الواسع: وہ ذات ہے جس کی کرسی وسیع ہے۔ اور اُس کی رحمت اور اُس کا رزق اُس کی مخلوق پر وسیع ہے۔ فراخ۔ کشادہ۔ وسعت والا۔

47-الحکیم: جو فعل اُس کے مناسب اور لائق نہیں ہے۔ از روئے اُس کے جلال و کمال کے وہ اُس سے پاک ہے۔ صاحب حکمت۔ صاحب حکم۔ فہیم ودانشمند۔ درست۔ صحیح۔ پختہ اور پائیدار کام کرنے والا۔

48-الودود: وہ ذات جس کے قول میں اور ملک میں خلل نہیں ہے۔ اور اپنی عدالت میں کامل ہے۔ (وھوالغفور الودود) دوست۔ بہت محبت کرنے والا۔

49-المجید: وہ اپنی ذات میں شریف ہے۔ اپنے افعال میں جمیل ہے۔ اُس کی عطا اور سخاوت بہت زیادہ ہے۔ بڑے مرتبہ والا۔ بزرگ۔

50-الباعث: مُردوں کو حساب وجزا کے لیے دوبارہ اُٹھائے گا اور اپنے رسولوں کو اپنی مخلوق کی طرف بھیجنے والا ہے۔

51-الشھید: وہ ظاہری وباطنی اُمور کو جاننے والا ہے۔ اپنی وحدانیت کو واضح دلائل کے ساتھ ظاہر وروشن کرنے والا ہے۔ حاضر۔ گواہ۔ شاہد۔

52-الحق: حکمت کے ساتھ ہر چیز کا خالق ہے۔ اہل قبور کو جزا وحساب کے لیے دوبارہ زندہ کرنے والا ہے۔ واقعی چیز۔ سچ مچ۔

53-الوکیل: وہ ذات کہ جس کے سپرد امور کیے جاتے ہیں۔ اور اُس کے بندے اپنی حاجات میں اُس کی مصلحتوں پر اعتماد کرتے ہیں۔ کارساز۔ دوسرے کے کام بنانے والا۔

54-القوی: صاحب قدرت تامہ کاملہ ہے۔ پس کسی حال میں کسی شے سے وہ عاجز نہیں ہوتا۔ طاقتور۔ مضبوط۔ قوت دینے والا۔

55-المتین: وہ ایسا ثابت ہے کہ متزلزل نہیں ہوتا۔ اور ایسا زبردست ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا۔ پس کسی حال میں عاجز نہیں ہوتا۔ مضبوط۔

56-الولی: اپنے اولیاء (دوستوں) سے محبت کرنے والا ہے۔ اُن کا مددگار ہے۔ دُنیا وآخرت میں اُن کے دشمنوں کو ذلیل ورسوا کرنے والا ہے۔ دوست۔ نگہبان۔

57-الحمید: وہ حمد وثنا کا مستحق ہے اپنی ذات کے جلال اور اپنی صفات کی بلندی اور اپنی قدرت عظیمہ کے سبب جس کی تعریف کی جائے۔ تعریف کیا ہوا۔

58-المحصی: وہ ذات ہے کہ جس سے کوئی باریک شے بھی نہ جاتی رہے۔ اور نہ کوئی اُس کی جلالت کو عاجز کر سکے اور نہ ہی ایک شے سے دوسری شے میں مشغول و بے پرواہ ہے۔ عالم الغیب۔ باخبر۔

59-المبدی: جس نے مخلوق کو پیدا کیا اور سابقہ مثال کے بغیر عدم سے وجود میں لایا۔ نیا اور انوکھا کام کرنے والا۔

60-المعید: وہ ذات جو لوٹائے گی مخلوق کو موت کی طرف پھر اُن کو حساب کے لیے حیات کی طرف لوٹائے گی۔

61-المحیی: جو اجسام کو حیات بخشتا ہے۔ اُن میں ارواح پیدا کر کے۔ زندہ کرنے

والا۔ جلانے والا۔ مردے کو دوبارہ اُٹھانے والا۔

62-الممیت: جو اجسام کو موت دیتا ہے اُن میں سے ارواح کو کھینچ کر۔

63-الحی: جو حیات ابدیہ کے ساتھ متصف ہے پس وہ ازلی ابدی باقی اور زندہ ہے۔

64-القیوم: وہ ہر شے پر قائم ہے از روئے رعایت و نگرانی اور اشیاء اُس کے ساتھ قائم و دائم ہیں۔ بے مثل تھامنے والا۔

65-الواجد: وہ ذات جو پاتی ہے ہر وہ چیز جس کو وہ طلب کرتی ہے یا ارادہ کرتی ہے اور اُس سے کوئی شے گم نہیں ہوتی۔ پانے والا۔

66-الماجد: بہت احسان و افضال والا۔ اور صاحب مجد (بزرگی) و شرف تام و کامل۔ صاحب عزت۔ سخی۔ بزرگ۔ اچھی عادت والا۔

67-الواحد: الوہیت و ربوبیت میں از روئے ذات و صفات و افعال منفرد ہے۔ ایک۔ تنہا۔ یگانہ۔ اکیلا۔

68-الصمد: وہ اپنی قدرت عظیمہ میں دائماً حاجاتِ مقصودہ کے لیے ملجیٰ ہے۔

69-القادر: وہ موجودات کی اختراع و پیدائش میں بلا عجز اعانت غیر مستغنی و منفرد ہے۔ قوی۔ توانا۔ صاحب قدرت۔

70-المقتدر: وہ ذات جو ہر چاہنے پر قدرت رکھتی ہے اور اُس کو کوئی شے مانع نہیں ہے۔ مقدرت والا۔

71-المقدم: وہ از روئے تقدیم اپنے انبیاء و اولیا کی ہدایت و تقرب کے ساتھ اُن کو عالی مراتب عطا کرنے والا ہے۔

72-المؤخر: اپنے اعداء کو دور کرنے میں مؤخر ہے اُس کے اور اُن کے درمیان حجاب حائل ہے۔

73-الاوّل: تمام اشیاء سے قبل موجود اُس سے پہلے کوئی بھی شے نہ تھی سب سے پہلا۔

74-الاخر: اپنی تمام مخلوق کے فنا کے بعد باقی ہے اُس کی کوئی انتہا نہیں ہے سب سے آخر۔

75-الظاہر: وہ اپنی قدرت کی علامات اور نشانیوں کے ساتھ ظاہر ہے اور مخلوق میں جو کچھ بھی ظاہر ہے وہ اُس پر مطلع ہے۔ غالب۔

76-الباطن: مخلوق کی نظروں سے حجاب میں ہے۔ اور جو کچھ مخلوق کے بطن (اندر) میں ہے اُس پر مطلع ہے۔

77-الوالی: وہ اشیاء میں اپنی حکمت اور مشیت کے ساتھ از روئے تصرف متولی ہے۔ حاکم۔ حمائتی۔ نزدیک۔

78-المتعال: مخلوقات کی صفت سے پاک ہے اور صفات کے نقائص سے بلند اور دور ہے۔ باعزت۔

79-البر: وہ ذات جس سے کوئی برائی صادر نہیں ہوتی۔ اپنے بندوں پر مہربان اور محسن ہے۔ منصف۔

80-التواب: از طریق توبہ گنہگاروں کو بشارت دیتا ہے اور اُن سے توبہ قبول کرتا ہے اور اُن کے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

81-المنتقم: گنہگاروں کو اُن کے اعمال و اقوال پر علیٰ قدر استحقاق سزا دیتا ہے۔ انتقام لینے والا۔

82-العفو: جب گنہگار توبہ کرتے ہیں تو اُن کو بدلہ (سزا) دینا ترک کر دیتا ہے اور اُن کے گناہوں سے درگزر کرتا ہے۔

83-الرؤف: توبہ و مغفرت کے باعث اپنے بندوں پر انعام کرتا ہے اور اپنی نرمی اور رحمت سے اُن پر مہربانی فرماتا ہے۔ معاف کرنا۔

84-مالک الملک: وہ از روئے قدرت تامہ قادر ہے اُس کے فیصلے کو کوئی رد کرنے والا نہیں اور نہ ہی اُس کے حکم کو کوئی پیچھے ڈالنے والا ہے۔ بادشاہ۔ آقا۔

85-ذوالجلال والاکرام: وہ اپنی صفات و افعال میں از روئے جلال و کمال صاحب شرف ہے۔

86-المقسط: اپنے حکم میں عادل ہے اور مظلوم کے لیے ظالم سے بغیر ظلم و ستم کے انصاف کرنے والا ہے۔

87-الجامع: قیامت کے دن کو مخلوق کو حساب و جزا کے لیے جمع کرنے والا ہے۔

88-الغنی: وہ ہر ماسوا سے مستغنی ہے۔ اور ہر ماسوا اُس کا فقیر محتاج ہے۔

89-المغنی: اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اپنے فضل سے غنی کر دیتا ہے۔ اور ہر غنی اُس کی طرف رجوع کرتا ہے (یغنیھم اللہ من فضلہ)۔ فائدہ دینے والا۔ بچانے والا۔

90-المانع: وہ ذات ہے جو اپنے فضل سے مانع ہے جو منع کا مستحق ہے اور اپنے اولیاء کو کافروں سے مانع ہے۔ روکنے والا۔

91-الضار: وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے عقاب وغیرہ کا ضرر نازل کرتا ہے۔

92-النافع: اُس کی تمام مخلوق پر اُس کا خیر عام ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے زیادہ کرتا ہے۔ نفع دینے والا۔

93-النور: وہ ہر عیب سے پاک ہے اور گمراہوں کو راستے کی گمراہی اور تاریکی

میں روشنی دکھانے والا ہے۔

94-الھادی: حق کی طرف دلوں کو ہدایت دینے والا ہے۔ جس میں دین و دُنیا کی صلاح و بہتری ہے۔ پیشوا۔ رستہ دکھانے والا۔

95-البدیع: بغیر مثال سابق کے وہ خالق الاشیاء ہے اُس کی ذات و صفات بے مثل و بے نظیر ہیں۔ بغیر نمونے کے کسی چیز کو پیدا کرنے والا۔ نو ایجاد چیز پیدا کرنے والا۔

96-الباقی: وہ بلا انتہا دائم الوجود ہے۔ اور وہ فنا قبول نہیں کرتا ہے۔ ہمیشہ زندہ رہنے والا۔

97-الوارث: مالکوں کے فنا ہونے کے لیے اُن کی املاک اُسی کی طرف لوٹتی ہیں۔ (وہی حقیقی وارث ہے) میراث لینے والا۔

98-الرشید: وہ ذات ہے جو مخلوق کو راہ راست کی ہدایت کرتا ہے اُن کی مصلحتوں کی طرف اور اپنی حکمت کے ساتھ اُن میں تصرف کرتا ہے۔

99-الصبور: صابر و بردبار۔ درگزر کرنے والا۔ گنہگاروں پر مواخذہ میں جلدی نہ کرے بلکہ اُن کو بخش دے۔

فائدہ: وظائف واوراد پڑھنے والوں کے لیے معانی کا ذہن میں رکھنا سریع التاثر ہے۔ عاملین حضرات کو ان کے تفسیری معانی کی وجہ سے اپنے متعلقہ اُمور میں اسمائے حُسنیٰ کے انتخاب میں مدد ملے گی۔

☆☆☆☆☆

راولپنڈی کا ڈرا

از: حاجی عبداللطیف قادری اوکاڑہ

رب العزت محنت کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ اور کسی کی محنت کو کبھی بھی ضائع نہیں ہونے دیتا۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ناشکرے بندے ہیں۔ ذراسی مصیبت یا سختی پر اللہ کی ذات پر شکوہ کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی راہنمائی کے لیے نبی اور ولی کے علاوہ کچھ ایسے اچھے لوگ بھی پیدا کیئے ہیں جو دوسروں کے لیے بے لوث محنت کرتے ہیں۔

آج کل جو روش چل رہی ہے وہ ہے پرائز بانڈ میں دلچسپی۔ کوئی چاہتا ہے کاش میرا انعام لگ جائے۔ اور میں راتوں رات کروڑ پتی بن جاؤں۔ راتوں رات دولت مند بننے کے چکر میں ہم عاملوں، نجومیوں اور پیروں بابوں کے ڈیروں کے چکر لگا رہے ہیں۔ مسلمان، مرزائی، سکھ اور ہندو سب حصول دولت کے چکر میں دن رات ایک کیئے ہوئے ہیں۔ میں اپنے مسلمان بھائیوں سے اپیل کرتا ہوں۔ غیر مسلم مرزائیوں، سکھوں اور ہندوؤں کا شعار نہ اپنائیں۔ جواء، لاٹری اور پرچی بانڈ سے پرہیز کرتے ہوئے قدیمی علم الاعداد جو کہ صدیوں سے موجود ہے۔ علم الاعداد کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے۔ علم الاعداد کی مدد سے حکومت پاکستان کے جاری کردہ قومی انعامی بانڈ کے نمبرز نکال کر بانڈ خریدیں۔ خود خوشحالی میں آئیں اور پاکستان کو خوشحال بنائیں۔

راولپنڈی کا ڈرا

دوستو! راولپنڈی میں جو بھی ڈرا ہوئے ہیں یکم جنوری 2000 سے لے کر تادم تحریر یعنی چار سالوں میں ترتیب وار پہلے ڈرا کے فسٹ انعام حاصل کرنے والے نمبر کے آخری دو ہندسوں کی جمع کے مفرد کی بقاء آئندہ راولپنڈی میں ہونے والی ڈرا میں فسٹ انعام حاصل کرنے والا صفحہ نہ ہوگا۔

مثال نمبر 1- 15 اپریل 2000 میں دو صد روپے والے قومی انعامی بانڈ کی راولپنڈی میں قرعہ اندازی ہوئی جس میں 953921 نمبر نے فسٹ انعام حاصل کیا۔ 953921 کے آخری دو ہندسوں کی جمع 1+2=3 مفرد 3 کی بقاء 7۔ (7) آئندہ راولپنڈی کے ڈرا میں فسٹ انعام حاصل کرنے والے انعام کا صفحہ نہ بنا۔ بلکہ (2) صفحہ کے طور پر رونما ہوا۔

مثال نمبر 2- یکم ستمبر 2000 میں چالیس ہزار روپے والے قومی انعامی بانڈ کی قرعہ اندازی راولپنڈی میں ہوئی جس میں 271731 نمبر نے فسٹ انعام حاصل کیا۔ 271731 کے آخری دو ہندسوں کی جمع 1+3=4 مفرد 4 کی بقا 6۔ (6) آئندہ راولپنڈی کے ڈرا میں فسٹ انعام حاصل کرنے والے نمبر کا صفحہ نہ بنا بلکہ (9) صفحہ کے طور پر رونما ہوا۔

مثال نمبر 3- 2 اکتوبر 2000 میں پندرہ ہزار روپے کی قرعہ اندازی راولپنڈی میں ہوئی جس میں 956029 نمبر نے فسٹ انعام حاصل کیا۔ 956029 نمبر کے آخری دو ہندسوں کی جمع 9+2=11 مفرد 1+1=2 مفرد 2 کی بقاء 8۔

(8) آئندہ راولپنڈی میں ہونے والے ڈرا میں فسٹ انعامی نمبر کا صفحہ نہ بنا۔ بلکہ (2) صفحہ کے طور پر رونما ہوا۔

تاریخ ڈرا	راولپنڈی ڈرا کے فسٹ انعامی نمبر	آخری دو ہندسوں کی جمع	مفرد عدد بنا	مفرد عدد کی بقا	آئندہ فسٹ انعام کا صفحہ
یکم جنوری 2001	290364	10=6+4	1=1+0	9	5
15 مئی 2001	562584	12=8+4	3=1+2	7	9
15 ستمبر 2001	968078	15=7+8	6=1+5	4	1
یکم مارچ 2000	101483	11=8+3	2=1+1	8	4
یکم اگست 2002	424792	11=9+2	2=1+1	8	6
	626450	5=5+0	5	5	3
15 نومبر 2003	388572	9=7+2	1	1	تادم تحریر معلوم نہیں

اب یکم مارچ 2004 کو چالیس ہزار روپے کی قرعہ اندازی راولپنڈی میں ہوگی دیکھیں کونسا صفحہ فسٹ انعام حاصل کرتا ہے۔ پچھلے چار سالوں میں مندرجہ بالا کلیہ رب العزت کے فضل و کرم سے سو فیصد کامیاب رہا ہے۔ اللہ جل جلالہ سے اُمید واثق ہے کہ آئندہ بھی کامیابی و کامرانی سے نوازے گا۔

☆☆☆☆☆

پندرہ صد روپے کے انعامی بانڈ سے چالیس ہزار روپے کے بانڈ کی بندش

مندرجہ ذیل کلیہ کی مدد سے انعامی بانڈ خرید کر انعام حاصل کریں۔ میرے اور جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کی صحت یابی، عمر خضر اور ماہنامہ راہنمائے عملیات کی ترقی کے لیے دعا کریں۔

کلیہ نمبر 1- پندرہ صد روپے کے قومی انعامی بانڈ میں جو نمبر قرعہ اندازی میں فسٹ انعام حاصل کرے اُس کے پہلے دو ہندسوں (آکڑہ) کا جذر نکالیں جو اعداد حاصل ہوں اُن میں سے پہلے چار عدد لیں۔ ان اعداد کا پہلا ہندسہ آگے آنے والی چالیس ہزار کی قرعہ اندازی میں فسٹ انعام حاصل کرنے والے نمبر کا پہلا ہندسہ نہیں ہوگا۔

کلیہ نمبر 2- پندرہ صد روپے کے قومی انعامی بانڈ کے فسٹ انعام حاصل کرنے والے نمبر کے پہلے دو ہندسوں کی جذر کے پہلے چار ہندسوں کو الٹ پلٹ کر آکڑے بنائیں۔ حاصل شدہ آکڑے آئندہ یعنی اس کے بعد آنے والی چالیس ہزار روپے کے قومی انعامی بانڈ کی قرعہ اندازی میں فسٹ انعام حاصل کرنے والا آکڑہ نہیں ہوگا۔

نوٹ: اگر آکڑہ نہ بن سکا تو پھر ٹنڈولہ بننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان اعداد (آکڑہ) کے قومی انعامی بانڈ کے علاوہ دوسرے آکڑوں کے بانڈ خریدیں۔

پندرہ صد روپے کے بانڈ کا فسٹ نمبر	پہلے دو ہندسوں آکڑہ کا جذر	جذر سے حاصل اعداد پہلا ہندسہ	چالیس ہزار روپے کے پرائز بانڈ کا فسٹ نمبر کا پہلا ہندسہ
443629	44	6633	1
688436	68	8246	6
139296	13	3605	2
049434	0-04	02	5
636948	63	7937	2
562584	56	7483	3
743775	74	8602	4
247068	24	4898	0
437382	43	6557	1
849951	84	9165	7
217342	21	4582	3
738580	73	8544	5
952518	95	9746	3
898895	89	9433	4
947883	94	9695	3
388572	38	6164	5

جذر سے حاصل شدہ اعداد کے پہلے ہندسہ کے نیچے لائن یہ ظاہر کرنے کے لیے ہے کہ آنے والی چالیس ہزار روپے کے انعامی بانڈ میں یہ ہندسہ فسٹ انعام کا پہلا ہندسہ نہیں ہے۔ کلیہ نمبر 2 کی مدد سے مثالیں۔

پندرہ صد روپے کے بانڈ کا فسٹ نمبر	پہلے دو ہندسوں آکڑہ کا جذر	جذر سے الٹ پلٹ ہندسوں کے آکڑے	چالیس ہزار روپے کے پرائز بانڈ کا فسٹ آکڑہ
443629	6633	33' 36' 63' 66	19
688436	8246	24'26'28'42'46'48' 62'64'68'82'84'86	61
139296	3605	03'05'06'30'35'36' 50'53'56'60'63'65	27
049434	02	02'20	55
636948	7937	37'39'73'77'79'93'97	20
562584	7483	34'37'38'43'47'48' 73'74'78'83'84'87	39
743775	8602	02'06'08'20'26'28' 60'62'68'80'82'86	49
247068	4898	48'49'84'88'89'98	07
437382	6557	55'56'57'65'67'75'76	10
849951	9165	15'16'19'51'56'59'61" 65'69'91'95'96	75
217342	4582	24'25'28'42'45'48' 52'54'58'82'84'85	30
738580	8544	44'45'48'54'58'84'85	59
952518	9746	46'47'49'64'67'69' 74'76'79'94'96'97	32
898895	9433	33'34'39'43'49'93'94	44
947883	9695	56'59'65'69'95'96'99	32
388572	6164	14'16'41'46'61' 64' 66	55

یہ کلیات یکم جنوری 2000 سے لے کر تادم تحریر چار سالوں میں سولہ قرعہ اندازیوں میں ایک دفعہ بھی ناکام نہیں ہوا۔ یعنی چار سالوں میں 100% کامیابی کے ساتھ حاضر ہے۔ (ختم شد)۔

کراماتِ جفر

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی 'جھنگ۔

طلسم بادشاہی

شائقین راہنمائے عملیات کی خدمت میں طلسم بادشاہی تحریر کر رہا ہوں۔ اگر آپ زندگی میں کسی پریشانی میں مبتلا ہیں مثلاً حصول اولاد رجوع خلقت شادی' صحت' ملازمت' انعامی بانڈ۔ ہر قسم کی انعامی سکیموں میں کامیابی تسخیر محبوب و دشمن' جادو ٹونہ' سایہ آسیب سے نجات' حصول عہدہ' دولت' ارزق ترقی کاروبار' گھریلو خوشحالی' امتحان میں کامیابی' حصول روزگار' امراض کا خاتمہ کینسر' شوگر' بواسیر خونی و بادی وغیرہ' ہر کام میں خیر و برکت دست غیب' بری عادات کا خاتمہ ہر جگہ عزت و شہرت میں اضافہ تسخیر افسران و خلقت' اولاد تابعدار ہوں ہر جگہ فتح مندی' بیرون ملک' بیوی کی محبت کے لیے' شوہر کی محبت کے لیے' سفر میں رکاوٹ کا خاتمہ' مقدمہ میں کامیابی کے علاوہ ہر پریشانی' مشکل کے حل کے لیے مندرجہ ذیل طلسم بادشاہی بنا کر پاس رکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

یاغنی	یالطیف	یابدوح	یاوہاب
یاوہاب	یابدوح	یالطیف	یاغنی
یالطیف	یاغنی	یاوہاب	یابدوح
یابدوح	یاوہابؔ	یاغنی	یالطیف

یامیکائیل

شمکائیل — قولہ — شنقیائیل — الحق — کھیعص — حمعسق — اسرافیل — یا عزرائیل

پشت پر یہ لکھیں

بھالف بھالف بھالف بھالف — فوکہ — الحق

تلسائیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم طقیائیل

مسللھم ۱۱۱۸۳ عہ ۲۹۳۱۱-ی ی ی
فقلسح سطھیاک وطمعلم
الف الف الف الف الف الف
ل ل ل ل ل ع ع ع
۱۱۱۱آ#طاھاعاع س س س یا یا یا
اعلطھلنھا ۱۱۲۷۔ب ب ب۔۳۸۷-۹۹۹۱

باجزائیل یا ربطائیل یا عزرائیل یا تنکفائیل

کر ر ر الم المیم کھیعص

ک ک ک ک — لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ — الف الف الف

وسمائیل — اکتر الم المیم ۱۱۱۱ — عقعائیل

نام بمعہ والدہ و مقصد یہاں لکھیں

وکفٰی باللہ شھیداً محمد رسول اللہ

اوقات:

اس طلسم بادشاہی کو آپ شرف و اوج زہرہ' مشتری' شمس' عطارد' قمر' مریخ' نوروز کے علاوہ نوچندی جمعرات' پیر' جمعہ' بدھ اور نوچندی اتوار کے دن صبح پہلی ساعت میں لکھ سکتے ہیں۔

ترکیب لکھنے و استعمال کی: عامل علیحدہ پاک وصاف کمرے میں بیٹھ کر لکھے اور اگر بتیاں بھی سلگائیں تاکہ کمرہ خوشبو سے مہک جائے۔ سونے' چاندی یا سنہری کاغذ پر طلسم بادشاہی لکھیں۔ پھر اس پر سورۃ اخلاص ۴۱ بار' درود شریف ۱۰۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح ۱۱ روز کریں۔ ۱۱ویں روز کسی غریب کو یا مسجد میں ۱۰۱ روپے دیں۔ اور طلسم بادشاہی جیب' بازو یا گلے میں ڈال لیں۔ لیکن پڑا یا کپڑا ہونا شرط ہے۔ چاندی کے لاکٹ میں ڈال کر پہن سکتے ہیں۔ اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو ادارہ راہنمائے عملیات سے رجوع کریں۔ اس طلسم بادشاہی کو وہی تیار کریں جو سورۃ اخلاص کا عامل ہو۔

خواص حرف "ن"

حروف ابجد قمری میں حرف "ن" ہے جو کہ چودھویں منزل سماک سے متعلق ہے اور اربعہ عناصر میں اس حرف کو خاک سے تعلق ہے۔ اس کا مزاج سرد اور خشک ہے۔ اس لیے اس کو خاکی حرف کہتے ہیں۔ اس حرف "ن" کی ہر سہ اقسام مندرجہ ذیل ہیں۔

1-عدد رقمی: ۵۰۔ 2-لفظی: ۱۰۶۔ 3-عدد عربی: ۷۶۰ ہیں۔ جس کی کل میزان ۹۱۶ بنتی ہے۔ اگر ان "۹۱۶" اعداد میں اپنا نام بمعہ والدہ کا نام ملا کر ایک

نقش مربع اس وقت پُر کریں کہ جب قمر اس منزل سماک میں ہو تو یہ نقش مال و دولت کے لیے زود اثر ثابت ہوگا۔

اسی طرح اگر کسی کو پیٹ میں درد یا درد قولنج ہو یا مسلسل رہتی ہو تو پھر اس حرف "ن" کو انگشتری کے نگینے میں اس کی منزل میں کندہ کروا دیں اور اس کی عزیمت نگینہ کے اندر لکھ کر رکھ دیں تو یہ انگشتری اس کے لیے طلسمی اثر رکھے گی۔ اور اسی طرح اگر کسی شخص کو مال و دولت اور اناج کی حفاظت درکار ہو اور وہ چاہے کہ اس کا مال و دولت اور اناج چوروں اور ڈاکوں سے محفوظ رہے تو اس کو چاہیے کہ اس حرف "ن" کو مع عزیمت کے کوری ٹھیکری پر لکھ کر مطلوبہ چیز میں رکھ دیں۔ مثلاً مال و دولت ہو تو صندوق یا الماری میں جہاں رقم موجود ہو رکھیں۔ اسی طرح اگر غلہ کی حفاظت درکار ہو تو گودام وغیرہ میں رکھیں انشاء اللہ وہ مال و دولت محفوظ رہے گی۔ نیز جو لوگ اس حرف "ن" کا چلہ کھینچتے ہیں یہ موکل صغریائیل اُن کے قبضہ میں آتا ہے اور وہ خود حاضر ہوتا ہے جس سے دینی و دنیوی امور کے کام لیے جا سکتے ہیں۔ عزیمت اس کی یہ ہے۔

"اجب یا ایها الملك صغریائیل بحق سلسلة شهغع سرویح مردفع مهلیش مغجم یاه یهوه نور الانوار اجب وتوكل العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا بارك الله فیك و علیك۔

حرف "ن" کی مثلث مندرجہ ذیل ہے

وہ اس طرح کہ اگر حرف "ن" کے رقمی، لفظی، عددی کے اعداد جن کا مجموعہ ۹۱۶ بنتا ہے۔ اگر اس مجموعہ میں سے ۱۲ عدد کم کر کے اور ۳ پر تقسیم کر دیں تو ۳۰۱ آئے گا اور کسر 1 باقی رہے گا پھر اس کو ورق نقرہ یا پارچہ سفید پر مشک و زعفران کے محلول سے اس نقش کو لکھے اور مثلث کے چاروں طرف چالیس مرتبہ حرف "ن" لکھے۔ جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا وہ ہمیشہ آسودہ حال رہے گا اور عوام اس کی طرف خود بخود رجوع کریں گے۔ نقش اس کا یہ ہے۔

چال

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

نقش یہ ہے:-

ن ن ن ن ن ن ن ن ن ن

۳۰۴	۳۱۰	۳۰۲
۳۰۳	۳۰۵	۳۰۸
۳۰۹	۳۰۱	۳۰۶

ن ن ن ن ن ن ن ن ن ن

اسی طرح اگر کوئی کینسر یا شوگر کا مریض ہو تو ۵۰ مرتبہ سفید کاغذ پر حرف "نٓ" لکھے پھر حروف کے بعد یہ لکھے فلاں بن فلاں کو کینسر یا شوگر سے فوراً نجات حاصل ہو، یہ لکھ کر اس پر ۷۰ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیں۔ اور یہ مریض کو پلا دیں۔ اسی طرح چالیس روز کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

اگر کسی حاسد دشمن نے آپ کی زمین کو قبضہ میں کر رکھا ہو تو رات کو جب دنیا سو جائے تو وضو کر کے منہ شمال کی طرف کر کے حرف "ن" کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ لیکن ہر ۱۰۰ کے بعد یہ پڑھیں **"اجب یا صغریائیل بحق یا نـــون"** ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پھر "ن" کا ورد شروع کر دیں۔ اسی طرح ۲۱ رات کھڑے ہو کر پڑھا کریں۔ انشاء اللہ حاسد دشمن خود آ کر آپ سے معافی بھی مانگے گا اور زمین بھی آپ کو مل جائے گی۔ زبردست و مجرب عمل ہے۔ اجازت و آزمائش شرط ہے۔

اگر کسی کی شادی نہ ہو رہی ہو یا کسی دشمن نے جادو ٹونہ کر رکھا ہو تو مندرجہ ذیل نقش زعفران سے لکھ کر پاس رکھے اور نماز عشاء کے بعد یا معطی یا کریم ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ۱۱ روز میں آپ کا مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۲

یا صغریائیل — یا صغریائیل

نون	نون	نون	نون
نون	نون	نون	نون
نون	نون	نون	نون
نون	نون	نون	نون

یا معطی یا کریم — یا معطی یا کریم

یا وهاب

نوٹ: آئندہ ماہ راہنمائے عملیات میں فسٹ اوپن معلوم کرنے کا فارمولہ پیش کروں گا۔ آئندہ شمارہ لازمی خریدیں۔ شکریہ۔

مادہ پرست جاپانیوں کے دل میں مذہبی روح

محمد عبدالرحمٰن صدیقی۔

